| ادرک | ایک انچ کا ٹکڑا | پیاز | ایک عدد | سویا ساس | ایک کھانے کا چمچ | | |
| سفید مرچ پسی ہوئی | آدھا چائے کا چمچ | گاجر | ایک عدد | چلی ساس | دو کھانے کے چمچ | | |

## ترکیب

- مچھلی کے قتلوں کو صاف دھو کر خشک کرلیں اور اس پر نمک، سفید مرچ، میدہ اور انڈا ڈال کر اچھی طرح ملا لیں
- فرائینگ پین میں ڈالڈا کنولا آئل کو گرم کریں اور ان قتلوں کو سنہری فرائی کرکے نکال لیں
- پھر اسی فرائینگ پین میں تین سے چار کھانے کے چمچ ڈالڈا کنولا آئل ڈال کر اس میں باریک کٹی ہوئی ادرک کو فرائی کریں اور باریک کٹی ہوئی پیاز، گاجر اور ہری پیاز ڈال کر فرائی کریں
- تین سے چار منٹ بعد اس میں نمک، سفید مرچ، سرکہ، سویا ساس اور چلی ساس ڈال کر ملائیں اور آدھی پیالی پانی شامل کردیں
- جب ابال آنے لگے تو دو چمچ سادے پانی میں کارن فلار کو گھول کر اس میں شامل کردیں
- ساس ہلکا سا گاڑھا ہو جائے تو اس میں فرائی کی ہوئی مچھلی ڈال کر دو سے تین منٹ پکا کر چولہے سے اتار لیں

**پریزنٹیشن** اس مزیدار مچھلی کا گارلک بریڈ کے ساتھ لطف اٹھائیں۔

تیاری کا وقت: پندرہ سے بیس منٹ | پکانے کا وقت: آدھا گھنٹہ | افراد: تین سے چار کے لئے



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more





صحت کا خزانہ

# ہاٹ اینڈ سار سوپ

## اجزاء

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چکن بریسٹ | ایک عدد | تازہ لال مرچیں | تین سے چار عدد | شہد / براؤن شوگر | ایک چائے کا چمچ | ڈالڈا کوکنگ آئل | دو سے تین کھانے کے چمچ |
| نمک | حسب ذائقہ | سفید مرچ پسی ہوئی | آدھا چائے کا چمچ | یخنی | چار پیالی | | |
| لہسن کے جوئے | دو سے تین عدد | سویا ساس | تین کھانے کے چمچ | انڈا | ایک عدد | | |
| ادرک | ایک انچ کا ٹکڑا | سرکہ | تین کھانے کے چمچ | ٹماٹو کیچپ | چار کھانے کے چمچ | | |

## ترکیب

- ادرک، لہسن اور لال مرچوں کو چوپ کرلیں اور چکن بریسٹ کو دھو کر اس کی چھوٹی بوٹیاں کاٹ لیں
- پین میں ڈالڈا کوکنگ آئل کو گرم کر کے اس میں چکن کو سنہری ہونے تک فرائی کرلیں، پھر اس میں پسی ہوئی مرچوں کا پیسٹ ڈال کر فرائی کریں
- ایک پیالی میں، سویا ساس، سرکہ، نمک، سفید مرچ اور شہد ملالیں اور مرچیں فرائی ہونے کے بعد یہ مکسچر اس میں ڈال دیں
- گرم یخنی اور ٹماٹو کیچپ شامل کر کے پانچ سے سات منٹ درمیانی آنچ پر پکائیں اور چولہے سے اتار لیں
- سوپ میں ایک منٹ تک تیزی سے چمچ چلائیں پھر آہستہ آہستہ پھینٹا ہوا انڈا شامل کردیں
- دوبارہ سے چولہے پر رکھ کر ایک سے دو منٹ گرم کرلیں

**پریزنٹیشن** گرم گرم پیالے میں نکال کر کروٹن (سنہری فرائی کئے ہوئے ڈبل روٹی کے چھوٹے ٹکڑے) کے ساتھ پیش کریں۔

تیاری کا وقت: پندرہ سے بیس منٹ | پکانے کا وقت: پندرہ سے بیس منٹ | افراد: چار سے پانچ کے لئے



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more





صحت کا خزانہ

# اسٹفڈ کیپسیکم (Stuffed Capsicum)

## اجزاء

| | |
|---|---|
| شملہ مرچیں | تین سے چار عدد |
| مچھلی | دو قتلے |
| نمک | حسب ذائقہ |
| لہسن پسا ہوا | ایک چائے کا چمچ |
| کالی مرچ پسی ہوئی | آدھا چائے کا چمچ |
| میدہ | ایک کھانے کا چمچ |
| مارجرین یا مکھن | ایک کھانے کا چمچ |
| ڈالڈا کوکنگ آئل | دو کھانے کے چمچ |

## ترکیب

- مچھلی کو صاف دھو کر اس کے چھوٹے ٹکڑے کر لیں، شملہ مرچ کو درمیان سے دو ٹکڑوں میں کاٹ کر بیج نکال لیں
- فرائنگ پین میں مارجرین یا مکھن کو ہلکا سا پگھلا کر اس میں لہسن کو فرائی کریں پھر مچھلی ڈال کر فرائی کرتے ہوئے اس پر نمک، کالی مرچ اور میدہ چھڑک دیں
- اچھی طرح فرائی کر کے چولہے سے اتار لیں اور شملہ مرچ میں اس آمیزے کو بھر دیں
- شملہ مرچ پر برش کی مدد سے ڈالڈا کوکنگ آئل لگائیں اور گرم کئے ہوئے اوون میں 180C پر پانچ سے سات منٹ کے لئے گرل کر لیں

**پریزنٹیشن** اوون سے نکال کر ان مرچوں کو اسٹارٹر کے طور پر گرم گرم پیش کریں۔

تیاری کا وقت: پانچ سے سات منٹ | پکانے کا وقت: پندرہ سے بیس منٹ | افراد: تین سے چار کے لئے



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more






# فش لولی پفس

## اجزاء

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مچھلی | آدھا کلو | نمک | حسب ذائقہ | کٹی ہوئی لال مرچ | ایک چائے کا چمچ | ڈالڈا کوکنگ آئل | حسب ضرورت |
| سموسے کی پٹیاں | حسب ضرورت | لہسن پسا ہوا | ایک چائے کا چمچ | چلی ساس | دو کھانے کے چمچ | | |

## ترکیب

- مچھلی کو دھو کر اس کی دو انچ کی چوکور بوٹیاں کاٹ لیں اور انھیں نمک، لہسن، لال مرچ اور چلی ساس کے ساتھ میرینیٹ کرلیں
- سموسے کی پٹیوں کو ایک انچ چوڑا کاٹ لیں اور مچھلی کی بوٹیوں پر لپیٹ دیں
- لکڑی کی چھوٹی سیخوں کو گرم پانی میں ڈبو کر اسے مچھلی کی بوٹیوں میں لگا دیں
- کڑاہی میں ڈالڈا کوکنگ آئل کو درمیانی آنچ پر گرم کرکے احتیاط سے سیخوں سے پکڑ کر سنہری فرائی کرلیں

**پریزنٹیشن** شام کی چائے پر بچوں کو یہ مزیدار اسکو میش پوٹیٹو کے ساتھ سرو کریں۔

تیاری کا وقت: پندرہ سے بیس منٹ | فرائنگ کا وقت: دس سے پندرہ منٹ | تعداد: پندرہ سے بیس عدد



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more





کڈز اسپیشل

# ایپل پائی بریڈ

## اجزاء

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میدہ | دو پیالی | چینی | دو کھانے کے چمچ | دار چینی پاؤڈر | آدھا چائے کا چمچ | مارجرین یا مکھن | حسب ضرورت |
| نمک | حسب ذائقہ | انڈا | ایک عدد | براؤن شوگر | تین کھانے کے چمچ | | |
| خشک خمیر | دو چائے کے چمچ | خشک دودھ کا پاؤڈر | دو کھانے کے چمچ | دودھ | ایک چوتھائی پیالی | | |

## ترکیب

- میدے میں نمک، خمیر، چینی، انڈا، خشک دودھ اور دو کھانے کے چمچ مارجرین یا مکھن ڈال کر ملا لیں۔ پھر نیم گرم دودھ سے گوندھ لیں (اگر ضرورت محسوس کریں تو تھوڑا سا پانی استعمال کر لیں)
- اسے گرم جگہ پر ڈھک کر رکھ دیں، جب پندرہ سے بیس منٹ بعد پھول جائے تو اسے دوبارہ گوندھ کر اس کی ایک چوتھائی انچ موٹی چپاتی بیل لیں
- چپاتی پر تین کھانے کے چمچ مارجرین یا مکھن پھیلا کر لگائیں اور اس پر چار کھانے کے چمچ براؤن شوگر اور دار چینی چھڑک دیں
- پھر اس کی فلنگ تیار کر لیں: آدھا کلو سخت سیب کو چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹ کر ان پر ایک لیموں کا رس، چار کھانے کے چمچ چینی، آدھا چائے کا چمچ پسی ہوئی دار چینی اور ایک کھانے کا چمچ مارجرین یا مکھن ڈال کر ملائیں۔ درمیانی آنچ پر پکا کر اس کا پانی خشک کر لیں
- فلنگ کو ٹھنڈی کر کے تیار کی ہوئی چپاتی پر پھیلا کر ڈال دیں اور چپاتی کو دونوں طرف سے اٹھا کر رول کر لیں
- ڈبل روٹی بنانے والے ٹن کو چکنا کر کے اس پر خشک میدہ چھڑک لیں اور رول کو احتیاط سے اٹھا کر اس میں رکھ دیں۔ کچن ٹاول سے ڈھک کر دس سے پندرہ منٹ رکھیں
- پھر گرم کئے ہوئے اوون میں 200°C پر بیس سے پچیس منٹ کے لئے بیک کر لیں

**پریزنٹیشن** گرم گرم بریڈ کو اوون سے نکال کر سلائسز کاٹ کر پیش کریں۔

تیاری کا وقت: ایک گھنٹہ | بیک کرنے کا وقت: بیس سے پچیس منٹ | افراد: چھ سے آٹھ کے لئے



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more





رسیٹورنٹ اسپیشل

# ہاٹ ساس ویجی ود فش فرائیڈ رائس

## اجزاء

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چاول | آدھا کلو | ٹماٹر | چھ سے آٹھ عدد | کٹی ہوئی لال مرچ | ایک کھانے کا چمچ | چلی ساس | چار کھانے کے چمچ |
| شملہ مرچ | دو عدد | نمک | حسب ذائقہ | سرکہ | دو کھانے کے چمچ | براؤن شوگر | ایک چائے کا چمچ |
| پیاز | دو عدد | لہسن کے جوئے | تین سے چار عدد | سویا ساس | دو کھانے کے چمچ | ڈالڈا کوکنگ آئل | چار کھانے کے چمچ |

## ترکیب

- پیاز اور شملہ مرچ کے چھوٹے چوکور ٹکڑے کاٹ لیں، تین ٹماٹر کے بیج نکال کر ان کے بھی چوکور ٹکڑے کر لیں
- بقیہ ٹماٹر کو بلینڈر میں ڈال کر آدھی پیالی پانی یا یخنی کے ساتھ بلینڈ کر لیں
- پین میں دو کھانے کے چمچ **ڈالڈا کوکنگ آئل** میں چوپ کیے ہوا لہسن اور لال مرچوں کو فرائی کریں اور اس میں بلینڈ کیے ہوئے ٹماٹر ڈال دیں
- پانچ سے سات منٹ پکانے کے بعد اس میں کٹی ہوئی سبزیوں کو **ڈالڈا کوکنگ آئل** میں ہلکا سا فرائی کر کے شامل کر دیں
- آخر میں اس میں نمک، سویا ساس، سرکہ، چلی ساس اور براؤن شوگر ڈال کر دو سے تین منٹ پکائیں اور چولہے سے اتار لیں

### فش فرائیڈ رائس بنانے کے لئے:

200 گرام فنگر فش کو ایک کھانے کا چمچ سرکہ اور ایک کھانے کا چمچ کٹی ہوئی لال مرچ لگا کر رکھیں، پھر اس پر ہلکا سا میدہ چھڑک کر اسے دو کھانے کے چمچ **ڈالڈا کوکنگ آئل** میں فرائی کر لیں۔ پین میں چار کھانے کے چمچ **ڈالڈا کوکنگ آئل** میں ایک کھانے کا چمچ چوپ کیا ہوا لہسن فرائی کریں، پھر اس میں ڈھائی پیالی ابلے ہوئے ٹھنڈے کیے ہوئے چاول ڈال کر دو چمچ کی مدد سے فرائی کریں۔ اس میں باریک کٹی ہوئی ہری پیاز، گاجر، دو کھانے کے چمچ سرکہ اور سویا ساس ڈال کر اچھی طرح فرائی کریں اور آخر میں فرائی کی ہوئی مچھلی ڈال کر اچھی طرح ملا کر چولہے سے اتار لیں۔

**پریزنٹیشن** گرم گرم ڈش میں نکال کر فش فرائیڈ رائس کے ساتھ پیش کریں۔

تیاری کا وقت: پندرہ سے بیس منٹ | پکانے کا وقت: پندرہ سے بیس منٹ | افراد: تین سے چار کے لئے



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more





ریسٹورنٹ اسپیشل

# پارٹی سینڈوچ لوف

## اجزاء

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈبل روٹی | ایک عدد بڑی | بھنا ہوا قیمہ | ڈیڑھ پیالی | مسٹرڈ پیسٹ | ایک چائے کا چمچ | کریم چیز | ایک پیالی |
| چکن بریسٹ | ایک عدد | انڈے | تین سے چار عدد | زیتون | حسب پسند | مایونیز | دو پیالی |
| لہسن پسا ہوا | ایک چائے کا چمچ | کالی مرچ گدری پسی ہوئی ایک چائے کا چمچ | | ہری چٹنی | حسب ضرورت | مارجرین یا مکھن | حسب ضرورت |

## ترکیب

- ثابت (بغیر کٹی ہوئی) ڈبل روٹی کی لمبائی کے رخ پر سلائسز کاٹ لیں اور ان پر مارجرین لگا کر پلاسٹک میں لپیٹ کر رکھ دیں
- چکن بریسٹ کر دھو کر کٹ لگالیں اور اس پر نمک لہسن اور کالی مرچ لگا کر رکھ دیں
- گرل پین کو آٹھ سے دس منٹ گرم کریں پھر اس پر ماجرین یا مکھن ڈال کر چکن بریسٹ کو دونوں طرف سے تیز آنچ پر گرل کرلیں۔ سنہری ہونے پر گرل سے ہٹا کر چکن کے ریشے کرلیں
- مایونیز اور کریم چیز کو ملا لیں اور دو حصے کرلیں ایک حصے میں مسٹرڈ پیسٹ شامل کرلیں اور اس پیسٹ کو مارجرین لگی ہوئی سلائسز پر لگالیں
- اب سلائسز پر باری باری بھنا ہوا قیمہ اور چکن ڈالتے جائیں (پسند کریں تو درمیان میں باریک کٹے ہوئے کھیرے اور ٹماٹر بھی شامل کیے جاسکتے ہیں) تمام سلائسز کو ایک ساتھ کر کے سرونگ ٹرے میں رکھ دیں
- اوپر سے مایونیز اور کریم چیز ملے ہوئے پیسٹ سے کور کردیں

**پریزنٹیشن** کٹے ہوئے زیتون اور ابلے ہوئے انڈے سے سجالیں اور ٹھنڈا کر کے بچوں کی پارٹی میں پیش کریں۔

تیاری کا وقت: آدھا گھنٹہ | بنانے کا وقت: آدھا گھنٹہ | افراد: سات سے آٹھ کے لئے



WWW.PAKSOCIETY.COM
READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | f PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more



# بیف مشروم آملیٹ

### اجزاء

| | | | |
|---|---|---|---|
| چکن | 200 گرام | یخنی | تین سے چار پیالی |
| میکرونی (ابلی ہوئی) | ایک پیالی | میدہ | دو سے تین کھانے کے چمچ |
| نمک | حسب ذائقہ | سرکہ | ایک کھانے کا چمچ |
| کالی مرچ پسی ہوئی | ایک چائے کا چمچ | ٹماٹر کا پیسٹ | دو کھانے کے چمچ |
| پیاز | ایک عدد | ٹماٹو کیچپ | دو کھانے کے چمچ |
| گاجر | ایک عدد | فریش کریم | دو کھانے کے چمچ |
| مشرومز | تین سے چار عدد | مارجرین یا مکھن | دو کھانے کے چمچ |
| دودھ | ایک پیالی | ڈالڈا کوکنگ آئل | ایک کھانے کا چمچ |

### ترکیب

- پین میں ڈالڈا کوکنگ آئل اور مارجرین یا مکھن ڈال کر ہلکا سا گرم کریں اور اس میں باریک چوپ کی ہوئی پیاز اور گاجر کو فرائی کریں
- پیاز نرم ہونے پر آجائے تو اس میں چھوٹی بوٹیاں کی ہوئی چکن اور نمک ڈال پانچ سے سات منٹ فرائی کریں۔ پھر میدہ ڈال کر بھونیں
- یخنی اور دودھ کو تھوڑا تھوڑا کر کے چمچ چلاتے ہوئے شامل کرلیں۔ ہلکی آنچ پر پکاتے ہوئے جب سوپ گاڑھا ہونے پر آجائے تو اس میں ٹماٹر کا پیسٹ، سرکہ، ٹماٹو کیچپ، باریک کٹے ہوئے مشرومز اور کالی مرچ ڈال کر دو سے تین منٹ پکائیں
- ابلی ہوئی میکرونی ڈال کر اچھی طرح ملائیں اور چولہے سے اتار لیں

**پریزنٹیشن** گرم گرم سوپ کو پیالوں میں نکال کر اوپر سے پھینٹی ہوئی فریش کریم ڈال کر پیش کریں۔



تیاری کا وقت: آدھا گھنٹہ | پکانے کا وقت: بیس سے پچیس منٹ | افراد: چار سے چھ کے لئے

# چکن نوڈلز سوپ

### اجزاء

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہنٹر بیف | 100 گرام | کالی مرچ گدری پسی ہوئی | ایک چائے کا چمچ |
| انڈے | چار عدد | خشک پارسلے | حسب پسند |
| مشرومز | چار سے چھ عدد | ڈالڈا کوکنگ آئل | حسب ضرورت |
| نمک | حسب ذائقہ | | |

### ترکیب

- ہنٹر بیف کے چھوٹے ٹکڑے کرلیں، مشرومز کو باریک کاٹ لیں
- انڈوں کو بڑے پیالے میں پھینٹ کر اس میں نمک، کالی مرچ اور پارسلے ملالیں۔ اس مکسچر کو دو حصوں میں کر کے رکھ لیں
- فرائنگ پین میں دو سے تین کھانے کے چمچ ڈالڈا کوکنگ آئل ڈال کر گرم کریں اور اس میں پھینٹے ہوئے انڈے کو ڈال دیں
- درمیانی آنچ پر دو سے تین منٹ پکانے کے بعد اسے پلٹ دیں اور اس پر مشروم اور بیف پھیلا کر ڈال دیں
- پھر انڈے کے آمیزے کا دوسرا حصہ اس کے اوپر ڈال دیں، دو منٹ فرائی ہونے کے بعد احتیاط سے پلٹ کر دوسری طرف سے بھی سنہرا فرائی کرلیں

**پریزنٹیشن** چاہیں تو پلیٹ میں نکالتے ہوئے اس پر چیز کی سلائس رکھ دیں اور سنکے ہوئے ڈبل روٹی کے توس کے ساتھ اس مزیدار ناشتے کو انجوائے کریں۔

تیاری کا وقت: دس سے پندرہ منٹ | فرائنگ کا وقت: پانچ سے سات منٹ | افراد: دو سے تین کے لئے





READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more





# چکن رائس ود چلی پائن ایپل

## اجزاء

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چکن | آدھا کلو | کچلا ہوا لہسن | ایک کھانے کا چمچ | ہری پیاز | دو عدد | چلی ساس | چار کھانے کے چمچ |
| چاول | ڈھائی پیالی | سفید مرچ پسی ہوئی | ایک چائے کا چمچ | گاجر | دو عدد | ڈالڈا کوکنگ آئل | چار کھانے کے چمچ |
| انناس | چار سے پانچ قتلے | چینی | ایک چائے کا چمچ | سرکہ | دو کھانے کے چمچ | | |
| نمک | حسب ذائقہ | انڈے | تین عدد | سویا ساس | چار کھانے کے چمچ | | |

## ترکیب

- چاولوں کو نمک ملے پانی میں ابال کر چھان لیں اور پھیلا کر فریج میں رکھ کر ٹھنڈے کر لیں
- گاجر اور ہری پیاز کو باریک کاٹ لیں، چکن کے لیگ پیس لے کر انھیں ہلکا سا ابال لیں اور گوشت کو ہڈیوں سے علیحدہ کر لیں (ہڈیوں کو مکمل گلا کر آدھی پیالی یخنی تیار کر لیں) اور باریک کاٹ لیں
- انڈوں کو پھینٹ کر ان میں نمک اور چٹکی بھر سفید مرچ ملا کر رکھ لیں
- پھیلی ہوئی کڑاہی میں ڈالڈا کوکنگ آئل میں لہسن کو ہلکا سا فرائی کریں اور اس میں نمک اور سفید مرچ کے ساتھ چکن کو تین سے چار منٹ فرائی کر لیں
- یخنی اور چلی ساس ڈال کر چار سے پانچ منٹ پکا لیں پھر اس میں چاول اور انناس کے چھوٹے کٹے ہوئے ٹکڑے ڈال کر دو چمچ کی مدد سے اچھی طرح گرم ہونے تک فرائی کریں
- آخر میں کٹی ہوئی سبزیاں، انڈے اور چینی ڈال کر فرائی کریں اور سرکہ اور سویا ساس چھڑکتے ہوئے چولہے سے اتار لیں

**پریزنٹیشن** گرم گرم ڈش میں نکال کر اسی وقت گرم گرم پیش کریں۔

تیاری کا وقت: آدھا گھنٹہ | پکانے کا وقت: پندرہ سے بیس منٹ | افراد: چار سے پانچ کے لئے



WWW.PAKSOCIETY.COM
READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more





# کرسپی چکن فنگرز

## اجزاء

| | |
|---|---|
| چکن بریسٹ | 200 گرام |
| نمک | حسب ذائقہ |
| ادرک لہسن پسا ہوا | ایک چائے کا چمچ |
| کٹی ہوئی لال مرچ | ایک چائے کا چمچ |
| چلی ساس | دو کھانے کے چمچ |
| کالی مرچ گدری پسی ہوئی | آدھا چائے کا چمچ |
| خشک پارسلے | آدھا چائے کا چمچ |
| میدہ | تین چوتھائی پیالی |
| چاول کا آٹا | آدھی پیالی |
| ڈالڈا کوکنگ آئل | حسب ضرورت |

تیاری کا وقت: آدھا گھنٹہ

فرائینگ کا وقت: دس سے پندرہ منٹ

افراد: تین سے چار کے لئے

## ترکیب

- چکن بریسٹ کو صاف دھو کر دس سے پندرہ منٹ کے لئے فریزر میں رکھ دیں پھر اس کی باریک اسٹرپس کاٹ لیں
- ایک پیالے میں نمک، ادرک لہسن، لال مرچ اور چلی ساس ڈال کر ملائیں اور اس میں چکن کو میرینیٹ کر کے رکھ دیں
- میدہ اور چاول کا آٹا ملا کر اس میں نمک، کالی مرچ اور پارسلے ڈالیں اور تھوڑا تھوڑا ٹھنڈا پانی ڈالتے ہوئے گاڑھا سا آمیزہ بنالیں
- کڑاہی میں ڈالڈا کوکنگ آئل کو گرم کریں اور چکن فنگرز کو میدے کے آمیزے میں ڈبوتے ہوئے سنہرے فرائی کرلیں

**پریزنٹیشن** گرم گرم کرسپی چکن فنگرز کو مسٹرڈ مایو کے ساتھ پیش کریں۔



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more



# دال مرغ کڑاہی

## اجزاء

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چکن | آدھا کلو | لہسن کے جوئے | چار سے چھ عدد | پسی ہوئی لال مرچ | ایک کھانے کا چمچ | کٹی ہوئی کالی مرچ | آدھا چائے کا چمچ |
| چنے کی دال | آدھی پیالی | پیاز | ایک عدد | ہلدی | آدھا چائے کا چمچ | بڑی ہری مرچیں | تین سے چار عدد |
| نمک | حسب ذائقہ | ٹماٹر | تین سے چار عدد | سفید زیرہ | ایک چائے کا چمچ | ہرادھنیا | آدھی گٹھی |
| ادرک | دو انچ کا ٹکڑا | دہی | دو کھانے کے چمچ | میتھی دانہ | چند دانے | ڈالڈا VTF بناسپتی | چار کھانے کے چمچ |

## ترکیب

- چنے کی دال کو دھو کر پندرہ سے بیس منٹ گرم پانی میں بھگو کر رکھ دیں، پھر اس میں ہلدی اور ایک چائے کا چمچ ڈالڈا VTF بناسپتی ڈال کر ابال لیں
- کڑاہی میں ڈالڈا VTF بناسپتی ڈال کر اس میں میتھی دانہ اور زیرہ ڈال کر کڑکڑا لیں، پھر اس میں باریک کٹی ہوئی پیاز کو ہلکی سی نرم ہونے تک فرائی کریں
- پھر کچلا ہوا لہسن (چار کھانے کے چمچ پانی کے ساتھ) اور ثابت ٹماٹر ڈال کر ڈھک دیں
- جب ٹماٹر ادھ گلے ہو جائیں تو اس میں نمک اور لال مرچ ڈال دیں اور اتنی دیر بھونیں کہ ٹماٹر کا پیسٹ بن جائے
- چکن کو صاف دھو کر کڑاہی میں ڈال دیں اور تیز آنچ پر اتنی دیر بھونیں کہ گھی علیحدہ ہو جائے
- پھر اس میں دہی کو ایک چوتھائی پیالی پانی کے ساتھ پھینٹ کر ڈالیں اور ڈھک کر ہلکی آنچ پر رکھ دیں
- جب چکن گلنے پر آجائے اور دال مکمل طور پر گل جائے تو دونوں کو ملا لیں اور ہری مرچیں، باریک کٹی ہوئی ادرک، ہرا دھنیا اور کالی مرچ ڈال کر پانچ سے سات منٹ دم پر رکھ دیں

**پریزنٹیشن** اس منفرد کڑاہی کو ڈش میں گرم گرم نکال کر نان یا روٹی کے ساتھ پیش کریں۔

تیاری کا وقت: آدھا گھنٹہ | پکانے کا وقت: آدھا گھنٹہ | افراد: تین سے چار کے لئے



WWW.PAKSOCIETY.COM
READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more



# گاٹھیئے کی سبزی



تیاری کا وقت: دس سے پندرہ منٹ | پکانے کا وقت: پندرہ سے بیس منٹ | افراد: تین سے چار کے لئے

## اجزاء

| | | | |
|---|---|---|---|
| گاٹھیئے (نمکو والے) | دو پیالی | ہلدی پسی ہوئی | آدھا چائے کا چمچ |
| نمک | حسب ذائقہ | ٹماٹر | تین عدد درمیانے |
| لہسن | دو سے تین جوئے | ہری مرچیں | دو سے تین عدد |
| پیاز | ایک عدد درمیانی | ہرا دھنیا | آدھی گٹھی |
| لال مرچ پسی ہوئی | ایک چائے کا چمچ | ڈالڈا کوکنگ آئل | آدھی پیالی |

## ترکیب

- لہسن، پیاز اور ٹماٹر کو باریک کاٹ لیں، ہرا دھنیا اور ہری مرچوں کو بھی باریک کاٹ کر رکھ لیں۔
- پین میں ڈالڈا کوکنگ آئل کو درمیانی آنچ پر دو سے تین منٹ گرم کریں اور پیاز کو ہلکا سا نرم ہونے تک فرائی کریں۔
- لہسن ڈال کر ایک منٹ فرائی کریں، پھر ہلدی، نمک، لال مرچ اور ٹماٹر ڈال دیں۔ اتنی دیر بھونیں کہ ٹماٹر اچھی طرح گل جائیں۔
- گاٹھیے ڈال کر ہلکا سا پانی کا چھینٹا دیں اور دو سے تین منٹ دم پر رکھ کر اتار لیں۔

**پریزنٹیشن** اس مختلف اور جھٹ پٹ بننے والی ڈش کو گھر کے بنے ہوئے پھلکوں کے ساتھ دوپہر کے کھانے پر پیش کریں۔

# چکن رول ود پزا ساس

تیاری کا وقت: آدھا گھنٹہ | پکانے کا وقت: پینتیس سے چالیس منٹ | تعداد: چھ سے سات عدد



## اجزاء

| | | | |
|---|---|---|---|
| چکن | آدھا کلو | ٹماٹر | چھ سے آٹھ عدد |
| نمک | حسب ذائقہ | پیاز | ایک عدد |
| ادرک لہسن پسا ہوا | ایک کھانے کا چمچ | اجوائن | آدھا چائے کا چمچ |
| لہسن کے جوئے | دو عدد | تھائم | آدھا چائے کا چمچ |
| کٹی ہوئی لال مرچ | دو کھانے کے چمچ | چیڈر چیز | آدھی پیالی |
| اورنج جوس | دو سے تین کھانے کے چمچ | ڈالڈا کوکنگ آئل | حسب ضرورت |

## ترکیب

- چکن کی ران کا بغیر ہڈی کا گوشت لے کر اس کی چھوٹی بوٹیاں کرلیں اور ان پر نمک، ادرک لہسن اور ایک کھانے کا چمچ لال مرچ لگا کر رکھ دیں
- فرائنگ پین میں دو کھانے کے چمچ ڈالڈا کوکنگ آئل ڈال کر گرم کریں اور اس میں چکن کو تیز آنچ پر فرائی کریں
- جب چکن سنہری ہونے پر آجائے تو اورنج جوس ڈال دیں، اور ڈھک کر ہلکی آنچ پر چار سے پانچ منٹ پکا کر چولہے سے اتار لیں
- دو پیالی سادہ آٹا اور ایک پیالی میدے میں چار کھانے کے چمچ ڈالڈا کوکنگ آئل، نمک اور ایک چائے کا چمچ چینی ڈال کر گوندھ لیں اور پراٹھے بنا کر ڈالڈا کوکنگ آئل ڈالتے ہوئے سنہری فرائی کرلیں
- پزا ساس بنانے کے لئے ٹماٹر کے سرے کاٹ کر ان پر کٹ لگائیں اور ابلتے ہوئے پانی میں تین سے چار منٹ پکا کر ٹھنڈے پانی میں ڈال دیں
- پھر چھلکا نکال کر ٹماٹر کو بلینڈ کرلیں، فرائنگ پین میں چار کھانے کے چمچ ڈالڈا کوکنگ آئل میں باریک چوپ کی ہوئی پیاز اور لہسن کو سنہری فرائی کریں اور اس میں کٹی ہوئی لال مرچ اور بلینڈ کیے ہوئے ٹماٹر ڈال کر تیز آنچ پر پکائیں
- جب تیل علیحدہ ہونے لگے تو نمک، اجوائن اور تھائم چھڑک کر چولہے سے اتار لیں اور اس میں کش کیا ہوا چیز شامل کردیں

**پریزنٹیشن** پراٹھوں پر پزا ساس لگا کر فرائی کی ہوئی چکن رکھ کر رول کرلیں اور گرم گرم مزیدار پراٹھوں کا لطف اٹھائیں۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more





# چکن تکہ گریوی

## اجزاء

| | |
|---|---|
| چکن (آٹھ ٹکڑوں میں کٹی ہوئی) | ایک کلو |
| نمک | حسب ذائقہ |
| ادرک لہسن پسا ہوا | دو کھانے کے چمچ |
| پسی ہوئی لال مرچ | ایک کھانے کا چمچ |
| سفید زیرہ (بھون کر پسا ہوا) | ایک کھانے کا چمچ |
| جائفل، جاوتری اور چھوٹی الائچی پسی ہوئی | ایک چائے کا چمچ |
| دہی | آدھی پیالی |
| زردے کا رنگ | آدھا چائے کا چمچ |
| لیموں کا رس | چار کھانے کے چمچ |
| **ڈالڈا کنولا آئل** | چار کھانے کے چمچ |

### گریوی کے اجزاء:

| | |
|---|---|
| ٹماٹر کا پیسٹ | آدھی پیالی |
| نمک | حسب ذائقہ |
| ادرک لہسن پسا ہوا | دو کھانے کے چمچ |
| پیاز | دو عدد |
| شملہ مرچ | ایک عدد |
| ہری مرچیں | پانچ سے چھ عدد |
| مکھن یا مارجرین | تین کھانے کے چمچ |
| ادرک باریک کٹی ہوئی | ایک کھانے کا چمچ |

## ترکیب

- چکن کے ٹکڑوں کو صاف دھو کر کٹ لگالیں، تمام اجزاء کو **ڈالڈا کنولا آئل** کے ساتھ ملالیں۔
- اس مکسچر کو چکن کے ٹکڑوں میں اچھی طرح لگا کر کم از کم ایک سے دو گھنٹوں کے لئے رکھ دیں۔
- اوون کو پندرہ سے بیس منٹ کے لئے 180°C ڈگری پر گرم کرلیں۔ مصالحے لگے تکوں کو اوون ٹرے میں رکھ کر دس منٹ کے لئے بیک کریں پھر پلٹ کر اتنی ہی دیر کے لئے بیک کرلیں (پلٹتے ہوئے ہلکا سا مکھن لگالیں)
- اس دوران گریوی کے تمام اجزاء کو ایک پیالی پانی ڈال کر پکنے رکھ دیں، جب گریوی گاڑھی ہونے لگے تو مارجرین یا مکھن ملالیں۔
- ابال آنے پر بیک کیے ہوئے چکن تکے ڈال کر ہلکی آنچ پر آٹھ سے دس منٹ کے لئے ڈھک کر دم پر رکھ دیں۔

**پریزنٹیشن** ڈش میں نکال کر ادرک چھڑک دیں اور نان کے ساتھ گرم گرم پیش کریں۔

تیاری کا وقت: پندرہ سے بیس منٹ | پکانے کا وقت: پینتیس سے چالیس منٹ | افراد: پانچ سے چھ کے لئے



WWW.PAKSOCIETY.COM
READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more





تیاری کا وقت: پندرہ سے بیس منٹ | گرل کرنے کا وقت: دس سے بارہ منٹ | افراد: تین سے چار کے لئے

# گرلڈ پزا کباب

## اجزاء

| | | | |
|---|---|---|---|
| چکن | آدھا کلو | کٹی ہوئی لال مرچ | ایک کھانے کا چمچ |
| نمک | حسب ذائقہ | پزا ساس | آدھی پیالی |
| پسا ہوا لہسن | ایک کھانے کا چمچ | ٹماٹو کیچپ | دو کھانے کے چمچ |
| پیاز | دو عدد | چیڈر چیز | آدھی پیالی |
| شملہ مرچ | ایک عدد | **ڈالڈا کوکنگ آئل** | حسب ضرورت |
| ٹماٹر | دو عدد | | |

## ترکیب

- چکن کو دھو کر اس کی چھوٹی چوکور بوٹیاں کرلیں اور تینوں سبزیوں کے بھی اسی سائز کے کا چوکور ٹکڑے کاٹ لیں
- پھیلے ہوئے بڑے پیالے میں نمک، لہسن، لال مرچ، دو کھانے کے چمچ پزا ساس اور ٹماٹو کیچپ ڈال کر ملا لیں
- چکن اور سبزیوں کو اس پیالے میں ڈال کر ہلکے ہاتھ سے ملا کر دس سے پندرہ منٹ کے لئے فریج میں رکھ دیں
- گرل پین کو درمیانی آنچ پر آٹھ سے دس منٹ گرم کریں اور اس پر دو کھانے کے چمچ **ڈالڈا کوکنگ آئل** ڈال دیں
- گرل پین پر ایک طرف چکن ڈال دیں اور دوسری طرف سبزیاں رکھ کر درمیانی آنچ پر تین سے چار منٹ گرل کرلیں
- سبزیوں کو نکال کر آنچ تیز کردیں اور چکن پر دو کھانے کے چمچ **ڈالڈا کوکنگ آئل** ڈال کر چار سے پانچ منٹ گرل کر کے نکال لیں

**پریزنٹیشن** گرلڈ سبزیوں اور چکن کو گرم گرم پلیٹر میں رکھ کر اوپر سے پزا ساس اور کش کیا چیز ڈال کر گارلک بریڈ کے ساتھ گرم گرم پیش کریں۔

تیاری کا وقت: آدھا گھنٹہ | پکانے کا وقت: بیس سے پچیس منٹ | افراد: چار سے پانچ کے لئے



# بھنڈی اور آلو کی کڑاہی

## اجزاء

| | | | |
|---|---|---|---|
| بھنڈی | آدھا کلو | پسا ہوا دھنیا | ایک چائے کا چمچ |
| آلو | دو عدد درمیانے | ٹماٹر کا پیسٹ | دو کھانے کے چمچ |
| نمک | حسب ذائقہ | چلی ساس | دو کھانے کے چمچ |
| کچلا ہوا لہسن | ایک چائے کا چمچ | قصوری میتھی | آدھا چائے کا چمچ |
| کٹی ہوئی لال مرچ | ایک چائے کا چمچ | **ڈالڈا کنولا آئل** | حسب ضرورت |
| سفید زیرہ | ایک چائے کا چمچ | | |

## ترکیب

- بھنڈیوں کو صاف دھو کر خشک کرلیں اور ان کے سرے کاٹ کر درمیان سے چیرا لگالیں
- کڑاہی میں **ڈالڈا کنولا آئل** کو گرم کریں اور ان میں بھنڈیوں کو تیز آنچ پر ہلکا سا فرائی کر کے نکال لیں
- پھر اسی کڑاہی میں لمبائی میں کٹے ہوئے آلو کے قتلوں کو بھی فرائی کرلیں
- علیحدہ پین میں تین سے چار کھانے کے چمچ **ڈالڈا کنولا آئل** کو گرم کریں اور اس میں لہسن کو سنہرا فرائی کرلیں
- پھر اس میں نمک، لال مرچ، دھنیا، بھنا ہوا کٹا ہوا زیرہ، ٹماٹر کا پیسٹ، چلی ساس اور ٹماٹر کا پیسٹ ڈال کر ملائیں
- ایک چوتھائی پیالی پانی ڈال کر مصالحے کو تیل علیحدہ ہونے تک بھونیں، پھر اس میں فرائی کی بھنڈیاں اور کے قتلے ڈال کر قصوری میتھی چھڑک دیں
- ڈھک کر ہلکی آنچ پر پانچ سے سات منٹ کے لئے دم پر رکھ دیں

**پریزنٹیشن** گرم گرم ڈش میں نکال کر پراٹھوں کے ساتھ پیش کریں۔



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | f PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more





# بیف کینولینی

## اجزاء

- قیمہ: 200 گرام
- پسا ہوا لہسن: ایک کھانے کا چمچ
- نمک: حسب ذائقہ
- کٹی ہوئی کالی مرچ: ایک چائے کا چمچ
- پیاز: ایک عدد
- شملہ مرچ: ایک عدد
- مشرومز: تین سے چار عدد
- زیتون: چار سے پانچ عدد
- میدہ: ڈھائی پیالی
- بیکنگ پاؤڈر: ڈیڑھ چائے کا چمچ
- نیم گرم دودھ: تین چوتھائی پیالی
- ڈالڈا اولیو آئل: حسب ضرورت

**ساس کے اجزاء:**

- ٹماٹر کا پیسٹ: ایک پیالی
- چکن پاؤڈر: ایک چائے کا چمچ
- کٹی ہوئی لال مرچ: ایک چائے کا چمچ
- میدہ: ایک چائے کا چمچ
- اجوائن: آدھا چائے کا چمچ
- تھائم: آدھا چائے کا چمچ
- چیڈر چیز: ایک پیالی

## ترکیب

- اس ڈش کو بنانے کے لئے پہلے کینولینی بنالیں۔اس کے لئے میدے میں بیکنگ پاؤڈر ملا کر چھان لیں۔پھر اسے آٹا گوندھنے والے تسلے میں ڈال دیں۔نیم گرم دودھ میں آدھا چائے کا چمچ نمک اور دو چائے کے چمچ ڈالڈا اولیو آئل شامل کرکے ہلکا سا پھینٹ لیں،میدے میں یہ دودھ تھوڑا تھوڑا ڈالتے ہوئے اسے گوندھ لیں اور ململ کے گیلے کپڑے سے ڈھک کر پندرہ سے بیس منٹ کے لئے رکھ دیں۔
- قیمے کو لہسن،نمک اور کالی مرچ کے ساتھ میرینیٹ کرکے پندرہ سے بیس منٹ کے لئے رکھ دیں۔
- فرائنگ پین میں ایک کھانے کا چمچ ڈالڈا اولیو آئل ڈال کر ہلکی آنچ پر ایک منٹ گرم کریں اور اس میں قیمہ ڈال کر تیز آنچ پر پانچ سے سات منٹ فرائی کریں۔
- پھر اس میں تمام سبزیاں چوپ کرکے ڈالیں اور ایک سے دو منٹ فرائی کرکے چولہے سے اتار لیں۔یہ فلنگ تیار ہے۔
- گندھے ہوئے میدے کی چھوٹی چھوٹی چپاتیاں بیل کر توے پر سینک لیں اور ان کے درمیان میں دو کھانے کے چمچ فلنگ ڈال کر رول کر لیں۔

### ساس بنانے کے لئے:

- ایک کھانے کے چمچ ڈالڈا اولیو آئل میں میدہ ڈال کر ہلکا سا بھونیں،پھر اس میں چکن پاؤڈر اور لال مرچ ڈال کر ایک منٹ فرائی کر لیں۔تھوڑا تھوڑا کرکے ٹماٹر کا پیسٹ ڈالتے ہوئے چمچ چلاتے رہیں،جب ہلکا سا گاڑھا ہونے لگے تو چولہے سے تار لیں اور اس میں اجوائن اور تھائم چھڑک دیں۔اسے ایک اوون پروف ڈش میں ڈال دیں۔
- ساس میں تیار کی ہوئی کینولینی رکھیں اور اوپر سے کش کیا ہوا چیز چھڑک دیں۔اوون کو پندرہ منٹ پہلے 180°C پر گرم کر لیں اور ڈش کو اوون میں رکھ کر گرل جلا دیں۔تین سے چار منٹ گرل کرکے اوون سے نکال لیں۔

**پریزنٹیشن** یہ گرم گرم کینولینی بچوں اور بڑوں دونوں کے لئے غذائیت سے بھرپور ہے۔

تیاری کا وقت: چالیس سے پینتالیس منٹ | پکانے کا وقت: آدھا گھنٹہ | افراد: پانچ سے چھ کے لئے



WWW.PAKSOCIETY.COM
READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more





# دلیے کی لپّی

## اجزاء

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| گندم کا دلیہ | ایک پیالی | چھوٹی الائچی | دو سے تین عدد | ڈالڈا VTF بناسپتی | دو سے تین کھانے کے چمچ |
| چینی | تین چوتھائی پیالی | کشمش | آدھی پیالی | | |

## ترکیب

- دلیے کو ململ کے کپڑے سے صاف پونچھ لیں اور پین میں ڈالڈا VTF بناسپتی میں ہلکی آنچ پر بھونیں
- الائچی کے دانے نکال کر ایک چائے کا چمچ چینی کے ساتھ پیس لیں اور کشمش کو صاف کرکے دھوکر رکھ لیں
- جب دلیہ بھوننے کی خوشبو آنے لگے تو اس میں چینی، الائچی اور دو پیالی پانی ڈال دیں
- ہلکی آنچ پر پکاتے ہوئے جب دلیہ گل جائے تو کشمش ڈال کر حسب پسند گاڑھا ہونے پر چولہے سے اتارلیں

## پریزنٹیشن

سردیوں کے موسم میں گرم گرم پیش کریں یا چاہیں تو دودھ کے ساتھ ملا کر بھی کھایا جاسکتا ہے۔

تیاری کا وقت: پانچ سے سات منٹ | پکانے کا وقت: آدھا گھنٹہ | افراد: تین سے چار کے لئے



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more





# مینگو سورل چیز کیک (Mango Swirl Cheese Cake)

## اجزاء

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کریم چیز | ایک پیالی | فریش کریم | تین چوتھائی پیالی | سادہ بسکٹ (چورا کئے ہوئے) | ڈیڑھ پیالی | مارجرین یا مکھن | آدھی پیالی |
| آم | دو عدد بڑے | چینی | آدھی پیالی | جیلاٹن پاؤڈر | ایک کھانے کا چمچ | | |

## ترکیب

- مارجرین یا مکھن کو کیک پین (اس کیک کو بنانے کے لئے loose bottom pan استعمال کیا جاتا ہے، جس کا پیندا نیچے سے علیحدہ ہو جاتا ہے) میں ڈال کر گرم اوون میں دو سے تین منٹ کے رکھیں، جب پگھلنے لگے تو اسے اوون سے نکال کر اس میں بسکٹ کا چورا ڈال کر اچھی طرح ملا لیں اور اس پین کو فریزر میں رکھ دیں
- ایک آم کے ٹکڑے کاٹ لیں اور ایک آم کو بلینڈ کر لیں۔ کریم اور چیز کو علیحدہ علیحدہ ٹھنڈا کرنے رکھ دیں
- جیلاٹن کو دو کھانے کے چمچ گرم پانی میں ڈال کر اچھی طرح حل کر لیں
- ایک پیالے میں کریم چیز، چینی اور فریش کریم کو ڈال کر الیکٹرک بیٹر سے پھینٹیں، پھر اس میں جیلاٹن ملا کر پھینٹ لیں
- اس مکسچر میں سے آدھی پیالی مکسچر نکال کر اس میں بلینڈ کیا ہوا آم ڈال کر پھینٹ کر رکھ لیں
- تیار کئے ہوئے کیک پین میں کریم چیز کا آدھا مکسچر ڈالیں اور اس پر کٹے ہوئے آم کو ڈال کر دوبارہ سے آدھا مکسچر ڈال دیں
- اس کو آدھے گھنٹے کے لئے فریزر میں رکھ دیں، پھر اسے فریزر سے نکالیں اور آم ملے ہوئے چیز کے مکسچر کو دوبارہ سے پھینٹ کر کیک پر پھیلا کر ڈال دیں
- اب اس کیک کو چھ سے آٹھ گھنٹوں کے لئے فریزر میں رکھ دیں

**پریزنٹیشن** اس کیک کو یخ ٹھنڈا پیش کیا جاتا ہے اور آم کے بجائے کسی بھی حسب پسند پھل کے ساتھ بنایا جا سکتا ہے۔

تیاری کا وقت: ایک گھنٹہ | ٹھنڈا کرنے کا وقت: چھ سے آٹھ گھنٹے | افراد: چھ سے آٹھ کے لئے



WWW.PAKSOCIETY.COM
READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
RSPK.PAKSOCIETY.COM
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more





# دلیے کی پٹی

## اجزاء

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| گندم کا دلیہ | ایک پیالی | چھوٹی الائچی | دو سے تین عدد | ڈالڈا VTF بناسپتی | دو سے تین کھانے کے چمچ |
| چینی | تین چوتھائی پیالی | کشمش | آدھی پیالی | | |

## ترکیب

- دلیے کو ململ کے کپڑے سے صاف پونچھ لیں اور پین میں ڈالڈا VTF بناسپتی میں ہلکی آنچ پر بھونیں
- الائچی کے دانے نکال کر ایک چائے کا چمچ چینی کے ساتھ پیس لیں اور کشمش کو صاف کر کے دھو کر رکھ لیں
- جب دلیہ بھوننے کی خوشبو آنے لگے تو اس میں چینی، الائچی اور دو پیالی پانی ڈال دیں
- ہلکی آنچ پر پکاتے ہوئے جب دلیہ گل جائے تو کشمش ڈال کر حسب پسند گاڑھا ہونے پر چولہے سے اتار لیں

## پریزنٹیشن

سردیوں کے موسم میں گرم گرم پیش کریں یا چاہیں تو دودھ کے ساتھ ملا کر بھی کھایا جا سکتا ہے۔

**تیاری کا وقت: پانچ سے سات منٹ | پکانے کا وقت: آدھا گھنٹہ | افراد: تین سے چار کے لئے**



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more





# مینگو سورل چیز کیک (Mango Swirl Cheese Cake)

## اجزاء

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کریم چیز | ایک پیالی | فریش کریم | تین چوتھائی پیالی | سادہ بسکٹ (چورا کئے ہوئے) | ڈیڑھ پیالی | مارجرین یا مکھن | آدھی پیالی |
| آم | دو عدد بڑے | چینی | آدھی پیالی | جیلاٹن پاؤڈر | ایک کھانے کا چمچ | | |

## ترکیب

- مارجرین یا مکھن کو کیک پین (اس کیک کو بنانے کے لئے loose bottom pan استعمال کیا جاتا ہے، جس کا پیندا نیچے سے علیحدہ ہو جاتا ہے) میں ڈال کر گرم اوون میں دو سے تین منٹ کے رکھیں، جب پگھلنے لگے تو اسے اوون سے نکال کر اس میں بسکٹ کا چورا ڈال کر اچھی طرح ملالیں اور اس پین کو فریزر میں رکھ دیں
- ایک آم کے ٹکڑے کاٹ لیں اور ایک آم کو بلینڈ کر لیں۔ کریم اور چیز کو علیحدہ علیحدہ ٹھنڈا کرنے رکھ دیں
- جیلاٹن کو دو کھانے کے چمچ گرم پانی میں ڈال کر اچھی طرح حل کر لیں
- ایک پیالے میں کریم چیز، چینی اور فریش کریم کو ڈال کر الیکٹرک بیٹر سے پھینٹیں، پھر اس میں جیلاٹن ملا کر پھینٹ لیں
- اس مکسچر میں سے آدھی پیالی مکسچر نکال کر اس میں بلینڈ کیا ہوا آم ڈال کر پھینٹ کر رکھ لیں
- تیار کئے ہوئے کیک پین میں کریم چیز کا آدھا مکسچر ڈالیں اور اس پر کٹے ہوئے آم کو ڈال کر دوبارہ سے آدھا مکسچر ڈال دیں
- اس کو آدھے گھنٹے کے لئے فریزر میں رکھ دیں، پھر اسے فریزر سے نکالیں اور آم ملے ہوئے چیز کے مکسچر کو دوبارہ سے پھینٹ کر کیک پر پھیلا کر ڈال دیں
- اب اس کیک کو چھ سے آٹھ گھنٹوں کے لئے فریزر میں رکھ دیں

**پریزنٹیشن** اس کیک کو یخ ٹھنڈا پیش کیا جاتا ہے اور آم کے بجائے کسی بھی حسب پسند پھل کے ساتھ بنایا جاسکتا ہے۔

تیاری کا وقت: ایک گھنٹہ | ٹھنڈا کرنے کا وقت: چھ سے آٹھ گھنٹے | افراد: چھ سے آٹھ کے لئے



WWW.PAKSOCIETY.COM
READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more





ریڈرز ریسیپی کونٹیسٹ وِنر

ابوظہبی سے اریبہ فہیم فاروقی قرار پائی ہیں

# پنیر کوفتے

## اجزاء

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کاٹج چیز | ایک پیالی | سفید مرچ پسی ہوئی | آدھا چائے کا چمچ | فریش کریم | دو کھانے کے چمچ | ہری مرچیں | دو سے تین عدد |
| نمک | حسب ذائقہ | کھویا | دو کھانے کے چمچ | پسا ہوا گرم مصالحہ | آدھا چائے کا چمچ | ہرا دھنیا | آدھی گٹھی |
| آلو | ایک عدد | کاجو بادام | آدھی پیالی | انڈا | ایک عدد | ڈالڈا کنولا آئل | حسب ضرورت |
| پیاز | دو عدد | پستے | آدھی پیالی | ڈبل روٹی کا چورا | حسب ضرورت | | |

## ترکیب

- ابلے ہوئے آلو کو میش کرلیں اور اس میں کاٹج چیز، کھویا، نمک اور باریک کٹی ہوئی ہری مرچیں ڈال کر اچھی طرح ملا لیں
- چھوٹے چھوٹے کوفتے بنائیں اور ان کے درمیان میں کٹے ہوئے پستے بھر کر اچھی طرح بند کر دیں
- ان کوفتوں کو پھینٹے ہوئے انڈے میں ڈپ کریں اور ڈبل روٹی کے چورے میں رول کرلیں، کڑاہی میں ڈالڈا کنولا آئل کو گرم کر کے ان کوفتوں کو سنہری فرائی کرلیں
- گریوی بنانے کے لئے پین میں چار کھانے کے چمچ **ڈالڈا کنولا آئل** میں پکی پسی ہوئی پیاز کو سنہری ہونے تک فرائی کریں
- اس میں نمک، سفید مرچ، پسے ہوئے کاجو ڈال کر اچھی طرح بھونیں اور کوفتے ڈال کر اوپر سے کریم ڈال دیں۔ گرم مصالحہ چھڑک کر تین سے چار منٹ ہلکی آنچ پر دم پر رکھ دیں

**پریزنٹیشن** اس مزیدار ڈش کو چپاتی یا ابلے ہوئے چاولوں کے ساتھ کھایا جا سکتا ہے۔

تیاری کا وقت: آدھا گھنٹہ | پکانے کا وقت: آدھا گھنٹہ | افراد: چار سے پانچ کے لئے

### اریبہ فہیم فاروقی کا تعارف

آپ اولیولز کی طالبہ ہیں۔ فرصت ملتے ہی پکانے کے تجربے کرتی ہیں اس بار انہوں نے پنیر کوفتے کی ریسپی آپ سے شیئر کی ہے۔ آپ بھی آزمائیے



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more




ا ایڈوائزری سروس کی جانب سے ہم ڈالڈا کا دسترخوان ریڈرز کلب کے تمام ممبران کے ممنون ہیں جنہوں نے اپنے قیمتی آرا اور مشوروں سے نوازا۔

زکلب ممبرز کی خدمت میں ایک شاندار ریسیپی کونٹیسٹ پیش کیا جا رہا ہے۔ اس مقابلے میں شرکت کے لئے پاکستانی یا کانٹینینٹل کھانوں میں سے اسٹارٹر، مین کورس یا اپنی پسندیدہ سویٹ ڈش کی ریسیپی کاغذ کی جانب تحریر کیجئے۔ اپنا نام، رابطے کے لئے فون نمبر، مکمل ایڈریس اور شہر کا نام واضح لکھ کر پی او بکس 3660 کراچی پر ارسال کیجئے۔

یابی حاصل کرنے والے خوش نصیب ڈالڈا کا دسترخوان ریڈرز کلب کی جانب سے خوبصورت تحائف حاصل کریں گے نیز ان کی ریسیپی اور تعارف ڈالڈا کا دسترخوان میگزین میں شائع کیے جائیں گے۔

بلے میں شرکت کے خواہش مند قارئین جنہوں نے ڈالڈا کا دسترخوان ریڈرز کلب ممبرشپ فارم ابھی تک ارسال نہیں کیا براہ مہربانی دیئے گئے فارم کو پر کر کے اپنی ریسیپی کے ہمراہ ارسال فرمائیں۔

ڈالڈا ایڈوائزری سروس

فون (ٹول فری): 0800-32532، پتہ: P.O.Box 3660، کراچی، پاکستان
ای میل: dalda.advisory@daldafoods.com، ویب سائٹ: www.daldafoods.com



WWW.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

SAFE AND HEALTHY®
100% All Natural Chicken
with 50 Years of Poultry Excellence

K&N's®
SAFE AND HEALTHY chicken

پاک سوسائٹی ڈاٹ کام
WWW.PAKSOCIETY.COM
READING Section

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

With over 50 years of poultry excellence, K&N's produces safe and healthy chicken The K&N's Way® – by managing and controlling all stages of poultry production under one umbrella, and conducting quality assurance lab tests at every stage.

Our chickens are **raised naturally**; they freely strut around in large airy houses, eat at will and drink clean water. Their well-balanced diet is based on natural grain products, oil seed meals, supplemented with multi-vitamins and minerals.

Using cutting edge research, development and production processes, we bring you naturally flavourful premium chicken products free of harmful ingredients such as MSG, preservatives, nitrates or nitrites and zero gram Trans Fat per serving.




**No MSG** [Monosodium Glutamate]

**No Nitrates or Nitrites**

**No Preservatives**

**Zero gram Trans Fat** *per serving*

KandNs.com /KandNs | Pakistan's Favourite Chicken™

پاک سوسائٹی ڈاٹ کام
WWW.PAKSOCIETY.COM
READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

ڈالڈا کا دسترخوان

1



# خاص قیمت کے ساتھ خاص تحفے کی بات

2



ذائقے کی دنیا تک آپ کی رہنمائی ہمیشہ سے ڈالڈا کی روایت رہی ہے اور ڈالڈا کا دسترخوان ماہانہ میگزین اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے، جس کے ذریعے دنیا بھر کی بہترین تراکیب اور ہوم میکنگ ٹپس آپ تک پہنچتی ہیں۔ اب ڈالڈا کا دسترخوان آپ کے لئے منفرد آفر لایا ہے۔

3



## ڈالڈا کا دسترخوان کے بارہ شمارے صرف -/Rs. 1,800 میں حاصل کیجیے اور ساتھ ہی پائیں ایک خوبصورت تحفہ

اپنی پسند کا ایک تحفہ حاصل کرنے کے لئے تحفہ کے ساتھ درج نمبر بھی ارسال کریں۔

---

ڈالڈا کا دسترخوان

سبسکرپشن فارم

Name: ______________________ نام

Address: ______________________ پتہ

Phone No: ____________ فون نمبر Gift ☐ 1 ☐ 2 ☐ 3 تحفہ

Email: ______________________ ای میل

سبسکرپشن فارم اور چیک / بینک ڈرافٹ .Revelation Inc کے نام درج ذیل ایڈریس پر ابھی بھیجیں

اس فارم کی فوٹو کاپی بھی قابل قبول ہوگی

Revelation Inc. 2nd,210 فلور کلفٹن سینٹر، خیابان رومی، بلاک نمبر 5، کلفٹن، کراچی (75600)

فون نمبر: 021-35304425-6

ڈالڈا ایڈوائزری سروس

فون (ٹول فری)، 0800-32532 پوسٹ، P.O.Box 3660، کراچی، پاکستان

ای میل، dalda.advisory@daldafoods.com ویب سائٹ، www.daldafoods.com



READING Section

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

Del Monte
Quality

# FRESHLY PICKED OLIVES.






Freshly packed Del Monte Olives have excellent flavour, texture and colour. They come from Spain, where weather, soil and cultivation expertise results in the production of quality olives. Making them delicious! (and healthy too.)

WWW.PAKSOCIETY.COM
READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more



# ''اجزاء کا صحیح تناسب لاتا ہے ذائقہ''

## شیف اسد لطیف سے ملئے



شاہین ملک

معاشرے، تہذیب اور ثقافتی ترقی کے بعد کھانوں کی اقسام بڑھ گئی ہیں۔ اب کھانا پکانا ایک آرٹ ہے۔ دنیا کا شائد ہی کوئی ایسا خطہ ہو جہاں صرف مقامی کھانے کھائے جاتے ہوں۔ دنیا گلوبل ویلیج بن چکی ہے اور ہمارے ماہر پکانے والوں نے دنیا بھر کے کھانے پکانے میں مزید مہارت حاصل کی۔ اس لئے بھی میڈیا تک ان کی رسائی ہوگئی۔ پاکستان میں فوڈ چینلز کی نشریات نے پکانے والوں کو اعلیٰ سماجی رتبہ عطا کیا۔ اب ثقافتی انداز اور سماجی ترقی میں ان سلیبریٹی شیفز کا بے حد اہم کردار ہے۔ ہماری آج کی شخصیت بھی سلیبریٹی شیف ہیں۔ آپ انہیں ٹی وی پر انواع واقسام کے کھانے بناتے دیکھتے رہے ہیں۔ یہ کراچی کے فور اسٹار ہوٹل ریجنٹ پلازا کے Taste Development Chef بھی ہیں۔

### ''اس فور اسٹار ہوٹل میں آپ کے ذمے کیا کام ہیں؟''

''میرا اہم کام پلاننگ کا ہے۔ پاکستانی کانٹی نینٹل، تھائے، چائنیز، اٹالین اور دوسرے کھانوں کے مینیو میں آج کیا ڈشز شامل ہونی چاہئیں اور متعلقہ شعبوں مثلاً اجزاء کی خریداری، معیار اور مددگاروں کی آراء کے ساتھ ساتھ چھوٹے بڑے مسائل کا حل تلاش کرنا ہے۔ کچھ نئے ذائقے، کچھ تبدیلیوں کے ساتھ نئی اور منفرد ڈشز کے لئے کام کرتا ہوں اس لئے



WWW.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | f PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more



Taste Development Chef میں ہی ہوں۔ اس میں کھانوں اور اجزاء کی کوالٹی اور ذائقوں کی تشکیل کرنا پھر مرحلہ وار ترکیبوں کو بنتے ہوئے جانچنا کڑی ذمہ داری ہوتی ہے"۔

## "ٹیلی ویژن پر کھانا پکانا سکھانا زیادہ آسان ہے یا مشکل جاب ہے؟"

"میں 12 برس سے ٹیلی ویژن کا شو کر رہا ہوں۔ اب کوئی مشکل نہیں، پہلے بھی ایک گھنٹے کی یہ مصروفیت بہت دلچسپ تھی اور آج بھی ہے۔ گوکہ دیکھنے والوں کو ایک گھنٹے میں پکتے ہوئے کھانے کو دیکھنا بہت آسان کام لگتا ہے مگر مجھے اس کا ہوم ورک کرنا ہوتا ہے۔ کیا پکانا ہے، کیا خریداری کرنی ہے؟ اجزاء میں سبزیاں، گوشت اور دوسرے مصالحہ جات کتنی مقدار میں لینے اور ذخیرہ کرنا ہے بہت توجہ اور وقت طلب کام ہے لیکن مجھے یہ چینل بہت عزیز ہے۔ یہاں مجھے بہت عزت اور محبت ملی ہے اسی لئے دوسرے چینلز سے کام کی آفر آنے کے باوجود میں وہاں نہیں گیا۔ میرا یہ ماننا ہے کہ اگر آپ کو کسی جگہ کوئی بڑا مسئلہ نہیں ہے تو آپ ایک ہی جگہ جم کر کام کیجئے۔ اللہ کا شکر ہے کہ مجھے یہاں اور اپنے ٹی وی چینل کا ماحول اور لوگ بہت عزیز ہیں اور میں مطمئن ہوں۔ چینل کے سی ای او عامر صاحب بہت اچھے اور دوستانہ ماحول میں کام لیتے ہیں اسی لئے میری اس ادارے سے ایسوسی ایشن بن گئی ہے"۔

## "کالرز آپ سے کیسے کھانے پکانے سیکھنا چاہتے ہیں؟"

"کانٹی نینٹل اور بیکنگ کا رجحان بڑھ گیا ہے۔ بیکری آئٹمز میں بھی اب صرف کیک اور پیسٹریز ہی نہیں بنتیں۔ ہزاروں اقسام کے کھانے بننے لگے ہیں، کانٹی نینٹل کا دائرہ بھی وسیع ہوگیا ہے۔ پہلے کسی زمانے میں لوگ صرف فروٹ کیک یا فریش کریم کیک ہی بناتے تھے اب تو خواتین کسٹمائزڈ کیکس اور نمکین کھانوں میں تنوع کے ساتھ پکوان تیار کرتی ہیں اور یہی سیکھنا بھی چاہتی ہیں"۔

## "آپ کی تعلیمی قابلیت کیا ہے اور کیا آپ نے دوران ملازمت تربیت لی ہے؟"

"میں نے ماسٹرز کرنے کے بعد ٹیکسٹائل ڈیزائننگ پڑھی اور انڈس یونیورسٹی کراچی میں اس مضمون کا ڈیپارٹمنٹ قائم کیا۔ اپنا کاروبار بھی کیا۔ اپنا لیبل Asad Artlier کے نام سے بنایا اور فیشن ڈیزائننگ کی۔ اب بھی آرڈر پر کام کرتا ہوں۔ پکانے سے جنون کی حد تک دلچسپی تھی اس لئے PC، Ramada اور کل کے Taj Mehal اور آج کے ریجنٹ پلازہ میں تربیت لی اور PITHM سے باقاعدہ فارغ التحصیل ہوں"۔

## "فیشن ڈیزائننگ اور کھانا پکانے دونوں دلچسپ سہی مگر بے حد توجہ چاہنے والے کام ہیں، آپ اپنا وقت کیسے تقسیم کرلیتے ہیں؟"

"یہی تو آرٹ ہے کہ دونوں کاموں سے انسیت ہے اور دونوں ہی آرٹ سے منسلک شعبے ہیں۔ ڈش ڈیزائن کرنا بھی میرا مشغلہ ہے۔ میں ہوٹل کی ملازمت کو اپنا ولولہ بھی سمجھتا ہوں۔ اس لئے انسان جس کام میں دلچسپی رکھتا ہے اس کے لئے وقت کا نکالنا مسئلہ نہیں ہوتا"۔

## "اپنی فیملی کے بارے میں کچھ بتائیں؟"

"میرے دو بچے ہیں اور بیوی گھریلو خاتون ہیں لیکن مختلف اداروں کے پروگراموں میں بطور کوکنگ ایکسپرٹ شرکت کرتی رہتی ہیں۔ بیٹی بریرہ بڑی ہے اور صرف 7 برس کی عمر میں کسی بھی کھانے کو چکھ کر اجزاء کی تفصیل بتادیتی ہے۔ بیٹا چھوٹا ہے مگر یہ دونوں برگر، پاستا، اسپیگیٹی اور پراٹھا رول بنالیتے ہیں"۔

## "اگر بچے آپ کی فیلڈ میں آنا چاہیں تو آپ کا کیا ردعمل ہوگا؟"

"ویسے تو بیٹی بریرہ کو میڈیکل کا شعبہ پسند ہے لیکن اگر وہ اس شعبے میں آنا چاہے تو ضرور آسکتی ہے"۔

> میری انسپریشن کوکب خواجہ ہیں۔ میں نے ان سے بہت سی باتیں سیکھیں۔ ان کی نفاست، رکھ رکھاؤ، پکانے کا انداز اور ان کے برتنوں کا انتخاب مجھے بہت بھاتا ہے

## "آپ نے PITHM سے باقاعدہ پکانے کی تربیت لی۔ اس اور ایسے دوسرے ادارے اب کہاں تک معیاری رہ گئے ہیں؟"

"معیاری تو ہیں مگر بہت سی چیزیں ایسی سکھا رہے ہیں جو بین الاقوامی ریسٹورنٹس اور ہوٹلز کے معیار کی ہیں۔ مقامی موضوعات پر کم توجہ دی جارہی ہے۔ کھانوں کے ذائقوں سے کہیں بڑھ کر ان کی پریزنٹیشن پر توجہ دی جارہی ہے جبکہ میرا کہنا یہ ہے کہ پہلے کھانوں کے فلیور میں مہارت لانی چاہئے۔ مثال کے طور پر ہمارے پاکستانی کھانوں میں نہاری اور پائے ایسے کھانے ہیں جن کی پریزنٹیشن بے حد سادہ ہوتی ہے لیکن ان کے ذائقے کس قدر عمدہ ہوتے ہیں۔ ہمارے لوگ ماسٹر شیف جیسے باہر کے پروگراموں کو دیکھ کر پریزنٹیشن سیکھ رہے ہیں لیکن ذائقہ کیسے آتا ہے، اس نکتے کو سمجھنا چاہئے"۔

## "آپ بتایئے کہ ذائقہ موروثی ہوتا ہے، پریکٹس سے آتا ہے یا پھر کیسے آتا ہے؟"

"ذائقہ لانا پڑتا ہے۔ اگر آپ نے کسی ڈش کے اجزاء صحیح تناسب سے استعمال کئے اور اس کے Steps اچھی طرح پورے کئے ہوں تو انشاء اللہ ذائقہ ضرور آئے گا"۔

## "آپ کی پسندیدہ شیف کون سی ہستی ہیں؟"

"میری انسپریشن کوکب خواجہ ہیں۔ میں نے ان سے بہت سی باتیں سیکھیں۔ ان کی نفاست، رکھ رکھاؤ، پکانے کا انداز اور ان کے برتنوں کا انتخاب مجھے بہت بھاتا ہے۔ اس کے بعد تو پھر کئی لوگ آگئے مگر جو بات کوکب خواجہ کی ہے وہ انہی کی ہے"۔

## "شاندار اور سب سے بڑھ کر ذائقے دار کھانے بنانے والے آپ اسد صاحب اگر باہر کھانا کھانے جائیں تو کس جگہ کا انتخاب کریں گے؟"

"مجھے کراچی کے MövenPick کا پاکستانی اور بچوں کو Ramadha ہوٹل ان دونوں جگہوں کا کھانا، ماحول، آرائش اور عملے کا رویہ بے حد عمدہ ہے جہاں ڈھونڈنے سے بھی کوئی خامی نہیں ملتی"۔

## "آپ کب تک اپنا ذاتی ریسٹورنٹ بنا رہے ہیں؟"

"میں نے بیکری کے آئیڈیے پر کام کیا ہے۔ بہت جلد منفرد انداز کی بیکری بنانے کا ارادہ ہے۔ فی الحال مصروفیات زیادہ ہیں کچھ کمپنیوں کے ساتھ اور بین الاقوامی سطح کے ہوٹلز کے ساتھ تربیتی مراحل طے کر رہا ہوں جوں ہی فراغت ملی اپنا کام شروع کروں گا"۔

## "اس شعبے میں نئے آنے والوں اور عوام کے لئے کوئی رائے، کوئی مشورہ دینا چاہیں گے؟"

"سیکھنے کے لئے آنے والوں کو ایک عزم لے کر آنا چاہیے۔ پیسہ تو کہیں اور سے بھی کمایا جاسکتا ہے مگر صرف Scope دیکھ کر کوئی روزگار اپنا لینا کافی نہیں ہوتا۔ عوام کو یہی کہنا چاہوں گا کہ جو بھی کھائیں اچھا کھائیں، صحت بخش کھانے کھائیں، باہر سے کھائیں تو تسلی کرلیں کہ کھانے صفائی ستھرائی سے بنے ہیں۔ پکانے اور پیش کرنے کے برتن صاف ستھرے ہوں تو ہی کھائیں ورنہ اچھا یہی ہے کہ گھر ہی میں کھالیں۔ حال ہی میں سنگاپور گیا وہاں ہر تیسری دکان کھانے سے متعلق ہے اور پتا چلا کہ وہاں کے 80% فیصد لوگ گھروں سے باہر کھانا کھاتے ہیں۔ ہمارے یہاں بھی اب یہی صورتحال ہے تیزی سے ریسٹورنٹس کھل رہے ہیں اور ہم کہتے ہیں کہ مہنگائی ہورہی ہے۔ مہنگائی تو اپنی جگہ متاثر کررہی ہے دراصل ہمارا طرز زندگی بہتر ہوتا جارہا ہے ورنہ ہم وہی ہیں جو ٹماٹو کیچپ اور مایونیز کبھی کبھار کھاتے تھے"۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more



# مصالحے صحت کے رکھوالے، ہماری ہانڈیوں کے ذائقے

## یہ بچاتے ہیں موسمی تغیرات سے بھی

موسم بدلتے ہی صحت کے مسائل شروع ہوجاتے ہیں مثلاً الرجی، نزلہ وزکام، بخار، کھانسی اور مختلف انفیکشنز ہوسکتے ہیں جنہیں ڈاکٹر وائرل انفیکشنز کہتے ہیں۔ غذائی ماہرین باورچی خانے میں استعمال ہونے والے عام مصالحوں سے ان تکالیف کا ازالہ کرتے ہیں یعنی چند مصالحوں کو آزمایئے اور موسمی بیماریوں کو خیرباد کہیے۔



### دھنیا

دھنیے کی سبز پتی ہمارے عام روزمرہ کے کھانوں میں روزانہ ہی استعمال ہوتی ہے۔ اگر آپ اسے استعمال نہیں کررہے تو جان لیجیے کہ بڑی تکلیف مثلاً جوڑوں کا درد، بڑھا ہوا کولیسٹرول اور پٹھوں کی سختی جیسی کیفیت میں مبتلا ہوسکتے ہیں۔ دھنیے کے بیج بھی ہمارے کھانوں میں شامل ہوتے ہیں یہ کھانا ہضم کرنے میں مدد دیتے ہیں اور ان میں وٹامن C پایا جاتا ہے۔ اس کی جراثیم کش خصوصیات اس سے علیحدہ ہیں۔ ایام کی بے قاعدگی اور جلدی امراض میں بھی تازہ دھنیا کھانا مفید ہے جبکہ بیجوں میں شامل قدرتی مرکبات جسم کو زہریلے اور فاسد مادوں سے نجات دلاتے ہیں۔ سبز دھنیے کو ایک گلاس صاف پانی میں بھگو کے رکھ دیں اور نہار منہ یا ناشتے کے ساتھ ڈنڈی اور پتیوں سمیت کھا سکیں تو کھا لیں ورنہ پانی پی لیں۔ کولیسٹرول کنٹرول ہونے میں مدد ملے گی۔

### لونگ



لونگ کے پودے پر لگی کلیاں کھلنے سے پہلے توڑ کر خشک کیا جاتا ہے اور یہ بازاروں میں عام دستیاب ہوتا ہے۔ یہی وہ خشک کلیاں ہیں جنہیں ہم مختلف پکوانوں میں مصالحے کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ اس میں بھی جراثیم کش خصوصیات موجود ہیں۔ یہ بدبودار سانس کو خوشگوار بنانے اور دانتوں کے درد میں بے حد موافق ہے۔ لونگ جسمانی قوت مدافعت اور نظام ہضم کو قوی تر کرتا ہے۔ کھانسی میں بھی افاقہ دیتا ہے اور پٹھوں کی اینٹھن بھی دور کرتا ہے۔ مرغن غذاؤں کے بھاری پن کو متوازن کرتا ہے۔

### زیرہ



یہ سانسوں کو خوشبودار بنانے کے علاوہ صحت کے لئے بھی مفید ہے۔ معدے کے افعال میں خلل کی وجہ سے گیس بننے، اپھارہ اور پیٹ پھولنے کی شکایت رفع کرتا ہے، اس میں بھی جراثیم کش خصوصیات پائی جاتی ہیں۔ نزلہ، زکام میں مفید ہے اور کھانا ہضم کرنے میں مدد دیتا ہے۔ ایام کی شکایات بھی دور کرتا ہے۔

### ہلدی



اس مصالحے کے جہاں طبی فوائد ہیں وہیں جمالیاتی فوائد بھی ہیں۔ ہماری ہانڈی کو رنگ اور ذائقہ دینے والی ہلدی جوڑوں کے درد، جلدی امراض، ہائی بلڈ پریشر اور دل کی بیماریوں اور اندرونی ورموں کے لئے ایک تریاق مصالحہ ہے۔ پانی یا دودھ میں چٹکی بھر ہلدی ملا کر پینے سے قوت مدافعت بڑھتی ہے اور زخم اگر ہوں تو جلد ٹھیک ہوجاتے ہیں۔

### دار چینی



میٹھے اور نمکین دونوں ذائقوں میں استعمال ہونے والی دارچینی درخت کی اندرونی چھال ہے اور قدرت نے اسے آئرن، کیلشیم، فائبر اور میگانیز سے بھرپور رکھا ہے۔ یہ ذیابیطس کے مریضوں کے لئے بھی مفید ہے۔ یہ مصالحہ خون میں گلوکوز کی سطح اعتدال میں رکھتا ہے۔

### سبز الائچی



الائچی کو ہاضمے کے مسائل مثلاً متلی، تیزابیت، گیس، قبض، بھوک کم لگنے میں مفید پایا گیا ہے۔ سبزی الائچی کے دانوں میں پایا جانے والا تیل وائرس، جراثیم اور فنگس کو دور کرتا ہے۔ منہ اور حلق کے انفیکشن میں بھی مفید ہے۔ اس میں بلڈ پریشر کم کرنے اور خون میں پھٹکیاں بننے سے روکنے کی خوبیاں بھی پائی جاتی ہیں۔



READING Section

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM

Click on http://www.paksociety.com for more




WWW.PAKSOCIETY.COM
READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more



ڈالڈا کا دسترخوان



# کچھ کھائیں کچھ بچائیں

## فروٹ فیس ماسک سے دلکشی بڑھائیں

تمثیلہ زاہد

**اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمتوں میں سے ایک نعمت پھل ہیں۔ پھل نہ صرف جسمانی عضلات کو طاقتور اور تندرست بنانے میں معاون ثابت ہوتے ہیں بلکہ اس کا استعمال جلد پر بھی انتاہی فائدہ مند ہے۔ یہ اندرونی اور بیرونی جلد کے دونوں حصوں میں یکساں فائدہ مند ہوتے ہیں۔ پھلوں کے اندر ایسے قدرتی اجزاء موجود ہوتے ہیں جو ہماری جلد پر براہ راست اثر انداز ہو کر انہیں ایک نئی دلکشی اور توانائی عطا کرتے ہیں۔**

### فروٹ ماسک:

آج کل گھریلو ماسک تیار کرنے کا رجحان خواتین میں بڑھتا جا رہا ہے۔ گھر میں بنائے جانے والے ماسک کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ یہ ہر طرح کے کیمیکل سے پاک ہوتے ہیں۔ گھریلو ماسک پھلوں، سبزیوں، انڈوں سے تیار کئے جاتے ہیں۔ انڈے کی سفیدی ہر قسم کی جلد کے لئے موزوں اور کیلشیم سے بھرپور ہوتی ہے۔ خواتین عموماً انڈے کا ماسک چہرے پر استعمال کرتی ہیں۔ گھریلو ماسک استعمال کرنے سے قبل یہ جاننا ضروری ہے کہ آپ کی جلد کی نوعیت کیا ہے؟ ہم آپ کو مختلف جلد کی اقسام کے مطابق چند گھریلو نسخے بتاتے ہیں بہتر نتائج حاصل کرنے کے لئے ان نسخوں کا استعمال پابندی سے کریں۔

### خشک جلد کے لئے ماسک:

پپیتا اور کیلا ہم وزن لے کر اچھی طرح میش کرلیں پھر اس میں ایک ٹی اسپون شہد ڈال کر مکس کریں۔ اپنے چہرے اور گردن پر لگائیں، آدھے گھنٹے بعد دھولیں۔ خشک جلد پر یہ ماسک کرشماتی اثر دکھائے گا۔ کیلے میں وٹامن، کیلشیم، فاسفورس اور پوٹاشیم کی مقدار بہت زیادہ ہوتی ہے۔ حساس جلد کے لئے کیلے کا ماسک مفید ہے۔ یہ جلد کو ڈھیلا ہونے سے بچاتا ہے اور تادیر جوان رکھنے میں مدد دیتا ہے۔ شہد، دودھ ہم وزن لے کر آمیزہ تیار کرلیں پھر اس میں جو کا آٹا ملائیں۔ اس پیسٹ کو چہرے پر لگا کر خشک ہونے تک چھوڑ دیں پھر منہ دھولیں۔ خشک جلد کو ایسی ملائمت عطا ہوگی کہ آپ حیران ہو جائیں گی۔

ایک کھانے کا چمچ ایلوویرا کا گودا اور ایک کھانے کا چمچ شہد اچھی طرح مکس کریں اور چہرے اور گردن پر لگا کر چھوڑ دیں۔ پندرہ منٹ بعد پانی سے اچھی طرح دھولیں۔ اب اپنے چہرے پر ذرا سی دیر میں نظر آنے والے فرق کو دیکھئے۔ خشک جلد کے لئے یہ ماسک موزوں ترین ہے۔ حساس جلد پر بھی یہ ماسک لگایا جا سکتا ہے۔

### نارمل جلد کے لئے ماسک:

چند اسٹرابیری ایک کپ میں ڈال کر اچھی طرح میش کرلیں پھر اس میں ایک ٹی اسپون عرق گلاب مکس کر کے چہرے پر لگالیں۔ اب اس ماسک کو چہرے پر پندرہ منٹ کے لئے خشک ہونے دیں پھر نیم گرم پانی سے صاف کرلیں۔ قدرتی نکھار اور چمک کے لئے اسٹرابیری جلد کے لئے مفید ہوتی ہیں۔

سیب اور کینو کا رس ہم وزن لے لیں۔ چہرے اور گردن پر لگا کر آدھے گھنٹے کے لئے چھوڑ دیں اور پھر دھولیں اس میں موجود پیکٹین اور وٹامن۔C چہرے کی جھریاں بننے والے عمل کو سست کر دیتی ہیں اور چہرہ جواں رکھتی ہیں۔ بادام کو پیس کر دودھ میں ملا کر ایک پیسٹ بنالیں اب اسے چہرے پر لگائیں۔ چہرے کے داغ دھبے دور ہو جائیں گے اور جلد میں نرمی آ جائے گی۔

### چکنی جلد کے لئے ماسک:

ملتانی مٹی، لیموں کا عرق اور عرق گلاب ہم وزن لے کر پیسٹ بنالیں اب یہ ماسک چہرے پر لگالیں۔ بیس منٹ بعد چہرہ دھولیں۔ چکنی جلد کو کنٹرول کرنے کے لئے یہ ماسک ہفتہ میں تین مرتبہ لگائیں۔

### تمام اقسام کی جلد کے لئے ماسک:

خشک خوبانی کا ماسک تمام اقسام کی جلد کے لئے موثر ہے، اس کی تیاری کے لئے دو خشک خوبانیاں لے کر رات بھر کے لئے پانی میں بھگو دیں۔ اگلے دن اسے ہلکی آنچ پر پکائیں جب اچھی طرح گل جائیں تو انہیں مسل لیں۔ ٹھنڈا ہونے پر اس مرکب کو بطور ماسک چہرے پر استعمال کریں۔ دس منٹ بعد پانی سے دھولیں۔

اناناس کا ماسک بھی تمام جلد پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس ماسک کے استعمال سے چہرے کے مردہ خلیے زندہ ہو جاتے ہیں۔ چہرے کو تادیر جواں رکھتا ہے۔ ایک چوتھائی کپ اناناس کا رس نکال لیں۔ پہلے ایک تہہ چہرے پر لگائیں۔ خشک ہونے پر دوسری تہہ لگائیں۔ اسی طرح تین تہہ در تہہ اس کا رس چہرے پر لگائیں اور آدھے گھنٹے بعد نیم گرم پانی سے دھولیں۔

اس کے علاوہ چیکو، آڑو کے گودے کو اسکرب کے طور پر چہرے پر استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ ہر قسم کی جلد کے لئے کے لئے موزوں ہیں۔ اسکربنگ کرتے ہوئے مساج کا وہی طریقہ ہے جو اوپر بتایا جا چکا ہے۔ قدرتی اور گھریلو نسخے بازار میں موجود ریڈی میڈ اشیاء سے زیادہ کارآمد اور بہتر نتائج مرتب کرتے ہیں۔ یہ آپ کے حسن کو دوام بخشیں گے۔ اپنی زندگی میں ان چیزوں کا استعمال لازمی کرلیں تو نتائج زیادہ بہتر سامنے آئیں گے۔ اچھی جلد کی حفاظت کیجئے اور اسے مزید بہتر بنانے کے لئے آپ کی تھوڑی سی محنت آپ کے چہرے پر رونق کا اضافہ کرے گی۔ آزمائش شرط ہے۔



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more




WWW.PAKSOCIETY.COM
READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more


# Faux Bob ہیئر اسٹائل

## بنانے میں آسان، دیکھنے میں دلفریب





**ہر فیشن اور اسٹائل کچھ وقت کے بعد دوبارہ لوٹ کر آتا ہے اور ایک بار پھر فیشن کا حصہ بن جاتا ہے۔ سو Faux بوب ہیئر اسٹائل بھی نیا نہیں ہے بلکہ پرانا اسٹائل ہے۔ شوبز کی شخصیات اسے اپناتی رہی ہیں۔ اس کی اچھی بات یہ ہے کہ اسے بنانا اور سنوارنا زیادہ مشکل نہیں اور اس کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ اسے بنانے کے لئے بالوں کو ترشوانے کی ضرورت نہیں پڑتی۔**

یہ ہلکا پھلکا ہیئر اسٹائل موسم گرما کا اسٹائل مانا جاتا ہے کیونکہ اس میں آپ کے بال سٹ کر بڑی خوبصورتی کے ساتھ سنور جاتے ہیں اور ماڈرن لک کے ساتھ آپ کی شخصیت پرتاثر دکھائی دیتی ہے۔

آپ کے بال لمبے ہوں یا درمیانے فاکس کے لئے صرف انہیں موڑا جاتا ہے۔ یہ Bob Cut اسٹائل کے قریب ترین ہے۔ اگر کسی خاتون کے بال پتلے ہوں تب بھی فاکس اسٹائل کی بدولت ان میں گھنا پن آجاتا ہے۔

### اسٹائل بنانے کا طریقہ:

- سب سے پہلے اپنے بالوں میں ایسا موز لگائیں جو ان میں والیوم پیدا کرے یعنی یہ قدرے گھنے اور پھولے پھولے سے نظر آئیں۔
- ایک میڈیم گول برش کی مدد سے انہیں بلوڈرائی کرلیں۔
- اپنی پسند کے مطابق مانگ نکالیں اور اگر آپ نے سامنے کی چند لٹوں کو ترشوایا ہوا ہے یعنی Bangs کی کٹنگ کروائی ہوئی ہے تو انہیں چہرے کی سائیڈ میں خوبصورتی سے سیٹ کرلیں۔
- بالوں کے چھوٹے چھوٹے حصے بنا کر انہیں چھوٹے کرلنگ آئرن کی مدد سے ہلکا ہلکا کرل کرلیں۔
- اب ایک چپٹے برش کی مدد سے بالوں کو ہلکے ہاتھ سے برش کریں تاکہ یہ علیحدہ علیحدہ نظر آئیں۔ آپ چاہیں تو اپنی انگلیوں کی مدد سے بھی بالوں کے کرلز کو الگ الگ کرسکتی ہیں۔ اس طرح آپ کے بالوں میں گھنا پن آجائے گا اور آپ کا Bob خوبصورت دکھائی دے گا۔
- بالوں کو پیچھے کی جانب لے جا کر انہیں اندر کی جانب موڑتے ہوئے گدی پر سیٹ کریں اور بوبی پنز کی مدد سے انہیں سیٹ کرتی جائیں۔
- اس مقصد کے لئے بالوں کو چھوٹے چھوٹے حصوں میں تقسیم کرلیں اور ایک کے بعد ایک انہیں ایک دوسرے کے متوازی سیٹ کرلیں۔
- اس بات کی تسلی کرلیں کہ پیچھے کی جانب سے آپ کے بال ایک مناسب لیول میں آجائیں اور ایسا محسوس ہو کہ جیسے آپ نے Bob Cut کروایا ہے۔

بالوں کی چھوٹی لٹوں کو لپیٹنے کی ضرورت نہیں یہ چہرے کی اطراف کھلی رہیں تو اچھی لگیں گی۔ آپ پسند کریں تو بالوں کے اوپر شائن ہیئر اسپرے کریں تاکہ آپ کا ہیئر اسٹائل گلیمرس نظر آنے کے ساتھ ساتھ دیر تک قائم رہے۔


READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more




WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more





# حلال کاسمیٹکس...

## یعنی میک اپ ہو تمام تر تحفظات کے ساتھ

## پاکستان میں پہلی بار ماہر حسن مسرت مصباح نے نامیاتی میک اپ پیش کیا

**قدرتی اجزا محض ہمارے کھانے پینے ہی کے لئے مفید نہیں بلکہ جلد کی صحت کے لئے بھی بے حد مفید ہیں۔ خاص طور پر اگر آپ کی جلد حساس ہو تو آپ کو زیادہ احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے۔**

حال ہی میں نامور ماہر حسن اور سماجی شخصیت مسرت مصباح نے حلال کاسمیٹکس متعارف کرائی ہیں۔ پاکستان ایک اسلامی مملکت ہے اور یہاں طبقہ اعلیٰ کی خواتین درآمد شدہ کاسمیٹکس استعمال کرتی آرہی ہیں۔ ہمارے یہاں خوشحال طبقوں میں بھی ان ہی پر اعتماد کئے جانے کی روایت چلی آرہی ہے۔ کاسمیٹکس کے اجزاء میں حرام جانوروں کی چربی اور الکحل کے استعمال سے متعلق علم نہ رکھنے کے باعث مقامی صنعت کو فروغ نہ مل سکا اور بین الاقوامی اداروں کی مالی حیثیت مستحکم ہوتی چلی گئی۔ مسرت مصباح نے کئی برس پہلے جب حسن و آرائش کے اس کاروبار سے تعلق جوڑا تھا تب سے انہیں یہ خیال ستاتا تھا اور وہ اپنے پارلر میں کوشش کرتی تھیں کہ مضر صحت اور حرام جانوروں کی چربی سے بنی کاسمیٹکس استعمال نہ کریں۔ رفتہ رفتہ یہ خیال پختہ ہوتا چلا گیا کہ پاکستانی آب و ہوا اور مقامی رنگت اس قسم کی کاسمیٹکس کے لئے موزوں نہیں۔

حلال کاسمیٹکس ایک نئی پاکستانی صنعت ہے جس میں قدرتی اجزاء سے بنائی جانے والی کاسمیٹکس پیش کی گئی ہیں یہ کسی بھی قسم کے کیمیکلز، مصنوعی رنگوں اور چربی یا الکحل وغیرہ سے پاک ہیں۔ جس کے سبب خواتین بے دھڑک انہیں استعمال کرسکتی ہیں۔ یہ کلیتاً نامیاتی مصنوعات ہیں جن کے استعمال سے خواتین کی جلد خوبصورت اور کھلی کھلی دکھائی دیتی ہے۔

ابتداء میں دو شیڈز میں لپ اسٹکس اور یکسانون میں فاؤنڈیشن متعارف کرائی جانے کی وجہ بیان کرتے ہوئے انتظامیہ نے بتایا کہ یہ حلال سرٹیفائیڈ میک اپ برانڈ کئی برس کی مسلسل تحقیق کے بعد اس نتیجے پر پہنچا ہے کہ ہماری بیشتر خواتین کو فاؤنڈیشن کے لئے وسیع تر شیڈز کی رینج کی ضرورت نہیں ہوتی بلکہ معیاری فاؤنڈیشن Base کے لئے ہر قسم کی جلد کے لئے یکساں شیڈ پر مشتمل ہوسکتی ہے۔

آئندہ چل کر لپ اسٹکس کے شیڈز میں مزید اضافہ کیا جاسکتا ہے۔ چونکہ لپ اسٹک براہ راست ہونٹوں سے منہ میں جانے اور جسم میں تحلیل ہونے کے امکان سے خارج نہیں اس لئے اسے بطور خاص توجہ اور مہارت سے بنایا گیا ہے یہ منرل میک اپ ہے اور ایک دفعہ لگائی گئی لپ اسٹک سہ پہر تک قائم رہ سکتی ہے۔

منرل میک اپ پیش کرتے ہوئے ہماری کوشش یہی تھی کہ کیمیکلز سے چھٹکارا حاصل کیا جائے۔ اس میں زنک آکسائڈ شامل ہو تو محفوظ تر مقدار میں ہو۔ ہماری فاؤنڈیشن میں سلک کا لفظ استعمال کرنے کی وجہ بھی یہی ہے کہ یہ ہلکے وزن کی کاسمیٹکس ہے جسے لگا کر چہرے پر تہہ نہیں جمتی نہ ہی بھاری پن محسوس ہوتا ہے نہ ہی جھریاں اور لکیریں نمایاں ہوتی ہیں۔

منرل آئی لائنر سے آنکھوں کے اطراف کی جلد سیاہ نہیں پڑتی۔ یہ آئرن آکسائڈ منرل کاسمیٹکس ہوتی ہے جو لیکوئڈ اور پاؤڈر دونوں شکلوں میں دستیاب ہے۔ مسرت کہتی ہیں کہ ”ایک ماہر حسن کو خالص حسن ہی سے لگاؤ ہوتا ہے اور اسی کی بہتری کے لئے اپنے آپ سے عہد کرتا ہے۔ یہ میرا اپنے آپ سے عہد تھا کہ خالص میک اپ متعارف کراؤں گی اور اس کا معیار بھی قائم رکھوں گی۔ بہت تھوڑے عرصے میں خواتین کو مکمل تحفظ کے ساتھ میک اپ کرتا دیکھ کر اطمینان قلب ملتا ہے“۔










READING Section

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY




Click on http://www.paksociety.com for more
WWW.PAKSOCIETY.COM
READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more



ڈالڈا کا دسترخوان



# ہیئر پنز

## لہراتے بالوں کو دیں اسٹائل

### جمبو، ریگولر یا منی پنز کونسی بہتر ہیں جان لیں

ہیئر پنز دیکھنے میں تو عام سی ہوتی ہیں دھات کے ٹکڑے سے بنی ان پنز کا استعمال کر کے لہراتے بل کھاتے بالوں کو کچھ اس طرح سمیٹا جاتا ہے کہ جلد اسٹائل بن جاتا ہے۔ اب آپ جوڑے اور اپنی چٹیا کو سجا کر داد وصول کیجئے۔

ہیئر اسٹائلنگ میں جدت طرازی ہوتی جا رہی ہے اور اب یہ عام سی چیز بھی مختلف طرح کی بنائی جا رہی ہے۔ خواتین نے انہیں رنگوں میں بھی پسند کیا اور مختلف ڈیزائنوں اور اقسام میں بھی، جب کبھی آپ پارلر سے کوئی اسٹائل بنواتی ہیں تو وہاں کئی طرح کی پنز کا اسٹاک رہتا ہے اور ہیئر اسٹائلسٹ ان پنز کو مختلف ناموں سے مرحلہ وار استعمال کرتی جاتی ہیں۔ وہی جانتی ہیں کہ جس چیز کو صحیح طریقے اور صحیح جگہ پر استعمال کیا جائے تو کتنی کارآمد ہو سکتی ہے۔

مارکیٹ میں اس وقت 4 قسموں کی ہیئر پنز دستیاب ہیں جن کے نام مندرجہ ذیل ہیں:

- ہیئر پنز، جمبو پنز، ریگولر پنز، منی پنز

#### ہیئر پنز

یہ پن عام طور پر تھوڑی سی چوڑی اور انگریزی حرف تہجی کے لفظ U (یو) کی ساخت کی ہوتی ہے۔ یہ درمیان سے زگ زیگ (لہرے والے انداز میں) ہوتی ہے لیکن اس کے دونوں سرے سیدھے اور ایک دوسرے سے جڑے نہیں ہوتے۔ اس کو زیادہ تر اونچے اپ ڈوز اور بالوں کے مختلف انداز کے جوڑے بنانے میں استعمال کر سکتے ہیں۔ دونوں سرے الگ ہونے کی وجہ سے ڈھیلے انداز میں بننے والے ہیئر اسٹائلز میں بھی یہ کام آتی ہیں۔ زیادہ تر یہ جوڑے کی طرح بننے والے اونچے ہیئر اسٹائلز کے لئے موزوں سمجھی جاتی ہیں۔ اگر آپ کا پارلر میں تیار ہونے کا اتفاق ہوا ہو تو آپ کو پتا ہوگا کہ یہ نقلی بالوں کا جوڑا لگانے کے لئے استعمال کی جاتی ہیں۔

#### جمبو پنز

جمبو پنز بڑے سائز کی ہوتی ہیں۔ یہ لمبے اور گھنے بالوں والی خواتین کے لئے بنائی گئی ہیں۔ دوسرے یہ بن والے اسٹائلز میں استعمال ہوتی ہیں تاکہ وہ کئی گھنٹوں تک ان گھنے بالوں کو سمیٹے رکھیں۔ اس مضبوطی کے ساتھ کہ چار پانچ گھنٹوں سے زائد عرصے تک بال سمٹے رہیں۔

#### ریگولر پنز

ریگولر پنز بوبی پنز کے نام سے بھی جانی پہچانی جاتی ہیں۔ یہ نارمل بالوں کے لئے موزوں رہتی ہیں۔ ایسے بال جو زیادہ گھنے نہ ہوں۔ آج کل انہیں دلہنوں کی سائڈ بریڈ (بالوں کی چٹیا) کو سجانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ عموماً ان کی مدد سے ہی بالوں میں پھول بھی لگائے جاتے ہیں۔ اگر آپ کے فرنٹ ہیئر کٹے ہوئے ہوں تو انہیں سمیٹنے کے لئے بھی بوبی پنز استعمال کر سکتی ہیں۔ اس کے علاوہ آپ کو دن بھر میں بالوں کے مختلف اسٹائلز آزمانے کا شوق ہو تو آپ یہ مختلف انداز اپنا سکتی ہیں۔ کسی بھی دوپٹہ یا اسکارف پر بھی پن لگانی پڑ جاتی ہے۔ اکثر دلہنوں کا دوپٹہ اٹکانے کے لئے بھی ان ہی پنز کا استعمال کیا جاتا ہے۔

#### منی پنز

ان کا استعمال 40 سے 50 سال کی درمیانی خواتین زیادہ کرتی ہیں یہ ہلکے اور پتلے بالوں کو سمیٹنے کے کام آتی ہیں۔ ان چھوٹی پنز کو ہیئر پیس (مصنوعی جوڑے) کو لگانے میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ عموماً چھوٹے بالوں کے ہیئر اسٹائلز بنانے کے لئے بھی استعمال ہو سکتی ہیں کیونکہ چھوٹے بالوں میں جمبو پنز لگائی جائیں تو شخصیت خوشگوار تاثر نہیں دیتی۔






READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more




READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more



ڈالڈا کا دسترخوان



# متوازن وزن کو قائم رکھئے

## جوڑوں کے دردوں سے نجات ملے گی

ڈاکٹر جاوید ملک

جوں جوں ہماری عمر بڑھتی ہے جسم کے اندر ٹوٹ پھوٹ کا عمل تیز ہوجاتا ہے۔ اس ٹوٹنے کے عمل میں ہڈیوں کے جوڑ پہلے متاثر ہوتے ہیں اور اس طرح ہڈیوں میں درد ہونا ایک عمومی عمل ہے۔

نبی آخر الزماں ﷺ نے فرمایا ہے کہ ”کم کھاؤ، کم سوؤ اور کم بولو“۔ مگر ہم ان تینوں فرمانوں پر عمل نہیں کرتے۔ نتیجتاً نقصان جھیلتے ہیں۔ پیٹ بھر کر کھانا ہمارا محبوب ترین مشغلہ ہے جس کی وجہ سے موٹاپا ہمیں بے حد نقصان پہنچاتا ہے اور ہم طرز زندگی بدلنے کا نہیں سوچتے۔ موٹاپا انسان کی عمر کو 15 سال تک کم کر دیتا ہے۔ موٹاپے کے سبب ذیابیطس اور بلڈ پریشر ہونے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔

جوڑوں کے درد کی فی زمانہ ڈھلتی عمر کے ساتھ سب سے بڑی اور اہم بیماری کو طبی اصطلاح میں اوسٹیو آرتھرائٹس کہا جاتا ہے جس کے معنی ہیں جوڑوں کی توڑ پھوڑ۔ دراصل انسانی ہڈیوں کے جوڑوں کے درمیان قدرتی طور پر ایک جھلی ہوتی ہے۔ اگر یہ جھلی توڑ پھوڑ کا شکار ہوجائے تو بڑی درد کا باعث بنتی ہے۔ ایسا عام طور پر کولہے، گھٹنوں اور کمر کے مہروں میں ہوتا ہے۔ اُس کے علاوہ انگلیوں کے جوڑوں اور پاؤں کے انگوٹھوں کے ابتدائی جوڑ بھی متاثر ہوسکتے ہیں۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ جوڑوں کی جھلی کیا ہوتی ہے؟ یہ جھلی ایک مضبوط گدی نما ہوتی ہے جو کہ ہڈیوں کے آخری سروں یعنی جوڑوں کو ڈھانپتی ہے۔ اس کا بنیادی مقصد جوڑوں میں رگڑ کو کم کرنا ہوتا ہے اور یہ جوڑوں کو ڈھانپتی ہے۔ یہ جوڑوں پر پڑنے والے اندرونی یا بیرونی دباؤ کو برداشت کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ اس جھلی کے اندر قدرتی لچک ہوتی ہے جو دباؤ کو سہہ جاتی ہے۔ دباؤ جب بڑھتا ہے تو اس کی توڑ پھوڑ کا خطرہ بھی بڑھ جاتا ہے۔ اس کے علاوہ بھی جسم میں ہڈیوں کو حرکت دینے کے لئے کچھ اور سخت قسم کی جھلیاں بھی ہوتی ہیں جنہیں طبی اصطلاح میں Tendons اور Ligaments کہتے ہیں۔ ان کے کھنچ جانے سے جوڑوں میں شدید درد شروع ہوسکتا ہے۔ اگر صورتحال زیادہ خراب ہوجائے تو ہڈیاں ایک دوسرے کے ساتھ رگڑ کھانا شروع کر دیتی ہیں۔

### آرتھرائٹس کی علامات

- اس بیماری میں مریض کے جوڑوں میں حرکت کے ساتھ درد ہوتا ہے۔ بہت زیادہ استعمال سے یا بہت زیادہ آرام کرنے سے درد ہونے لگتا ہے۔
- انگلیوں کے درمیان والے یا آخری جوڑوں میں ہڈیوں کا بڑھ جانا (جس کی وجہ سے درد بھی ہوسکتا ہے)

گھٹنوں میں درد کی شکایت 50 سال کی عمر کے بعد شروع ہوتی ہے۔ بعض اوقات سوجن بھی ہوجاتی ہے جیسا کہ پہلے لکھا گیا ہے کہ اس بیماری کی وجوہات میں موٹاپا سب سے سرفہرست ہے۔ موٹاپے میں گھٹنوں کے اوسٹیو آرتھرائٹس کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ متوازن وزن کو قائم رکھنا یا زائد وزن کو کم کرنا گھٹنوں کے درد کی شکایت سے بچنے یا اسے بڑھنے سے روکنے میں مدد کرتا ہے۔ اس کے علاوہ اگر چوٹ لگ جائے تو بھی درد ہوسکتا ہے۔

### وراثت کا تعلق

ایسے خواتین وحضرات جن کے جوڑ پیدائشی طور پر ناقص ہوتے ہیں یا کمر کے مہروں میں پیدائشی طور پر نقص ہوتا ہے (جیسا کہ مہروں کا ٹیڑھا ہوجانا) ان میں اوسٹیو آرتھرائٹس ہوجانے کا اندیشہ ہوتا ہے۔

### اس بیماری کی تشخیص کیسے ہوتی ہے؟

ایکسرے کے ذریعے جوڑوں کا ڈاکٹر تشخیص مکمل کرتا ہے۔ علامات سے اندازہ ہوجاتا ہے کہ جوڑ کو کس حد تک نقصان پہنچا ہے۔ کبھی کبھار جوڑوں میں پانی جمع ہوجاتا ہے۔ ڈاکٹر اس جوڑ سے پانی نکال کر ٹیسٹ کرواتے ہیں یعنی یہ اوسٹیو آرتھرائٹس ہے یا کسی اور قسم کے جوڑوں کا درد۔

### ادویات

کچھ ادویات پیراسیٹامول سے لے کر دوسری درد کی دوائیں استعمال ہوتی ہیں۔ کچھ ادویات کریم، جل اور اسپرے کی صورت میں بھی استعمال کی جاسکتی ہیں۔ خیال رہے کہ درد کے لئے استعمال کی جانے والی دوائیں زیادہ عرصے تک استعمال کرنے سے معدے اور گردے خراب ہونے کا اندیشہ ہوسکتا ہے۔ بدقسمتی سے اس بیماری میں درد کو کم تو کیا جاسکتا ہے مگر جوڑ کے ہونے والے نقصان کو کم یا واپس نہیں کرسکتے۔

### ورزش

جوڑوں کے درد میں تیراکی اور ہموار سطح پر چلنے کے لئے مشورہ دیا جاتا ہے کیونکہ ان دونوں ورزشوں سے جوڑوں پر کم دباؤ پڑتا ہے۔ اس بیماری میں تیز قدمی بہتر ورزش نہیں۔

### گرم یا ٹھنڈی ٹکور

عارضی طور پر درد کی کیفیت سے نجات کے لئے پیڈ زیا برف کے پیک استعمال کئے جاسکتے ہیں۔ گھٹنے کے کیپ Knee Cap ، Walker اور بیساکھیاں بھی آرام دے سکتی ہیں۔



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM

Click on http://www.paksociety.com for more




WWW.PAKSOCIETY.COM
READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more





# متوقع مائیں صحت کا پلان بنائیں

## گائناکولوجسٹ سے مل کر

نئی ماں بننے والی خواتین کو بچے کی صحت کے ساتھ ساتھ اپنا بھی خیال رکھنا ضروری ہے۔ آپ کی زچگی اور ابتدائی ایام اس وقت خطرناک (High Risk) کہلاتے ہیں جب آپ کو یا آپ کے بچے کو درپیش صحت کے کسی مسئلے میں اضافے کا امکان ہو۔

متعدد چیزیں حمل کو زیادہ خطرناک بنا سکتی ہیں۔

خطرناک جیسا لفظ خوفزدہ کرتا ہے لیکن ڈاکٹروں کے لئے یہی ایک ایسا طریقہ ہے جس کے ذریعے انہیں اطمینان ہو جائے کہ آپ دوران حمل خصوصی توجہ حاصل کر سکیں گی اور آپ کی ڈاکٹر آپ کے زمانہ حمل کے دوران کسی مسئلے کا جلد پتا چلانے کے لئے آپ کی زیادہ نگرانی کر سکے گی۔

وہ حالات جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔ آپ اور آپ کے بچے کو صحت کے مسائل کے سلسلے میں بلند تر خطرے ہائی رسک سے دوچار کر سکتے ہیں۔

بچے کی سست رفتار سے نشوونما ہونا، قبل از وقت پیدائش، ماں کو تشنج کا ہو جانا، پیدائش کے بعد آنول کا انفیکشن تاہم متوقع ماؤں کی اکثریت کو یہ مسائل درپیش نہیں ہوتے۔ تاہم آپ کو اپنی صحت کا پلان بناتے وقت گائناکولوجسٹ سے مشورہ کرنا بہت ضروری ہے۔ بالعموم اس صورت میں زچگی خطرات سے پر ہوتی ہے جب متوقع ماں کو ذیابیطس، دل کے امراض، کینسر، ہائی بلڈ پریشر، مرگی یا گردے کے امراض لاحق ہوں۔

اگر آپ تمباکو نوشی اور پان چھالیہ بہت کھاتی ہیں تو بچے کی خاطر یہ عادتیں چھوڑنا ہوں گی۔

- اگر آپ کی عمر 17 سال سے کم ہے یا 35 سال سے زیادہ ہے تو بار بار طبی معائنے اور کڑی احتیاط کی ضرورت ہو گی۔
- اگر آپ پہلے سے صاحب اولاد ہیں اور چھ سے زائد بچے تولد ہو چکے ہوں یا تین یا اس سے زائد بار اسقاط ہو چکا ہو۔
- اگر آپ کے بچے میں کوئی جینیاتی حالت مثلاً ڈاؤن سنڈروم، دل پھیپھڑے یا گردے کی بیماری لاحق ہو۔
- اگر گزشتہ حمل میں کوئی مسئلہ رہا ہو قبل از وقت ولادت ہو، تشنج کے دورے یا HIV یا ہیپاٹائٹس C، چکن پاکس (جرمنی خسرہ) یا کوئی اور پیچیدہ بیماری ہو۔

ڈاکٹر آپ کی دیکھ بھال کیسے کریں گی؟

ڈاکٹر اس ضمن میں زیادہ معائنے اور خاص کر زیادہ الٹراساؤنڈ ٹیسٹ کرائیں گی تاکہ وہ جان سکیں کہ آپ کے بچے کی Growth کس مرحلے میں ہے۔ وہ بار بار بلڈ پریشر چیک کریں گی اور پروٹین کا جائزہ لینے کے لئے اور قبل از وقت تشنج کی علامت پرکھنے کے لئے اندرونی اعضاء میں انفیکشنز کا پتا چلائیں گی۔ اس لئے وہ کئی مرتبہ Urine Test کروائیں گی۔

جینیاتی امراض یا مسائل کے لئے بھی مختلف ٹیسٹ کئے جاتے ہیں بالخصوص جب متوقع ماں کی 30 یا 35 برس سے زائد عمر ہو۔

ان خطرات میں اضافہ نہ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے لہٰذا کوئی بھی دوا جو آپ ماں بننے کی خبر سے پہلے کھایا کرتی تھیں اب خود علاجی کے طور پر نہیں کھانی ہے۔ آپ کی ڈاکٹر آپ کو کوئی ایسی دوا تجویز کر سکتی ہیں جس کی آپ کو ضرورت ہو اور جو محفوظ بھی ہو۔

وضع حمل کے لئے آپ گھر کے قریبی اسپتال یا کلینک کو ترجیح دیں گی تاہم یہ فیصلہ ڈاکٹر پر بھی چھوڑیئے کہ وہ پیدائش کے لئے ایسی جگہ تلاش کرے جہاں خصوصی نگہداشت کی سہولتیں بھی موجود ہوں اور اگر بچے کی جلد تر پیدائش کی ضرورت پڑ جائے تو سرجری کا معقول انتظام ہو۔

### گائناکولوجسٹ کا انتخاب کیسے کریں؟

عام طور پر پاکستانی معاشرے میں گائناکولوجسٹ کی خدمات بھی خاندان بھر کے مشوروں اور تجربوں سے حاصل کی جاتی ہیں۔ سسرالی عزیز اپنی بہو، بیٹیوں کی آزمائی ہوئی شخصیات سے رابطہ کرتے ہیں۔ بس اتنا خیال رہے کہ بہو یا بیٹی کی عمر زیادہ ہو اور کچھ پیچیدگیاں بھی ہوں تب ایسی کسی ڈاکٹر سے رجوع کیا جائے جس نے ہائی رسک زچگیوں کی اضافی تربیت یا تجربہ حاصل کیا ہو۔ یہ ڈاکٹر میٹرنل فیٹل اسپیشلسٹس یا پیری ناٹولوجسٹ کہلاتی ہیں۔

### متوقع ماں اپنے آپ کو کیسے صحت مند رکھ سکتی ہیں؟

- باقاعدگی سے ہر وہ ٹیسٹ کرائیں جو ڈاکٹر سے تجویز کئے ہوں۔ نئے مسائل سے بچنے کی کوشش کریں۔
- صحت بخش تازہ غذائیں وقفے وقفے سے کھائی جائیں جن میں پروٹین، ڈیری مصنوعات خاص کر دودھ اور دہی، پھل اور سبزیاں شامل ہوں۔
- خوراک اور غذا میں تبدیلی کرنی ہو تو ڈاکٹر کے مشورے سے کریں۔
- آئرن یا فولک ایسڈ روزانہ لیں۔ فولک ایسڈ وٹامن B ہے۔ ابتدائی حمل سے قبل اور اس کے دوران فولک ایسڈ لینے سے ایسے بچے کی پیدائش کے امکان کم ہو جاتے ہیں جس کے نیورل ٹیوب میں خرابی ہو۔
- چھالیہ، تمباکو نوشی، ملتانی مٹی اور کولڈ ڈرنکس سے مکمل پرہیز ضروری ہے۔
- نزلے زکام اور دیگر انفیکشنز سے متاثرہ لوگوں سے ملنے ملانے سے پرہیز کریں۔ ڈاکٹر سے مشورہ کریں کہ بچے کو دن میں کتنے وقتوں کے بعد Movement کی ضرورت ہے۔
- ہنگامی حالت میں ہنگامی سروسز کو فوراً کال کریں۔ چہرے، ہاتھوں اور پیروں پر سوجن ہو تو ڈاکٹر کو دکھائیں۔ کمر کے نیچے یا پیروں میں درد اور دباؤ محسوس کریں تو بھی ڈاکٹر سے مشورہ کریں۔
- بغیر نسخے کے فوڈ سپلیمنٹس بھی نہ لیں۔ صحت مندانہ وزن کے لئے بھی ڈاکٹر سے مشورہ کریں۔
- قبل از پیدائش کی ورزشوں کی کلاسز میں ضرور شرکت کریں۔ پیدل چلنا اور تیرنا متوقع ماؤں کے لئے محفوظ ورزشیں ہیں انہیں کرنے میں کوئی حرج نہیں۔
- زچگی کے دوران دانتوں کی تکالیف بڑھ جاتی ہیں لہٰذا دانتوں اور مسوڑھوں کی صحت سے غفلت نہ برتیں۔ دانتوں کی صفائی کسی اچھے ڈینٹسٹ سے کرائیں۔
- سمندری خوراک میں سالمن، جھینگے اور کیٹ فش آپ کو پرخطر زچگی سے محفوظ رکھنے میں مدد دے گی۔



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more




WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more




WWW.PAKSOCIETY.COM
Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more





# کبھی کبھار لیموں نیڈ ڈائٹ

## وزن کو رکھے متوازن، رنگت کو کرے شفاف

**لیموں وٹامن C کا خزانہ ہے۔ اس کے علاوہ اس میں وٹامن B، کیلشیم، فاسفورس اور پوٹاشیم بھی مختلف مقدار میں پائے جاتے ہیں۔**

چار ہزار قبل مسیح کے لوگ بھی لیموں کا استعمال کیا کرتے تھے۔ پاکستان، بھارت، جزائر اور جنوبی یورپ کے ملکوں میں لیموں کثرت سے پیدا ہوتا ہے۔ ہمارے ملک میں بھی اس کی بہت سی اقسام پائی جاتی ہیں۔ جن میں بہترین قسم کاغذی لیموں کی ہے۔ اس کا چھلکا باریک اور رس زیادہ رکھتا ہے۔ ہمارے ہاں لیموں کا استعمال کھانے پینے کی اشیاء میں کیا جاتا ہے۔ چٹنی، سلاد، مشروبات میں لیموں کا رس شامل کیا جاتا ہے اور کھانے کا مزا دوبالا ہوجاتا ہے۔ دنیا بھر کے گوشت کے مختلف پکوانوں میں لیموں کا استعمال عام ہے۔

لیموں سے موٹاپے کا شکار لوگ بھی اپنی فالتو چربی اور نکلی ہوئی توند دور کرسکتے ہیں۔ نہار منہ لیموں کا رس قہوے میں ملا کر پینے سے فالتو چربی زائل ہوجاتی ہے۔

دنیا بھر میں شوبز کی شخصیات اپنے وزن کو اعتدال میں رکھنے کے لئے لیموں کا رس غذا میں شامل کرتی ہیں۔

لیمونیڈ ڈائٹ کے معنی یہ ہوئے کہ آپ لیموں پانی میں سیب کے رس کو میٹھا کر بنائی جانے والی شکر، کالا نمک اور سیاہ مرچیں شامل کرکے نامیاتی مشروب تیار کریں اور اگر اس میں تھوڑے سے چہار مغز یا بھنے ہوئے چنوں کا سفوف بھی شامل کرلیں اور اس پانی کو چاہیں تو فریج میں 10 دن کے لئے محفوظ کرلیں اور وقتاً فوقتاً پیتی رہیں بجائے کولڈ ڈرنکس پینے کے۔ یہ پانی پیاس بھی بجھائے گا اور قوت مدافعت بھی پیدا کرے گا۔

### ماہرین غذائیت کا مشورہ

بھنے ہوئے چنے وزن کم کرنے کے لئے بہترین انتخاب ہوسکتے ہیں تاہم لیموں پانی کا مسلسل استعمال از روئے صحت درست نہیں ہوتا۔ اسے مستقلاً طرز زندگی کی طرح اپنا لینا کچھ دن بعد نقصان دیتا ہے۔ ماہرین کی رائے میں صحت کی بحالی اولین ہدف ہونا چاہئے۔ اگر وزن کم کرنا مقصود ہو تو ورزش زیادہ مناسب عمل ہے۔ لیمونیڈ ڈائٹ پر جانا ہو تو صرف 4-3 دن کا دورانیہ بہت ہوتا ہے۔ تاہم اس ہدایت کا یہ معنی نہ اخذ کرلیا جائے کہ اب آپ روغنی اشیاء یا کولڈ ڈرنکس دوبارہ استعمال کرسکتے ہیں۔ یاد رہے کہ صحت مند چکنائیوں کی جن میں فیٹ ایسڈز اور اومیگا 3 شامل ہیں ایک صحت مند جسم کو ان کی ضرورت ہوتی ہے۔

### چند مفروضات، کچھ حقائق

- پانی پر مشتمل اس پرہیزی غذا میں شکر بھی اعتدال سے استعمال ہوتی ہے چنانچہ یہ چند پاؤنڈز تک وزن کم کرنے میں مدد دیتی ہے تاہم زیادہ وزن رکھنے والے افراد کے لئے بے حد موزوں نہیں کیونکہ یہ کیلوریز کو جلانے یعنی زائل کرنے میں مدد نہیں دیتی۔ خون میں شکر کی مقدار کو اعتدال میں رکھ سکتی ہے۔
- یہ بھوک بڑھاتے ہوئے غذائیت بھی بہم پہنچانے والی غذا ہے۔ قبض دور کرنے کے لئے بہترین جزو ہے۔ ثقیل کھانوں کے ساتھ سادہ لیموں پانی، چٹکی بھر کالا نمک شامل کرکے پی لیا جائے تو ہاضمہ بہتر رہتا ہے۔
- اس کے استعمال سے مناعتی نظام یعنی قوت مدافعت بڑھتی ہے چونکہ لیموں میں وٹامن C موجود ہے اس لئے یہ دافع سوزش بھی ہے اور وائرل انفیکشنز کی صورت میں بیکٹیریا کو ختم کرنے کے لئے بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ Autoimmune Disease میں لیمونیڈ ڈائٹ مثبت اثرات مرتب کرتی ہے تاہم معدے کی تکالیف کے لئے لیموں کا حد سے زیادہ استعمال نقصان دے گا۔





READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more




READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more







# آج سے چیونگم بند کیجئے

## یہ جگر، سینے کی جلن، بدہضمی اور الرجی کر سکتی ہے

بچے تو بچے بڑے بھی کچھ کم چیونگم نہیں کھاتے۔ کچھ لوگ سگریٹ نوشی کی عادت ترک کرنے کے لئے بھی چیونگم کی تعداد بڑھا دیتے ہیں مگر جوں جوں لوگوں میں آگہی بڑھ رہی ہے وہ بچوں کو ٹافیوں، چاکلیٹس، لالی پوپس اور چیونگم سے دور رکھنے لگے ہیں۔ اس کا سب سے بڑا سبب یہ احتیاط ہے کہ ان اشیاء کی مٹھاس سے کہیں دانتوں کو نقصان نہ پہنچے۔

حال ہی میں امریکہ کے ایک ادارے میں The Health Wyze رپورٹ پر مزید تحقیق کی گئی ہے۔ طبی ماہرین کے مطابق چیونگم کے اجزاء ہمارے خون میں جذب ہو کر متعدد تکالیف کا باعث بن سکتے ہیں بہرحال 5 بڑے مضر صحت اجزاء اب تک منظر عام پر آئے ہیں جو درج ذیل ہیں:

### Aspartame

اس جزو کو چیونگم کا ذائقہ بہتر بنانے کی خاطر شامل کیا جاتا ہے مگر ماہرین کہتے ہیں کہ یہ کھانوں کی صنعت میں بطور Additive استعمال ہونے والا سب سے زیادہ خطرناک مادہ ہے۔ دراصل غذائی صنعت میں اسے بطور چینی یا مٹھاس استعمال کیا جاتا ہے اور چیونگم کی تیاری میں بھی اس کا بھرپور استعمال ہوتا ہے۔ امریکہ میں فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن نے 1980ء میں Aspartame کے استعمال کو ممنوع قرار دے دیا تھا لیکن بعد میں یہ پابندی اٹھالی گئی۔ اس کے باوجود اب بھی بہت سے ماہرین اشیائے خورد و نوش میں اس مادے کے استعمال کی مخالفت کرتے ہیں۔ یہ مادہ زہریلی خاصیت رکھتا ہے اور خلیوں میں ہیجان پیدا کرتا ہے۔ جب یہ خون کے ذریعے دماغ تک پہنچتا ہے تو دماغی خلیات (نیورونز) بہت زیادہ متحرک کر دیتا ہے جس کے نتیجے میں وہ قبل از وقت مرنے لگتے ہیں۔ یہ خرابی نہ صرف متاثرہ انسان کو ذہنی طور پر کمزور کرتی ہے بلکہ اسے مختلف اعصابی بیماریوں کا نشانہ بھی بنا دیتی ہے۔

### (Butylated Hydroxytoluene) BHT

تیار شدہ غذا کے ذائقے، رنگ اور خوشبو کو زیادہ عرصے تک محفوظ رکھنے کے لئے اس مادے کو بطور Preservative استعمال کیا جاتا ہے۔ BHT کو اناج (Cereal) میں بھی شامل کیا جاتا ہے۔ جدید تحقیق کے مطابق جسم میں BHT کی زیادتی جگر، گردوں اور دیگر اہم اعضاء میں زہریلے اثرات پیدا کرتی ہے۔ اس کے علاوہ اس کیمیائی مادے کو بچوں میں Hyper Activity کا ذمہ دار گردانا جاتا ہے۔ اسی وجہ سے کئی یورپی ممالک اس مادے کے استعمال پر پابندی عائد کر چکے ہیں لیکن امریکہ اور بعض ملکوں میں یہ زہریلا مادہ اب بھی چیونگم کی تیاری میں استعمال کیا جاتا ہے۔

### Calcium Casein Peptone Calcium Phosphate

یہ طویل نام ایک کیمیائی مادے کا ہے جو چیونگم کو سفید بنانے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ اس جزو میں شامل ایک جزو کیسین دراصل دودھ سے حاصل ہونے والا پروٹین ہے۔ یورپ میں لوگ اسے فوڈ سپلیمنٹ کے طور پر بھی کھاتے ہیں جبکہ یہ پروٹین کئی مضر صحت ضمنی اثرات کا حامل ہے۔ سینے کی جلن، بدہضمی اور الرجی جیسے عارضے دے سکتا ہے۔

### Gum Base

چیونگم بنانے والے ادارے اس میں شامل کئی اجزاء کو عوام سے خفیہ رکھتے ہیں اور دعویٰ کرتے ہیں کہ یہ اجزاء Trade Secret ہوتے ہیں۔ کاروباری حریفوں کے خوف کو ایک جانب چھوڑتے ہوئے گم بیس کی اصطلاح کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔ درج ذیل 5 اجزاء مل کر Gum Base بناتے ہیں:

### Elastomers-1

یہ اجزاء چیونگم کو لچک مہیا کرتے ہیں۔

### Resins -2

یہ مادے چیونگم کے اجزاء کو باہم جوڑتے اور نرم کرتے ہیں۔

### Plasticizers-3

یہ مادے بھی اجزاء کو زیادہ سے زیادہ لچکدار بناتے ہیں تاکہ بہترین Gum Base بن سکے۔

### Fillers -4

یہ اجزاء چیونگم کی ساخت کو مجموعی طور پر بہتر بناتے ہیں۔

### Antioxidants-5

یہ مادے Gum Base کے ذائقے کو برقرار رکھتے ہیں۔

### Titanium Dioxide

طبی ماہرین نے ایک اور مضر صحت مادے کی نشاندہی کی جو چیونگم کے علاوہ ٹافیوں کی تیاری میں بھی استعمال ہوتا ہے اس کا نام Titanium ہے۔ یہ مادہ چیونگم کی کوٹنگ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ کیمیائی مادہ دمے اور Crohn`s Disease جیسی بیماریوں کا سبب بنتا ہے۔

والدین کو ہمارا مشورہ ہے کہ اپنے بچوں کو صحت مند اور توانا رکھنے کے لئے چیونگم کے استعمال پر ازخود پابندی لگا دیں اس سے پہلے کہ پھول سے بچوں کو بڑی اور مہلک بیماریاں آن گھیریں۔ آپ خود بچوں کو کنٹرول کریں اور بچوں کی خرابی صحت کی ذمہ داری فوڈ انڈسٹری پر منتقل نہ کریں۔



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more





# نئے کپڑے دھوکر پہننا کیوں ضروری ہے؟

## کہیں کیمیکلز اور حشرات بیمار نہ کردیں

ماہرین امراض جلد کہتے ہیں کہ نئے کپڑے پہننے سے پہلے انہیں لازماً دھولیا کریں کیونکہ کپڑا ابھی چند تیز کیمیائی عناصر سے گزار کر، شکنوں سے پاک کیا جاتا ہے۔ یہ کیمیائی مادے خارش اور دیگر جلدی امراض کا باعث بن سکتے ہیں۔ نیویارک کی کولمبیا یونیورسٹی میڈیکل سینٹر کے ڈرماٹولوجسٹ پروفیسر ڈونلڈ بیلیسٹو کا کہنا ہے کہ "نئے ملبوسات خرید کر گھر لانے کے بعد انہیں کم از کم ایک بار دھو لینا چاہئے۔ نئے کپڑے کیمیکلز سے آلودہ ہونے کے علاوہ جراثیم اور وائرسز سے آلودہ بھی ہوسکتے ہیں۔ بہت ممکن ہے کہ آپ کی جانب سے انہیں خریدنے سے پہلے کسی دوسرے نے ٹرائل روم میں انہیں پہن کر دیکھا ہو اور یوں ان کے جسم پر موجود جراثیم اور حشرات ان کپڑوں تک منتقل ہوگئے ہوں"۔

برطانیہ میں ملبوسات تیار کرنے والی کمپنیاں اس بات کی پابند نہیں کہ وہ شکن سے محفوظ رکھنے والے کیمیکلز کے استعمال سے متعلق اطلاع ان ملبوسات کے لیبلز پر ظاہر کریں جو فروخت کے لئے پیش کئے جا رہے ہیں۔

پروفیسر بیلیسٹو جو جلد کی سوزش Dermatitis کے ماہر ہیں ان کا کہنا ہے کہ "کپڑوں کو کلف لگانے اور شکنوں سے پاک کرنے کے لئے ایک کیمیائی مادہ Formaldehyde Resin استعمال کیا جاتا ہے جو جلد کو نقصان پہنچانے کا اہم ذمہ دار ہے۔ یہ کیمیکل ایک بے رنگ گیس کی صورت میں بعض کپڑوں پر استعمال کیا جاتا ہے تاکہ ان پر شکنیں نہ پڑیں اور پھپھوند وغیرہ نہ لگے لیکن ایسے کیمیکل لگے کپڑے پہننے سے جلد پر خارش شروع ہوسکتی ہے اور حساس ردعمل دیکھنے میں آسکتا ہے۔ بعض سائنسدانوں نے تو یہاں تک خبردار کیا ہے کہ Formaldehyde سے جلد کے سرطان کے ہونے کا خدشہ بھی ہے۔

کپڑوں میں استعمال ہونے والے رنگ (Dye) کو بھی خطرناک سمجھا جاتا ہے کیونکہ یہ بھی چند مسائل کا سبب بنتے ہیں۔ بہت سے سنتھیٹک کپڑوں کو Azo-Aniline Dyes سے رنگین کیا جاتا ہے جو اگر جلد کو چھو جائے تو اس کے نتیجے میں سنگین نوعیت کی الرجی کی شکایت سامنے آتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئے کپڑے کو ایک بار دھونے سے ہوسکتا ہے کچھ رنگ پھر بھی اس میں باقی رہ جائے۔ اگر کوئی اس کیمیکل سے الرجی محسوس کرے تو اسے چاہئے کہ وہ دوبارہ دھلائی کے بعد یہ کپڑے سلوائے یا پہنے، جب تک یہ Dye دھل کر خارج نہیں ہوجاتے اس وقت تک کپڑے پہننے والے کی جلد پر خارش اور سرخ دھبے نمودار ہوسکتے ہیں۔

ایسے کپڑے جو تہہ در تہہ الماریوں میں رکھے رہتے ہیں اور جنہیں ہم موسم کی تبدیلی کے اثرات کو دیکھتے ہوئے استعمال کرنے کے لئے نکالتے ہیں ان میں بھی خوردبینی Scabies (حشرات) جمع ہوسکتے ہیں یا کسی اور کپڑے سے ان پر منتقل ہوسکتے ہیں لہٰذا ڈاکٹر کی ہدایت مانئے کپڑوں کو سلائی کرنے، سلائی سے واپس آنے اور بہت روز تک صندوقوں یا الماریوں میں رکھا رہنے کے بعد جب استعمال کرنا ہو دھو کر کریں تاکہ بیماریوں سے محفوظ رہیں۔





WWW.PAKSOCIETY.COM
READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more


# بستر سنوارنا اور وہ بھی تخلیقی انداز سے...

## صبح بیدار ہوتے ہی یہ معرکہ سر کریں

گھر کی ترتیب و آرائش میں تخلیقی جہتوں کا استعمال کرنا کوئی سائنسی فارمولہ نہیں ہوتا مگر ہم سب خواتین کی کوشش ہوتی ہے کہ سونے کے کمرے کو بھی آرام دہ، دلکش اور منفرد بنا دیں۔

### سادہ بستر کی تیاری



گدے پر کوئی چادر بچھائی اور بستر تیار ہوگیا۔ اب یہ چادر پرنٹڈ پھولدار، جیومیٹریکل انداز یا کشیدہ کاری کی ہو یا سادہ اس سے فرق نہیں پڑتا تاہم اگر یہ کمرے کے رنگ و روغن سے متضاد رنگوں کی ہو تو کمرے کی رونق بڑھ جاتی ہے۔

### ہسپتالوں کے بستروں کی تیاری



ہسپتالوں میں چاروں اطراف سے چادروں کو گدے کے نیچے موڑا جاتا ہے لیکن گھروں میں ایسا کرنا ضروری نہیں۔ آپ کا خوشنما فرنیچر اور صاف ستھری پالش کہیں اپنی رنگت اور آب و تاب نہ کھودے۔ اس لئے کم از کم تین اطراف سے اسے لٹکتا ہوا ہی چھوڑ دینا بہتر ہوگا۔ یہ خیال رہے کہ ہر طرف سے چادر کے کونے برابر ہوں۔ کوئی ایک پہلو بھی بے ترتیب نہ ہوں۔ سرہانے کی طرف سے چادر گدے اور پلنگ یا مسہری میں اڑسی ہوگی۔ یہاں سے آپ چادر کو Tight کرکے بچھائیں گی تاکہ گدے کو مضبوطی سے محفوظ رکھا جائے۔

### بچوں کے بستر کی تیاری



اگر آپ کے بستر کی چادر ہفتہ بھر تک میلی نہیں ہوتی یا اس پر نشانات نہیں پڑتے تو یہ اصول بچوں کے بستر پر لاگو نہیں ہوسکتا۔ بچے روکنے ٹوکنے کے باوجود بستر پر گندگی پھیلا دیتے ہیں۔ کبھی کھانے کے داغ تو کبھی واٹر کلر کے دھبے، اس لئے ان کے بستر کی چادریں روز یا ہر دوسرے دن بدلنی ہونگی۔

### Comforter یا گرم لحاف کے ساتھ بستر کی تیاری



موسم کوئی بھی ہو سادہ، روئی کی بھرائی والے یا موٹے سوتی کپڑے سے بنی Sheet استعمال کرنے سے پہلے سادہ چادر بچھا کے گدے کو ڈھانپ لیا جاتا ہے اور لحاف یا موٹی چادر Top پر بچھا کے اندر بچھی ہوئی چادر کو میلا ہونے سے بچایا جاتا ہے۔ یہ لحاف نما چادریں معروف کمپنیاں بناتی ہیں۔ پاکستان میں بڑی اچھی ملبوسات تیار کرنے والے برانڈ چادریں، تکیے کے غلاف، بستر پوش وغیرہ ڈیزائن کرتے ہیں جو بین الاقوامی مارکیٹ میں بھی اچھی ساکھ کے حامل ہیں۔ لحافوں کو آپ بچھا کر تکیوں کی جگہ سرہانے یعنی کشنز رکھتے ہیں اور یہ چھوٹے کشنز نہیں ہوتے سائز میں بڑے اور کشادہ ہوتے ہیں۔ لحافوں کو پورے بستر پر نہیں بچھایا جاتا بلکہ سرہانوں کے اطراف تہہ لگا کے موڑ دیا جاتا ہے۔

### گھر پر دھلی چادریں اور شکن آلود؟



آپ کے خیال میں گھر میں دھلی چادروں کو کون پریس کرے؟ استری کرنے کے لئے وقت چاہئے اور یہ بجلی کا غیر ضروری استعمال ہے۔ دوسری طرف دیکھئے تو شکنوں سے پر چادریں خاتون خانہ کے پھوہڑپن کا ثبوت پیش کریں گی۔ کچھ کپڑوں کو استری نہ بھی کریں تو برا تاثر نہیں ملتا۔ تاہم اگر یہ لینن اور کاٹن کے میٹریل کی ہیں تو یا تو انہیں دھو کے نچوڑنے کے بعد اچھی طرح جھٹک کر سکھایئے یا اگر واشنگ مشین میں کپڑے دھل رہے ہیں تو بھی جھٹک کر پھیلایئے۔ استری کر لیجئے۔ استری کے جمالیاتی مقاصد تو واضح طور پر محسوس ہوتے ہیں مثلاً کمرہ اور بستر آراستہ نظر آتا ہے لیکن اگر طبی فوائد دیکھیں تو فضائی آلودگی اور کھلی فضا میں موجود ننھے منے حشرات ضائع ہوجاتے ہیں اور بستر کی چادریں الرجی نہیں کرتیں۔

### اپنا بستر روزانہ ترتیب دیں



اگر آپ کام کرتی ہیں تو علی الصبح دیگر کاموں کو نبٹانے کے ساتھ ساتھ بستر بنانے کی خوشگوار سرگرمی بھی نبٹایئے جو چادر بدلنی ہو صبح ہی بدل کے گھر سے نکلیں اور کوشش کیجئے کہ میلی چادریں فوراً ہٹا دی جائیں۔ شام کو گھر لوٹنے پر بستر بنانا کوئی معنی نہیں رکھتا۔ تب تک تو آپ کو آرام کے لئے بستر درکار ہوتا ہے۔

### قیمتی لحاف کا تحفظ



کمبل کے بجائے اگر آپ کڑھا ہوا کوئی دبیز لحاف استعمال کرتی ہیں اور یہ بہت قیمتی بھی ہو تو ایک سادہ کپڑے کی چادر اس کے نیچے اس طرح بچھائی جائے کہ وہ بستر کے بجائے لحاف کو لپیٹے اور اس کو محفوظ کرنے کے لئے استعمال کی جائے اور اسے سرہانے تک نہ لے جایا جائے بلکہ سر کے اطراف کی جگہ پر تہہ لگا کے موڑ دیا جائے۔ اس طرح قیمتی لحاف تک ہاتھ اگر گرد آلود ہوں تو بھی لحاف پر نشانات نہیں پڑتے۔


READING Section

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more





# قبائلی طرز آرائش

## یہ جمالیاتی حسن کی ایک تجویز بھی ہے

ماہر فن تعمیرات مکان بنا کر گویا ایک معیار عطا کر دیتا ہے اس کے بعد آپ اپنی سہولت سے اسے کس طرح سجاتے ہیں اور استعمال کی کتنی گنجائش نکالتے ہیں یہ معیار آپ کو متعین کرنا ہوتا ہے۔ اندرونی آرائش بنیادی اہمیت اختیار کر جاتی ہے یوں اگر ماہرین آپ کو قبائلی طرز آرائش کا مشورہ دیں تو اس تصور کو عملی جامہ پہنانے کے لئے گھر کے کسی ایک کمرے کا انتخاب کیا جاسکتا ہے۔

پاکستان کے شمال اور جنوب میں ایسے زرخیز قبائلی علاقے موجود ہیں جن کی ثقافت اور رسموں ریتوں کے نقوش کو گھریلو آرائش کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

کچھ خواتین اجرک کو فریم کروا کے دیواری آرائش کے لئے استعمال کرتی ہیں۔ کچھ کشنز کے لئے آئینہ جڑے کپڑے استعمال کرتی ہیں۔ اسی طرح مخمل کلاتھ کے لئے مراتشی نقوش سے مرصع ڈیزائن خوبصورت دکھائی دیتے ہیں۔



### مخملیں احساس اور پرتاثر آرائش

پاکستان کے شمالی علاقہ جات میں فرشی نشستوں کی غیر رسمی آرائش پسند کی جاتی ہے۔ قبائلی افراد اپنی بیٹھکوں کو دبیز قالینوں اور فرش کشنز کی مدد سے نہ صرف خوبصورت بلکہ آرام دہ بھی بناتے ہیں۔ ملک کے دیگر حصوں میں گرما کی رتیں جیسے ہی گزرتی ہیں بازاروں میں مخمل کے دبیز اور خوبصورت پائیدان، کشنز اور گاؤ تکیے فروخت کے لئے آجاتے ہیں۔ آپ مکمل آرائش نہ سہی مگر بدلتے ہوئے موسم کی آؤ بھگت اس انداز سے کیجئے کہ ایک آدھ کشن بیڈروم یا لاؤنج میں رکھ لیں۔

آپ ایک ایسا مخمل سے بنا رگ بھی بچھا کر کمرے کے حسن کو دو آتشہ کر سکتی ہیں۔

### زیبرا پرنٹ صوفوں کے کپڑے پر براجمان

جانوروں کی شباہت لئے مختلف کپڑے مارکیٹ میں دستیاب ہوتے ہیں۔ ان میں سوتی کے علاوہ دوسرا میٹریل بھی دستیاب ہوتا ہے۔ آپ چیتا پرنٹ لینا چاہیں یا زیبرا یہ دونوں ہی قبائلی طرز آرائش میں بے حد ڈرامائیت کا تاثر دیتے ہیں اور جاذب نظر دکھائی دیتے ہیں خصوصاً زیبرا ایسی ٹرائبل اسکیم کمرے میں قدم رکھتے ہی پرتپاک استقبال کرتی ہے۔



### قبائلی طرز تصور میں وال پیپرز کی تزئین

زندگی کے روشن رخ دیکھنے اور خوش رہنے کے لئے گھروں کی آرائش میں کوشش کیجئے شوخ اور مدھم رنگوں کے بہترین امتزاج کو یکجا کرنے کی، وال پیپرز کے انتخاب میں بھی خاص احتیاط کی ضرورت ہے اگر آپ جیومیٹریکل ڈیزائن پسند نہیں کرتے تو پتوں والے موٹفز کو آزمالیں۔ روشنی کے انعکاس اور آنکھوں کو تازگی کا احساس دیتے ہوئے یہ ڈیزائن کسے بھلے نہیں لگتے۔

### Ikat Fabrics گرمجوشی کا احساس اجاگر کرتا ہے

قبائلی طرز آرائش کبھی مدھم اور صوفیانہ رنگوں کی نہیں ہوتی بلکہ یہ گہرا سرخ اور بڑی حد تک سیاہی مائل شیڈ ہوتا ہے۔ شمالی علاقہ جات کی ثقافت سے میل کھاتے ہوئے Ikat ڈیزائنز کمرے میں حرارت کا تاثر دیتے ہیں۔

### قبائلی خواب گاہوں کا تصور

عام طور پر اس طرز آرائش میں ڈرامائیت کا عنصر توجہ طلب ہوتا ہے آپ سبزی مائل نارنجی رنگوں میں ایسے مخصوص ڈیزائنز کا انتخاب کرکے بیڈشیٹس بنوایئے، لحاف یا Bed Spreads ایسے بنوایئے جو ماڈرن فرنیچر کے ساتھ شفاف تاثر دے۔ یہاں بھی آپ چھوٹے کشنز کی شکل میں آئینہ جڑے کورز کا استعمال کر سکتی ہیں پھر دیکھئے شہروں میں قبائلی آرائش کے تصور کو ورثے اور تہذیب کا تڑکا لگا کہ نہیں؟





WWW.PAKSOCIETY.COM
READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more









# تعلیم کے لئے پرخطر راستوں کے مسافر

## علم کی چاہت رکھنے والے باہمت بچوں کی کہانی

**قوموں کی ترقی تعلیم سے ہی ممکن ہے۔ دنیا بھر میں تعلیم کو ہر ایک کی دسترس میں لانے کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ چھوٹے دیہاتوں اور قصبوں میں بھی اسکول کھولے جا رہے ہیں تاکہ بچے ابتدائی تعلیم حاصل کر سکیں۔**

شہروں میں تو کالج اور یونیورسٹیاں قائم ہوتی ہیں جن میں لاکھوں طلباء تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ بڑے تعلیمی ادارے طلباء کی آمدورفت کے لئے ٹرانسپورٹ کا انتظام بھی کرتے ہیں تاکہ انہیں آنے جانے میں آسانی رہے لیکن دوسری جانب کچھ ملکوں میں پسماندہ طبقات کے بچے تعلیم کے حصول کے لئے ہر روز موت کا سامنا کرتے ہیں۔ شور مچاتے دریا پر ٹوٹا ہوا پل، پہاڑی کی ڈھلوانی سطح اور نیچے گہری کھائی، دریا کی منہ زور لہروں سے جنگی بنیادوں پر زور آزمائی کر کے سہم سہم کر قدم رکھنا کہ کہیں برف کی کوئی پرت ٹوٹ نہ جائے۔ ننھے بچے ہر روز خطرات سے کھیلتے اور اپنی حفاظت کرتے ہوئے اسکول جاتے ہیں۔ ذیل میں ہم ایک مقبوضہ کشمیر اور ایک فلپائن کے دیہات کے باہمت بچوں کی کہانی آپ کے لئے پیش کر رہے ہیں:

1- کوہ ہمالیہ کے ایک علاقے زان سکار میں رہنے والے بچے یخ بستہ نالوں اور جمے ہوئے دریاؤں کو پار کر کے اسکول پڑھنے جاتے ہیں۔ مقبوضہ کشمیر کے اس علاقے میں بچوں کو اسکول جاتے وقت بے شمار خطرات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اگر جمے ہوئے دریا میں کسی جگہ برف کی تہہ پتلی ہو اور وہاں پاؤں پڑ جائے تو انسان برف کے نیچے موجود پانی میں گر جاتا ہے اور خون کی گردش رک جاتی ہے جس سے زندگی خطرے میں پڑ جاتی ہے۔ جمے ہوئے دریا میں برف کے بڑے بڑے ٹکڑے موجود ہوتے ہیں اور ان پر پھسلن بہت زیادہ ہوتی ہے۔ ان ٹکڑوں پر احتیاط سے چلنا ہوتا ہے اگر پاؤں پھسل جائے تو بہت بری چوٹ لگتی ہے۔ بعض اوقات ہڈیاں بھی ٹوٹ جاتی ہیں غرضیکہ ایک طویل راستہ طے کر کے یہ بچے تعلیم حاصل کرنے جاتے ہیں۔

2- فلپائن کے مشرقی صوبہ ریزال کے متعدد دیہات ایسے ہیں جہاں پرائمری یا سیکنڈری درجوں کے اسکول نہیں ہیں۔ یہ بچے گاڑیوں کی ٹیوب میں ہوا بھر کے اسے کشتی کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ ایک ٹیوب پر دو یا تین ننھے بچے بیٹھ جاتے ہیں اور دریا میں آدھے سے پونے گھنٹے کا سفر طے کر کے اسکول پہنچتے ہیں۔ تشویش کی بات یہ ہے کہ لائف سیونگ جیکٹ نہیں ہوتی۔ ایسی صورت میں اگر ٹیوب پھٹ جائے تو بچے لہروں کی نذر ہو جاتے ہیں۔ بارشوں کے موسم میں جب دریا بپھرا ہوتا ہے تو بچے اسکول نہیں جاتے۔ یہاں تقریباً 15 لاکھ بچے اسکول نہیں جاتے ایسے میں ان ننھے فرشتوں کا حوصلہ قابل داد ہے۔

انڈونیشیا کے گاؤں سنگھیا نگ تن جنگ کے ننھے بچے ہر روز بغیر حفاظتی اقدامات کے یہ ٹوٹا ہوا پل عبور کر کے اسکول جاتے ہیں جو دریا کے دوسری جانب واقع ہے۔ دریائے سابرینگ کے 30 فٹ اوپر بنا ہوا یہ پل انتہائی مخدوش حالت میں ہے۔ بچے انتہائی احتیاط کے ساتھ لوہے کی تاروں کو پکڑ کر آہستہ آہستہ چلتے ہوئے پل عبور کرتے ہیں۔ تشویشناک بات یہ ہے کہ یہ پل سیدھا لیٹا ہوا نہیں بلکہ ترچھا ہے جب کسی بچے کا پاؤں پھسل جاتا ہے تو معصوم چیخیں دل دہلا دیتی ہیں۔ پل کے کئی حصے تباہ ہو چکے ہیں اور بچوں کو چھلانگ لگا کر یا ٹانگ کو پھیلا کر اگلے حصے تک آنا پڑتا ہے۔







READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY



# گھر سے جڑی دیوار اور دلوں میں اتنے فاصلے...

## سوچئے ایک اچھا پڑوسی کیسے بنا جائے؟

**ایک اچھا پڑوسی بھی اللہ بارک وتعالیٰ کی نعمتوں میں سے ایک ہوتا ہے۔ ہر کوئی چاہتا ہے کہ اس کے گھر سے قریب ترین جتنے بھی گھر ہوں کم از کم ان سے دعا سلام ہوتی رہے۔ ایک دوسرے کے دکھ، تکلیف، خوشی و غمی کے وقت اکٹھا ہوا جائے اور زندگی آسان بنانے کے لئے ایک دوسرے کی رفاقت حاصل ہو۔ وقت پڑنے پر ایک دوسرے کے کام آیا جائے اور صلہ رحمی کا ثبوت دیا جائے۔**

کیا آپ اچھے پڑوسی ہیں؟ یہ سوال اگر اپنے آپ سے کیا جائے تو ہم میں سے بیشتر لوگ خود کو 10/10 نمبر نہیں دے سکیں گے۔ بڑے شہروں میں زندگی کے معمولات نبھاتے ہوئے اکثر لوگ پڑوسیوں ہی کو اہمیت نہیں دیتے۔ بہت سے لوگوں کو قریب رہنے والوں سے تعارف بھی حاصل نہیں ہوتا۔ مصروفیات اس قدر بڑھ چکی ہیں کہ اپنے کنبے کو بھرپور وقت دینا کٹھن ہوتا جارہا ہے۔ مگر اب بھی متوسط اور زیریں متوسط طبقوں میں پڑوسیوں سے اچھے تعلقات استوار رکھنے کی ثقافت نظر آتی ہے۔ وہ اپنے ہاں منعقد ہونے والی تقریبوں میں پڑوسیوں کو بھی مدعو کرتے ہیں۔ خاص تہواروں میں تحائف بھی تقسیم کرتے ہیں اور کچھ پڑوسی مل جل کر شاپنگ کرنے یا تفریحات کے لئے باہر بھی جاتے ہیں۔ ان کے ہاں تقریب بہر ملاقات کے لئے ون ڈش پارٹیوں کا مختصر سا اہتمام بڑی خوشیاں لے کر آتا ہے۔ کچھ خواتین مل جل کر کمیٹیاں بھی ڈالتی ہیں اس طرح بھی ایک دوسرے کے ساتھ تعلقات استوار رہتے ہیں مگر طبقہ اعلیٰ میں یہ ثقافت نظر نہیں آتی یا بہت کم لوگ روزانہ کے تعلقات استوار کرتے ہیں تاہم تہواروں خاص کر رمضان المبارک اور عیدین یا نذرو نیاز تقسیم کرتے وقت گھر سے جڑی دیوار کے مکینوں کو یاد کرلیا جاتا ہے۔ بچوں کی شادیوں کے موقعوں پر مدعو کرلیا جاتا ہے اور ایسا ہونا بھی چاہئے۔

اگر آپ اپنے ذہن میں اٹھنے والے ایسے ہی کسی سوال سے پریشان ہیں کہ اچھے پڑوسی کیسے ثابت ہونا چاہئے تو ہماری تجاویز پر ضرور غور کرلیں تاکہ معاشرتی مفاہمت سے تعمیر ہونے والے اس مکان کی ایک اینٹ آپ بھی رکھ دیں۔

اکثر مالک مکان پڑوس میں آنے والے کرایہ داروں کو اہمیت نہیں دیتے۔ ان کے خیال میں یہ ایسے پنچھی ہوتے ہیں جو کبھی بھی کسی اور شاخ پر بسیرا کرسکتے ہیں۔ مگر جب تک بھی وہ یہاں قیام کرتے ہیں آپ ایک تعارفی نوٹ یا کارڈ کے ذریعے ان کو خوش آمدید کہہ دیجئے۔ نئے مکان میں منتقل ہونے کے بعد انہیں کئی کام ہوسکتے ہیں انہیں مل بانٹ کے انجام دینے کی آفر کردیجئے۔

اپنے گھر کے اطراف صفائی ستھرائی رکھئے۔ کچرا پھینکنے پر اکثر تلخ کلامی ہوجاتی ہے اس کا کوئی مثبت اور فوری حل نکالئے تاکہ آمدورفت میں پڑوسیوں کو تکلیف نہ ہو۔

دیواروں سے ملحقہ گھر میں ٹیلی ویژن یا موسیقی کی آوازیں جائیں تو ممکن ہے وہاں کوئی بیمار یا طالب علم موجود ہو جسے شور سے تکلیف پہنچ رہی ہو۔ بلند آواز میں گفتگو کرنا بھی غیر مہذب لوگوں کا شیوا ہوتا ہے۔ آپ اپنا نقطہ نظر دھیمی آواز میں بھی بیان کرسکتی ہیں۔ بچوں کو بھی کنٹرول کرنا پڑتا ہے۔ وہ کھیل کود کرتے وقت خاموشی تو اختیار نہیں کرسکتے پھر بھی انہیں Loud ہونے سے بچائیے۔

اگر پڑوس سے آنے والا کوئی برتن آپ سے ٹوٹ گیا ہے تو اسے تبدیل کرنے کی حتی الامکان کوشش کریں۔ یہ چیز نئی نہ آسکے تو اس کے متبادل کوئی اچھی چیز اسے دے دیں۔

پڑوسیوں کے معاملات میں دخل اندازی قطعی غیر اخلاقی بات ہے۔ ٹوہ میں رہنا یا آئے گئے پر نظر رکھنا اور بعد میں سوال کرنا یقیناً پڑوسی کو بھی اچھا نہیں لگے گا۔ آپ صرف ان کے سونے جاگنے اور کام کے لئے آنے جانے کا پتہ رکھیں تاکہ بے وقت ان کے ہاں Visit نہ کی جائے۔ خواتین خاص خیال رکھیں کہ مردوں کے گھر اور بچوں کے اسکول سے آنے کے بعد خاتون خانہ کی ذمہ داریاں بڑھ جاتی ہیں اگر اس وقت آپ ضروری بات فون کے ذریعے یا صدر دروازے ہی سے کرکے لوٹ آئیں۔

اچھی باتیں پڑوسیوں سے ضرور شیئر کی جاسکتی ہیں مگر راز اندرون خانہ کو فاش نہ کیا جائے تو بہتر ہے۔ نہ ہی ان کی آمدنی یا اخراجات سے متعلق غیر ضروری سوالات کریں۔ اچھے سامع بنیں صرف سنیں کہ جو پڑوسی آپ کو خود بتا رہا ہو اور نیک خواہشات کا اظہار کردیں۔ آپ اس طرح بڑے دل والی اور ہمدرد ثابت ہوں گی۔

ایک پڑوسی کے کسی بدمزہ کھانے کی روئیداد دوسرے کو نہ سنائیں ممکن ہے کہ پکاتے وقت بے دھیانی میں اجزاء مکمل تناسب کے ساتھ استعمال نہ ہوئے ہوں یا جلدی میں کسی ایک مرحلے پر پکوان ادھورا رہ گیا ہو۔ اگر آپ کو یہ ڈش پسند نہیں آئی تو یقیناً کسی اور کو بھائی ہوگی اس کے لئے مخصوص کردیں لیکن بدگوئی یا طعنہ دیتے ہوئے پڑوسی کو تکلیف نہ پہنچائیں۔ یہی سوچ لیں کہ آپ کی کہی ہوئی بات کسی طرح اس پڑوسی کے کانوں تک جا پہنچی تو آپ کی کتنی سبکی ہوگی۔



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more






# Jack & Charlie

# کیفے، گرل اور کانٹی نینٹل

## کراچی میں ذائقے کی دنیا کا نیا مرکز

پاکستان میں لوگوں کے طرز زندگی اور روزمرہ کے معمولات میں بے پناہ تبدیلیاں آچکی ہیں۔ بہتر لباس، اچھا کھانا اور صحت بخش مشاغل کے ساتھ ساتھ سوشل میڈیا کی سرگرمیوں میں عوامی دلچسپی بڑھتی جارہی ہے۔ کئی اچھے برانڈز نئے انداز کے ملبوسات پیش کررہے ہیں اور بڑے شہروں میں کئی نئے ریسٹورنٹس کھل رہے ہیں۔ کراچی میں بھی ہر پوش ایریے میں دیسی اور بدیسی کھانوں کے مراکز قائم ہورہے ہیں جن کے ناموں میں ندرت اور جدت بھی نظر آتی ہے مثلاً چائے والا، جو چاکلیٹ، پراٹھے اور چائے جیسے سادہ لوازمات کے ساتھ نوجوانوں میں مقبول ہورہا ہے۔ یہ چائے کا ڈھابہ سادگی اور بے تکلفی سے عوامی سطح کا ریسٹورنٹ ہے جو DHA کراچی خیابان بدر اور ہلال کے سنگم پر واقع ہے۔ خیال رہے کہ یہ ڈھابہ شام سے رات گئے تک تجارتی بنیادوں پر کھلتا ہے۔

خیابان سحر پر کھلنے والا ایک نیا ریسٹورنٹ Jack & Charlie اپنے نام کی طرح ممتاز ہے۔ اس کا مینیو اٹالین اور میکسیکن کیوزین پر مشتمل ہے اور اس کے روح رواں ڈاکٹر بلال جتوئی ہیں۔ یہ پیشے کے اعتبار سے ڈاکٹر ضرور ہیں لیکن لذت کام و دہن کے سلسلے میں ان کا ذوق بے حد بلند ہے۔ ایسا نہیں ہے کہ آپ کو ان کے ریسٹورنٹ میں پرہیزی کھانا پیش کیا جائے گا۔ ریسٹورنٹ کا لوگو نہایت پرکشش ہے اس کی شبیہیں بہت عمدہ ہیں۔ اس کیفے میں ڈاکٹر حضرات و خواتین اور Dentists کے لئے 10% فیصد رعایت پیش کی گئی ہے اور ڈاکٹر بلال جتوئی نے سوشل میڈیا میں زیر تعلیم طلباء و طالبات کے لئے بھی اسی رعایت کی یقین دہانی کرائی ہے۔ بہرحال کھانا کیسا ہے؟ مینیو اور دوسری آفرز پر نگاہ ڈالئے۔ ہماری ساتھی جو گھر سے باہر کھانوں کی خاصی شوقین ہیں ہماری توجہ رعایتی پیشکش سے ہٹائی۔

دیکھئے 2 مین کورس ڈشز کے ساتھ سافٹ ڈرنک اور دو میٹھے پیش کئے جارہے ہیں اور اس کی لگ بھگ 3 ہزار روپے قیمت درج ہے۔ آپ ایک مین کورس آزمائیں تو یہی رقم 1699 روپے ہوجائے گی۔ سوال یہ اٹھتا ہے کہ آپ کھانا کیا چاہتے ہیں؟ ریسٹورنٹ میں قدم رکھتے ہی شاندار پتھریلی دیواروں کے عقب میں آرام دہ نشستوں اور لائٹنگ کا رومان انگیز تصور آپ کی تھکن اتار دیتا ہے۔

Chicken Caesar Salad کے ساتھ Combo Platter اچھا امتزاج ہے۔ چکن عمدگی سے پکائی گئی ہے۔ سخت بھی نہیں ہے اور Stuffed Chicken Stripes میں پنیر کا استعمال ڈھنگ سے کیا گیا ہے۔ مصالحے خوب ہیں انہیں بہت تیکھا بھی نہیں کہہ سکتے۔ اب ہم نئے ریسٹورنٹ کو آزمانے کے آزمائشی دورے گزر چکے تھے۔

اٹالین اور کانٹی نینٹل کھانے کے رسیا یہاں Chicken Pasta Pesto یعنی Pesto Sauce میں تیار کئے گئے پاستا سے یقیناً لطف اندوز ہوں گے اور لزانیا کی نرمی اور خستگی کا ذائقہ بہت دیر تک یاد رہتا ہے۔ ہم نے دیکھا کہ کسی صاحب نے اسے گھر لے جانے کے لئے پیک کرایا ہے۔

ڈاکٹر بلال جتوئی نے French Chilli Chicken آزمانے کا مشورہ دیا۔ اس کی وائٹ ساس میں چھوٹی چھوٹی تراشی ہوئی روزمیری کی پتیاں ڈش کا ذائقہ بڑھا رہی تھیں۔ بچوں کے لئے برگر بھی موجود ہے اور آج کل برگر کہاں نہیں ہے لیکن یہ ہر جگہ Juicy نہیں ملتا۔ Jack & Charlie نے اس کے لوازمات میں مرغی کے گوشت کی لطافت اور نرمی برقرار رکھنے کے لئے اسے محنت سے گرل کیا ہے۔

### میٹھے میں کیا ہے؟

سلونے ذائقوں کے ساتھ ساتھ مٹھاس کے شعبے پر بھی خاصی محنت کی گئی ہے۔ یہاں آپ کو Red Velvet Cake کے علاوہ براؤنیز اور مختلف کیک ملتے ہیں۔ بیکنگ میں بھی نزاکت اور مہارت کا اشتراک محسوس ہوتا ہے۔ ہمارا مشورہ ہے کہ سلونے ذائقوں کو بے دھڑکے آزمایئے مگراتنی گنجائش ضرور رکھ لیجئے گا کہ Chocolate Lava Cake کا سلائس کھاسکیں۔ عموماً ہوتا یہ ہے کہ میٹھے کی گنجائش ہی نہیں رہتی۔

اگر آپ صرف اسنیکس (ناشتے) کے موڈ میں ہیں تو مشروبات میں Cherry Colada اور Blue Colada آرڈر کیجئے یقیناً آپ تازہ دم ہوجائیں گے۔

Jacke & Charlie اپنی آفرز اور میٹھے سلونے پکوانوں کی وجہ سے نوجوانوں میں مقبول ہورہا ہے اور اس کا ایک سبب یہاں ایک فلور پر شیشہ پینے کی سہولت دی گئی ہے۔ بس اک یہی بات ہمیں ناگوار گزری ہے کہ ڈاکٹر ہوتے ہوئے آپ ایک غیر صحت بخش کاروبار کیوں کررہے ہیں؟ تمباکو نوشی ہو یا فلیورڈ شیشہ یہ دونوں ہی مضر صحت ہیں۔ بہتر یہی ہے کہ آپ یہاں صرف کھانا کھانے جائیں اور انگلیاں چاٹتے واپس آئیں۔ کیا خیال ہے ایک مشورہ ہمارا بھی مان لیں۔


چکن سیزر سلاد


چاکلیٹ لاوا کیک


چکن پاستا پیسٹو


ریڈ ویلویٹ کیک



READING Section

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more




# اپنے پھل اور سبزیاں خود اگائیں

## خود کفیل ہو جائیں

نرگس ارشد رضا

پاکستان میں باغبانی ایک ایسا مشغلہ ہے جسے ہر عمر اور ہر قسم کے افراد دلچسپی سے کرتے ہیں یہ بات خوش آئند ہے کہ اب باغبانی سے وابستہ افراد باغبانی کے لئے اور اپنے پودوں کو بڑھانے کے لئے کیمیکلز کے بجائے قدرتی طریقوں سے کام کر رہے ہیں۔ ہمارے ملک میں ماحولیاتی آلودگی کے خطرات بڑھتے جا رہے ہیں اس لئے زیادہ سے زیادہ باغبانی کرنی چاہئے تاکہ موسم خوشگوار اور ماحول ہرا بھرا، سرسبز و شاداب رہے۔ صدیوں سے کسان ہمیشہ قدرتی طریقوں سے باغبانی کیا کرتے تھے لیکن جوں جوں وقت گزرتا چلا گیا باغبانی سے متعلقہ افراد پھول، پودے اگانے اور ان کی تیزی سے نشوونما کے لئے مختلف قسم کے کیمیکلز استعمال کرنے لگے۔ لوگوں میں اس بات کی آگاہی پیدا ہو رہی ہے کہ غیر قدرتی طریقے سے ان کیمیکلز سے اگائے جانے والے پودے، سبزیاں اور پھل انسانی صحت کے لئے کتنے خطرناک ثابت ہو سکتے ہیں۔ لوگوں میں یہ آگاہی مختلف طریقوں مثلاً ٹی وی، انٹرنیٹ، کچھ مخصوص باغبانی سے متعلق فلموں اور کتابوں سے آئی ہے۔ باغبانی ایک ایسا دلچسپ مشغلہ ہے جس کو جتنا تیزی سے اپنے اردگرد افراد میں پھیلاتے جائیں اس کے اتنے ہی مثبت اثرات ہوں گے۔





### آیئے تربوز کاشت کریں

گرمیوں میں کچھ پھل اور سبزیاں بہترین اور قدرتی طریقہ سے اگائی جاسکتی ہیں جیسا کہ تربوز۔ اسے لگانے کے لئے وسیع جگہ درکار ہوتی ہے تاکہ اس کی بیل آسانی سے پھل پھول سکے۔ تربوز اگانے کے لئے کسی خاص قسم کی مٹی کی ضرورت نہیں ہوتی بلکہ یہ ایسی مٹی یا ریت میں لگایا جاسکتا ہے جہاں پانی ملا ہو کیونکہ بہت جلد اگنے والا پھل ہے اس لئے اسے پانی کی بہت ضرورت ہوتی ہے اس کے لئے اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ یہ پودا بڑھتے وقت خشک نہ ہو۔ اسے ہر وقت پانی میں رکھیں تربوز اگانے کے لئے مٹی کی گہرائی اٹھارہ انچ تک مناسب ہوتی ہے۔ تربوز کی بیل کو مٹی سے ٹکرانے نہ دیں بلکہ اسے کسی لکڑی کے سہارے کھڑا رکھیں۔ تربوز کے بیجوں کو گچھے کی صورت میں نہ لگائیں بلکہ ہر ایک بیج کو ایک مناسب جگہ دے کر لگائیں اس پر پانی تیزی کے ساتھ نہ دیں اور نہ ہی اس کی پوری بیل پر پانی ڈالیں بلکہ اس کا جو مرکزی حصہ ہے اس پر پانی ڈالیں۔ تربوز کی بیل کو صبح و شام پانی کی ضرورت ہوتی ہے اس کے علاوہ Organic فرٹیلائزر کا استعمال ہفتہ میں دو بار کریں اور پھر یہ ہلکے چھوٹے بیجوں سے کس طرح ہرے رس بھرے تربوز کی شکل میں اگنے لگے گا۔

موسم گرما میں Zinnias، Cosmos، Tithonia، Dazzling، Dudbeckia، Matracaria، Gompherena، Coleus، Kochia، Gaillardia کے پودے اگائے جاتے ہیں۔

### مرچ اور شملہ مرچ اگا کے دیکھیں

اس مہینے میں جو سبزیاں بیج سے اگائی جاتی ہیں ان میں مرچ اور شملہ مرچ کی بہت ساری اقسام ہیں۔ اس مہینے میں مرچ اور شملہ مرچ مختلف رنگوں اور سائز میں اگائی جاتی ہیں۔ خاص طور پر پیلے اور اورنج رنگ کی شملہ مرچ، ہری شملہ مرچ سے کافی زیادہ میٹھی ہوتی ہیں اور مارکیٹ میں بہت زیادہ تعداد میں نظر آتی ہیں۔

ان سبزیوں کے علاوہ کھیرا، بھنڈی، ٹماٹر، سلاد کے پتوں، بند گوبھی، پھول گوبھی کے ساتھ ساتھ Leaf Beet بھی کافی ساری اقسام میں پائے جاتے ہیں۔ پالک بھی موسم گرما میں ہی اگایا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ گلابی، جامنی، لال اور اورنج رنگ کے چقندر، سندوائٹ جیسی مولی اور ہری پیاز بھی اسی موسم کا تحفہ خاص ہیں۔ پیاز ایسی سبزی ہے جو پورے سال اگائی جاتی ہے دوسری طرف ہربل سبزیوں میں دھنیہ، تلسی، لیمن گراس بھی اسی مہینے میں اگائے جاتے ہیں۔ اس ماہ جن سبزیوں کو اگایا جاسکتا ہے ان کی تیاریاں آپ کو شروع کر دینی چاہئیں۔

- سب سے پہلے اپنے گملوں میں نیچے کی جانب سوراخ کر لیں اور اس میں مٹی ڈال کر کھدائی کر کے رکھیں تاکہ جب مون سون کا موسم شروع ہو تو آپ اس میں اپنا من پسند پودا اگا سکیں۔
- گھر میں موجود پانی کے اخراج کے نظام کو بارشوں کے آغاز سے پہلے چیک کر لیں اور اگر ان میں کوئی خراب ہے تو اسے صحیح کر لیں یہ ٹپس ایسے افراد کے لئے ہے جن کے پاس چھت والا گارڈن ہے۔
- جس قسم کے پودے یا سبزیاں پھل آپ اگانا چاہتے ہیں ان کے بیج موسم شروع ہونے سے پہلے جمع کرنا شروع کر دیں تاکہ موسم کے آغاز سے ہی اگانے کا عمل شروع ہو سکے۔




WWW.PAKSOCIETY.COM
READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | f PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more



# کوکنگ اور گھرداری کی رہنمائی کے لئے ڈالڈا ایڈوائزری سروس

**میں یہ جاننا چاہتی ہوں کہ مچھلی کی کونسی اقسام اومیگا3 کے حصول کے لئے اچھی ہیں۔ ہوسکے تو یہ بھی بتادیں کہ یہ کیا ہوتے ہیں انہیں خوراک میں شامل کرنا کیوں ضروری ہے؟**

**آمنہ منیر... حیدرآباد**



تقریباً تمام ہی اقسام کی مچھلیاں خواہ وہ شیل فش یعنی خول والی مچھلیاں ہوں جن میں جھینگے بھی شامل ہیں اومیگا3 کی فراہمی کا ذریعہ مانے جاتے ہیں۔ جہاں تک مقدار کا تعلق ہے تو اس سلسلے میں مچھلیوں کی اسپشی اور ایسی خوراک جس پر وہ پرورش پاتی ہیں نمایاں وجوہات ہیں جن کی بناء پر اومیگا3 فیٹی ایسڈز کم یا زیادہ ہوتے ہیں جیسے اٹلانٹک سالمن اس حوالے سے بہترین قرار دی جاتی ہے اس کے علاوہ ٹونا، سارڈفش، میکرل (سرمئی)، مزویلی (کلکن)، ہیرنگ وولف (کیرلی)، سارڈین (سرلی)، ایمپرا (ملا) بھی اسی فہرست کا حصہ ہیں۔ اومیگا3 فیٹس یا چکنائی کی ہی قسم ہے لیکن انہیں EFA یعنی Essential Fatty Acid اس لئے کہا جاتا ہے کہ یہ ہماری صحت اور نشوونما کے لئے بہت ضروری ہیں۔ انسانی جسم میں انہیں پیدا کرنے کی صلاحیت موجود نہیں ہوتی لہٰذا ان کے حصول کا دارومدار ہماری خوراک پر ہوتا ہے۔ یہ ٹرائی گلیسرائیڈ (خون کی چکنائی) کی سطح کو کم کرنے، جوڑوں کے امراض، ذہنی دباؤ، ایستھما، بچوں کی نشوونما کے علاوہ دماغی کارکردگی کو بہتر بنانے میں موثر ہیں۔

**گریوی کے ساتھ مچھلی پکائیں تو اس کے قتلے ٹوٹ کر بکھر جاتے ہیں اس مسئلے کا حل بتادیں؟**

**مالکہ شیخ... کوٹری**



ہمیشہ تازہ مچھلی کا انتخاب کیجئے۔ اپنی پسندیدہ ترکیب کے مطابق دہی یا ٹماٹر کے ساتھ گریوی تیار کیجئے اور اسے معمول سے کسی قدر گاڑھا رکھئے۔ موٹے گیج کی پھیلی ہوئی دیگچی استعمال کیجئے اور گریوی تیار ہوجانے کے بعد احتیاط سے مچھلی کے قتلے ایک تہہ میں گریوی پر لگایئے۔ پسند ہو تو خشک میتھی کی پتیاں دھوکر صاف پانی میں بھگو کر رکھیں۔ مچھلی کے قتلوں کی تہہ لگانے کے بعد ان پر پسا ہوا گرم مصالحہ اور بھیگی ہوئی میتھی کی پتیاں پانی سے نکال کر قتلوں پر چھڑک دیں۔ دیگچی سیدھے توے پر رکھیں اور 10-12 منٹ بالکل دھیمی آنچ پر دم پر رکھیں۔ سرونگ باؤل میں پہلے کفگیر کی مدد سے قتلے نکالیں پھر اسکوپ اسپون یا کٹوری والے چمچے کی مدد سے گریوی شامل کریں۔ امید ہے کہ دی گئی احتیاط پر عمل کرتے ہوئے آپ بہترین نتائج حاصل کرسکیں گی۔

**مچھلی کی ہیک دور کرنے کا کوئی آسان طریقہ ہو تو بتادیں، مہربانی ہوگی؟**

**اقراء... رحیم یارخان**



مچھلی کی ہیک کی دو وجوہات ہوتی ہیں ایک تو مچھلی کی مخصوص مہک ہے جو اسمیں موجود ہوتی ہے اور دوسری وہ جو کہ باسی مچھلی میں پیدا ہوجاتی ہے۔ اگر آپ تازہ مچھلی کے انتخاب کو یقینی بنائیں تو دوسری قسم کی ہیک کا امکان ہی نہیں ہوگا جبکہ اقسام کے اعتبار سے تازہ مچھلیوں میں بھی کم یا زیادہ مہک ہوتی ہے۔ اسے دور کرنے کے لئے ہر ایک کلو مچھلی کے لئے دو کھانے کے چمچے سفید سرکے کے اندازے سے دھو کر رکھی ہوئی مچھلی کو پھیلے ہوئے کانچ یا پلاسٹک کے برتن میں رکھیں اس پر ہر ایک کلو کے لئے دو کھانے کے چمچ سفید سرکہ چھڑک دیں۔ 12-15 منٹ کے لئے ہوادار جگہ پر بغیر ڈھانپے رکھ دیں۔ پھر سادہ پانی سے کنگھالیں، چھلنی میں رکھیں اور اضافی پانی خشک ہوجانے پر اپنی ترکیب کے مطابق پکائیں۔

**جھینگا بریانی میں جھینگے بہت سخت رہ جاتے ہیں جتنا بھی پکالوں نرم نہیں ہوتے آپ کے مشورے کا انتظار رہے گا؟**

**نعیمہ شیخ... سکھر**



یاد رکھئے کہ جھینگوں کو ہرگز بھی ضرورت سے زیادہ نہیں پکایا جاتا۔ یہ بھی ان چند اجزاء میں سے ایک ہے جنہیں پکانے کا دورانیہ حد سے تجاوز کر جائے تو یہ نہ صرف اپنا ذائقہ کھو دیتے ہیں بلکہ بہت سخت ہوجاتے ہیں۔ لہٰذا انہیں گائے اور بکرے کے گوشت کی طرح نہیں گلایا جاتا۔ بریانی کے لئے جھینگوں کا قورمہ مکمل تیار کرلیں۔ آخر میں جھینگے شامل کردیں۔ چند منٹ درمیانی آنچ پر پکائیں جونہی یہ گلابی یا سرخی مائل ہونے لگیں تو فوراً چولہا بند کردیں اور چاولوں کی تہہ لگا کر دم پر رکھ دیں۔ عام حالات میں دو منٹ پکنے کے بعد یہ گلابی ہوجاتے ہیں۔ اب آپ جھینگوں کی کڑاہی بنائیں، بریانی یا سالن۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more



## کچن میں برتن دھونے کے لئے استعمال ہونے والے اسفنج کو کتنے عرصے کے بعد تبدیل کر دینا چاہئے اور اسے جراثیم سے پاک کرنے کا درست طریقہ کیا ہے؟

**پروین مرزا... خان پور**



برتن دھونے کے لئے استعمال کئے جانے والے اسکورنگ پیڈز اور اسفنج کے استعمال کا دورانیہ اس بات پر منحصر ہے کہ یومیہ کتنے اور کس نوعیت کے برتن دھوئے جاتے ہیں۔ اسی طرح برتن دھونے کے بعد خصوصاً رات کے وقت انہیں اچھی طرح دھو کر ایسی جگہ رکھیں کہ ان میں موجود پانی نچڑ جائے۔ کسی باؤل وغیرہ میں ہرگز نہ رکھیں ورنہ تمام رات اس میں موجود نمی جراثیم کی افزائش اور نشوونما کا سبب بنے گی۔ اگر آپ معیاری جراثیم کش ڈٹرجنٹ سے برتن دھوتی ہیں تو آخر میں اسی سے اسکورنگ پیڈز وغیرہ کو بھی اچھی طرح دھوئیں، نچوڑیں اور جالی دار سوپ ڈش یا کسی ایسی جگہ رکھیں کہ یہ باآسانی خشک ہو جائے۔ اس کے علاوہ بھی چاہیں تو ڈٹرجنٹ اور سفید سرکے کے محلول میں 30-25 منٹ کے لئے بھگوئیں اور پھر سادہ پانی سے دھو کر خشک ہونے رکھ دیں۔ اس طریقے سے بھی جراثیم سے کافی حد تک بچاؤ ممکن ہو جاتا ہے۔ نیز گھر داری میں استعمال کیا جانے والا لیکوئیڈ بلیچ بھی جراثیم کے خاتمے کے لئے موثر سمجھا جاتا ہے۔ دی گئی ہدایات کے مطابق احتیاط سے استعمال کر سکیں تو یہ بھی کارآمد رہتا ہے۔ کسی وجہ سے اگر ان میں ناگوار بو پیدا ہو جائے تو فوراً تبدیل کر لیں۔ کیونکہ یہ چھوٹی سی چیز صحت کو بڑے خطرات سے دوچار کر سکتی ہے۔

## ہماری والدہ ایک زمانے میں نہایت چاق و چوبند اور خوش مزاج خاتون ہوا کرتی تھیں۔ اب کچھ عرصہ سے ان کی شخصیت میں نمایاں تبدیلی رونما ہوئی ہے۔ کم بولتی ہیں، ایک ہی کمرے میں زیادہ وقت گزارتی ہیں۔ اب ان کے چہرے کی رنگت بھی ماند پڑنے لگی ہے، بظاہر صحت مند ہیں لیکن مجھے تشویش ہی لاحق ہے۔ آپ کی رہنمائی درکار ہے؟

**حنا شعیب... ساہیوال**



کئی مرتبہ ایسا ہوتا ہے کہ ہمارے گرد و نواح میں رہنے والے افراد اتنے صحت مند ہوتے نہیں جتنے نظر آتے ہیں۔ مصروفیت کے اس دور میں جب تک ہمیں کوئی خود نہ کہے کہ ان کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے ہمیں اندازہ نہیں ہوتا یا شاید ہم توجہ نہیں دیتے۔ لہٰذا بظاہر صحت مند نظر آنے کے باوجود پہلی فرصت میں اپنی والدہ کا طبی معائنہ کروائیے اور ڈاکٹر کی ہدایات پر باقاعدگی سے عمل کیجئے۔ دوسرا اہم نقطہ یہ ہے کہ خاندان میں یا دور یا پاس کے عزیزوں میں کوئی صدمہ یا پریشانی کا شکار ہوں اور والدہ ان کی وجہ سے مایوسی کے احساس میں مبتلا ہو گئی ہوں اور پھر ان کا خاموش رہنا بھی بے معنی نہیں جبکہ وہ متحرک اور خوش مزاج ہوا کرتی تھیں۔ اگر کچھ دوائیں ان کے استعمال میں ہیں تو ان کے بارے میں بھی معالج سے دوبارہ مشورہ کر لیں اور موجودہ کیفیت کے حوالے سے کمی بیشی تجویز کی جائے تو اس پر عمل کریں۔ ان تمام اہم امور پر جتنی جلد توجہ دیں گی اتنی ہی زیادہ امید ہے کہ ان کی شخصیت کے اصل انداز کی دوبارہ بحالی کے امکانات روشن ہوں گے۔ اس کے ساتھ ساتھ سب سے ضروری یہ ہے کہ ان کو معمول سے زیادہ وقت دیں اور خود پر ان کے اعتماد کو بہتر بنائیں۔ قوی امکان ہے کہ وہ اپنی پوشیدہ کیفیت کا اظہار کریں اور آپ کے لئے اس تبدیلی کی وجوہات تک رسائی ممکن ہو سکے اور آپ انہیں اس صورتحال سے باہر آنے میں ان کی معاونت کر سکیں۔ آپ کی والدہ کے لئے آپ کا خلوص یقیناً قابل تحسین ہے ورنہ اکثر گھرانوں میں بڑوں سے توقعات تو آخری دم تک رکھی جاتی ہیں لیکن جہاں تک اپنی ذمہ داری کی بات ہے اکثر بزرگ بے توجہی، تنہائی اور صدمات کے بوجھ تلے زندگی بسر کرتے نظر آتے ہیں۔ آپ اپنے ہم عمروں کے لئے قابل رشک مثال ہیں۔ سکون قلب، اعتماد اور کامیابی کے خزانے بزرگوں کی محبت اور خدمت ہی میں پنہاں ہوا کرتے ہیں۔

## میں نے ایک مرتبہ 5 کلو جھینگے صاف کئے تھے اس کے بعد ہاتھوں میں عجیب سی ہیک بس گئی تھی جو کہ بہت دیر میں دور ہوئی تھی۔ اب دوبارہ یہ کام کرنے کا سوچ بھی نہیں سکتی۔ امید ہے کہ آپ اس مسئلہ کو ضرور حل کریں گی؟

**فرزانہ خان... لاہور**

اس سلسلے میں ہمیشہ خیال رکھئے کہ تازہ جھینگے خریدیں اور انہیں صاف کرنے سے پہلے چند مرتبہ صاف پانی میں دھو لیں۔ اب اپنے ہاتھوں پر تھوڑا سا کوکنگ آئل ملیں اور اس کے بعد جھینگے صاف کریں۔ اس کام سے فارغ ہونے کے بعد ہاتھوں کو ٹوتھ پیسٹ سے مل کر اچھی طرح دھوئیں۔ خشک کریں اور کولڈ کریم لگائیں۔ اس ترکیب پر عمل کیجئے اور جب چاہیں جھینگے صاف کریں، پکائیں اور ان میں موجود غذائیت سے فائدہ حاصل کریں۔


### Tip of the Month Contest کے نتائج

**ونرز ٹپ**

اس کونٹیسٹ میں پہلی پوزیشن شائلہ سجاد (کوئٹہ) نے حاصل کی

چاول اُبالتے وقت پانی میں تھوڑا سا سرکہ شامل کر دیا جائے

تو چاول خوش رنگ اور کھلے کھلے رہتے ہیں

اس ماہ کے کونٹیسٹ میں نسیم فاطمہ، سکھر اور بشریٰ فاروق، ساہیوال رنر اپ قرار پائیں۔

آپ بھی اپنی آزمودہ ٹپ پی او بکس 3660 کراچی پر ارسال کیجئے۔ منتخب ٹپ آپ کے نام کے ساتھ شائع کی جائے گی اور آپ جیت سکیں گی ایک خوبصورت تحفہ

Dalda ADVISORY SERVICE

Helpline: 0800-32532

Mailing Adress : P.O. Box 3660, Karachi,Pakistan

Email Address: dalda.advisory@daldafoods.com

Webside : www.daldafoods.com




WWW.PAKSOCIETY.COM

READING Section

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more



ڈالڈا کا دسترخوان



# اونچی پرواز اور بلند منزلیں

## ماڈل ثنا سرفراز کا خواب ہیں

درخشاں فاروقی

اب پاکستان میں بھی فیشن ماڈل بننا آسان نہیں۔ یہ بھی ایک ایسا شعبہ زندگی جس میں صرف میرٹ ہی کامیابی کا ضامن ہوسکتا ہے۔ راتوں رات کی شہرت یا مختصر راستے سے کامیابی کا سفر اب خیالی باتیں ہوگئی ہیں۔ ثنا سرفراز بھی ایسی ہی محنتی ماڈل ہیں جو 15 برس کی عمر سے ماڈلنگ کررہی ہیں اور سخت محنت کے بعد انہوں نے یہ مقام حاصل کیا۔ ان دنوں وہ کئی برانڈز کی ایمبیسڈر بھی ہیں۔ ایک کے بعد ایک فیشن شو میں شو اسٹاپر کا اعزاز ان کے ساتھ وابستہ ہے۔ فی الحال انہیں اداکاری یا گلوکاری کے ہنر آزمانے کی ضرورت پیش نہیں آسکتی۔

ثنا سرفراز نے اپنے کیریئر میں اب تک دو ڈرامہ سیریلز ''زندگی گلزار ہے'' اور ''بے زبان'' میں اداکاری کی۔ یہ کردار بھی ثانوی نوعیت کے تھے یعنی یہاں ان کی عمر، تجربے اور اداکاری کے معیار سے ابتدائی درجے کا حوالہ کہا جاسکتا ہے۔ ثنا کا خواب سپر ماڈل بننا ہے۔ ان کے ساتھ ہونے والی مختصری گفتگو آپ بھی پڑھیے...

### ''ماڈلنگ کی دنیا کو کتنا حیرت انگیز اور دلکش پایا؟''

''بظاہر ستاروں کی سی چمک رکھنے والی یہ دنیا محنت، جدوجہد اور کٹھنائیوں سے بھری ہوئی ہے۔ لوگ سمجھتے ہیں کہ یہ خوبصورت چہرہ اور متناسب جسم ماڈلنگ کے لئے موزوں ہوسکتا ہے۔ میں نے اب تک ریمپ پر کیٹ واک کی ہے اور یہ کام جتنا دیکھنے میں آسان لگتا ہے اتنا ہے نہیں۔ ماڈلنگ کو کیریئر بنانا



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more





آسان نہیں تھا۔ پیشہ ورانہ مہارت ایک دن میں نہیں آتی نہ ہی پاکستانی لڑکیاں کسی انسٹی ٹیوٹ سے باقاعدہ یہ فن سیکھ کر آتی ہیں"۔

## "آپ کیسے اس شعبے کی جانب آئیں؟"

"میں اپنی کزن کے لئے شادی کا جوڑا خریدنے نکلی تھی۔ شایان ملک کے بوتیک پر جاکے ابھی ونڈو شاپنگ ہی کر رہی تھی کہ شایان نے اندر سے کسی کو باہر بھیج کے مجھے بلایا۔ میں سمجھی کہ شاید انہیں میرا بوتیک میں جھانکنا اچھا نہیں لگا اور اب وہ باز پرس کریں گی۔ انہوں نے اس کے برخلاف میرا نام پوچھا، تعلیمی قابلیت اور بوتیک آنے کی وجہ پوچھی، یوں کزن کے لئے جوڑا خریدتے خریدتے میں شایان کے برائیڈل ڈریسز کی ماڈل بن گئی۔ اس وقت ان کا برائیڈل شو منعقد ہونے جا رہا تھا۔ انہیں نئی ماڈلز درکار تھیں۔ اکثر لڑکیوں کو ماڈل بننے کا بچپن سے شوق ہوتا ہے۔ میرے ساتھ ایسا کچھ بھی نہیں ہوا۔ اس فیشن شو کے بعد میں اپنی تعلیمی مصروفیات میں محو ہوگئی اور کچھ عرصے کے لئے کتابوں کی دنیا میں کھوگئی"۔

## "پڑھائی کا تعلق فنون لطیفہ سے تھا یا کسی اور شعبے سے؟"

"میں نے میڈیا سائنسز میں بیچلرز مکمل کیا اور ایڈورٹائزنگ کو اپنا خاص مضمون چنا۔ 2012ء میں ایک بار پھر مکمل اور پروفیشنل ماڈل کا روپ دھار کر انڈسٹری میں واپس آئی۔ اب مجھے اس شعبے سے والہانہ چاہت محسوس ہوتی ہے"۔

## "اس پوزیشن پر پہنچتے پہنچتے رکاوٹوں کا سامنا بھی کرنا پڑا ہوگا، کیا ہمیں بتانا چاہیں گی؟"

"کیوں نہیں! میرے بعد آنے والی لڑکیوں کو پتا چلنا چاہئے کہ رنگ و روشنیوں کی اس دنیا میں رکاوٹیں پیدا کرنے والی ایک مافیا موجود ہے۔ پیشہ ورانہ حسد اور تقابلی جائزے تو اپنی جگہ۔ اور کہاں کس شعبے میں نہیں ہوتے۔ آپ کو میانہ روی اور احتیاط سے دوستیاں کرنی ہوتی ہیں کیونکہ یہاں کوئی کسی کا دوست کم کم ہی ہوتا ہے۔ اگر آپ لابی سسٹم کو دیکھیں تو یہ بھی تکلیف دہ بات ہے۔ کسی کے پاس جا کر کام مانگنا مجھے اچھا نہیں لگتا۔ نہ ہی میں کسی لابی کا حصہ ہی بنی ہوں۔ نہ ہی کاسٹنگ کوچ سے رابطے میں رہتی ہوں کہ وہ مجھے کام دلائے۔ پہلے سے موجود لوگ آپ کی حوصلہ افزائی نہیں کرتے۔ اگر آپ سچ بولنے کی عادی ہوں تو زیادہ مشکلات میں رہتی ہیں۔ ہمارا مصالحت آمیز رویہ ہر کسی کی سمجھ میں نہیں آتا۔ میں پروفیشنل اپروچ کے ساتھ آگے بڑھنا پسند کرتی ہوں"۔

## "ماڈلنگ میں معاوضے کی کشش تو بہرحال موجود ہے پھر بھی آپ اسے کس نظر سے دیکھتی ہیں؟"

"میں اس شعبے میں اپنی موجودگی کو تفریح، شہرت اور آمدنی بڑھانے کے ہدف سے علیحدہ نہیں کرسکتی۔ یہی سچ ہے کہ پیسہ کمانا اور اچھی زندگی گزارنا میرا بھی خواب ہوسکتا ہے"۔

> بظاہر ستاروں کی سی چمک
> رکھنے والی یہ دنیا محنت،
> جدوجہد اور کٹھنائیوں سے
> بھری ہوئی ہے

## "آج کل بھی آپ کچھ پڑھ رہی ہیں وہ کیا مضامین ہیں؟"

"میں کراچی کی ایک نجی یونیورسٹی سے میڈیا سائنسز میں ہی ماسٹرز کر رہی ہوں اور مستقبل میں اپنا بزنس کروں گی"۔

## "اگلے پانچ سالہ منصوبے میں گھر بسانا بھی یقیناً شامل ہوگا یا ہنوز دلی دور است؟"

"ہنوز دلی دور است ہی درست جواب ہے۔ میں چاہتی ہوں کہ پہلے مکمل بزنس ویمن بنوں اور ماڈلنگ اور ایکٹنگ کو جزوقتی کام کی طرح اہمیت دوں، اس پر انحصار نہ کروں"۔

## "آپ کا بچپن کہاں اور کیسا گزرا؟"

"میں متحدہ عرب امارات میں پیدا ہوئی۔ پھر ہماری فیملی کراچی منتقل ہوگئی تو اب باہر گھومنے پھرنے تو جانا ہوتا ہے مگر اصل بسیرا اپنا کراچی ہی میں ہے"۔

## "پسندیدہ اداکارہ یا ماڈل؟"

"پاکستانی ماڈل سبل چوہدری اور انٹرنیشنل ماڈل سنڈی کرافورڈ مجھے پسند ہیں"۔

## "پیسہ کیسے، کن مشاغل پر خرچ کرتی ہیں؟"

"ریسٹورنٹس میں کھانا، اچھے کپڑے اور بہترین جوتے خرید کر پیسہ برابر کرنے کا فن تو کوئی مجھ سے سیکھے"۔

## "فارغ وقت میں کیا کرتی ہیں؟"

"نیند پوری کرتی ہوں اور دن کا بڑا حصہ سو کر گزارتی ہوں۔ جاگ جاؤں تو کتابیں پڑھنے، سیر و سیاحت کرنے کے ساتھ اور موسیقی سنتی ہوں۔ بہرحال اونچی پرواز اور بلند منزلیں میرا خواب ہیں جس کی تعبیر پانے کے لئے مجھے کوئی جلدی نہیں"۔



WWW.PAKSOCIETY.COM

READING Section

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more



ڈالڈا
کا دسترخوان



# چلیئے دبئی

## یہ شہر بے مثال اور عجوبوں کا نگر ہے

**اگر ہم دبئی کو خوابوں کی سرزمین کہیں تو غلط نہیں ہوگا کیونکہ یہاں بے شمار لوگوں کو ان کے خوابوں کی تعبیر ملی۔ یہ Land of opportunities بھی ہے اور اگر اسے "صحرا کے پھول" کہیں تو بھی غلط نہیں ہوگا۔ چند دہائیوں پہلے کسی کے گمان میں بھی نہیں تھا کہ اس کے سمندر اور ریگستان کے سنگم سے جدید ترین کاسموپولیٹن شہر وجود میں آئے گا۔**

متحدہ عرب امارات کے نائب صدر اور دبئی کا حکمران بننے سے قبل شیخ محمد بن راشد المکتوم متحدہ عرب امارات کے وزیر دفاع بھی رہے ہیں۔ انہوں نے اسکاٹ لینڈ میں تعلیم حاصل کی اور برطانیہ کی مونس ملٹری اکیڈمی سے گریجویشن کیا جو اب رائل ملٹری اکیڈمی کہلاتی ہے۔ بہت سے ملکوں کے دفاعی معاملات کو خاصے قریب سے دیکھنے پر وہ اس نتیجے پر پہنچے کہ جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں۔ اسلام میں سب سے پہلے السلام علیکم کہنے کا حکم ہے جس کا مطلب ہے "تم پر سلامتی ہو"۔ دبئی کے حکمران اس حقیقت کو سمجھ چکے ہیں کہ کوئی قوم صرف بہت بڑی اور مضبوط فوج یا اسلحے کے ڈھیر کی وجہ سے عظیم نہیں بن سکتی۔ اس کے لئے مضبوط معیشت سب سے اہم ہے۔ اس کامیاب حکمراں نے دبئی کو ہر شعبے میں ایک مثالی ملک بنانے کے لئے انقلابی اقدامات کئے۔ اصلاحات نے سرکاری محکموں کو درجہ کمال پر پہنچا دیا۔ اگر آپ کو یاد ہو تو Quality اور Excellence Program

Appreciation جیسے منصوبوں نے شاندار قائدانہ افراد کی حوصلہ افزائی کے لئے بڑے بڑے انعامات اور ایوارڈز رکھے جس کے ساتھ ساتھ عرب صحافت کا فروغ بھی ہوا۔ جس قوم پر خدا کی یہ عنایت ہو جائے کہ اسے مخلص قیادت نصیب ہو جائے جو اپنے علم و دانش سے جدت پسندانہ اقدامات اور منصوبوں کے ذریعے ملکی معیشت کو کہیں سے کہیں لے جاتے ہیں۔

### دبئی دنیا کا 22واں مہنگا شہر

گرانی کی سلسلے میں یہ برطانیہ سے بھی دو ہاتھ آگے ہی چلا گیا ہے۔ ظاہر ہے کہ دبئی کی بے نظیر ترقی کا سہرا اس کے بیدار مغز حکمرانوں کے سر ہے۔ جنہوں نے بہت پہلے ہی یہ محسوس کر لیا تھا کہ تیل کی بدولت زیادہ عرصے تک اس خطے کی خوشحالی کی ضامن نہیں رہے گی چنانچہ انہوں نے معیشت کا دھارا آزادانہ تجارت کی طرف موڑ دیا۔

2015ء میں اب تک ڈیڑھ کروڑ سے زائد سیاح دبئی کا رخ کر چکے ہیں۔



### پام آئی لینڈز

سیاحوں کی دلچسپی کی ایک اہم جگہ یہ مصنوعی جزیرے ہیں یعنی یہ ہر اعتبار سے ایک ایسا ملک ہے جہاں قدرتی ذخائر اور قدیم عمارات کو محفوظ کیا گیا ہے۔



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more





## برج العرب

اس پرشکوہ عمارت کو سورج کی سنہری کرنوں سے نہاتے دیکھیں یا چاند کی نقرئی کرنوں کے عقب سے طبیعت خوش ہو جاتی ہے۔ ایسی فقید المثال فن تعمیر کو دیکھنے جوق در جوق غیر ملکی سیاح آتے ہیں تاہم اس کا معاوضہ اچھا خاصا ہے۔



## Falcon City of Wonders

یہاں ہندوستانی اور پاکستانی ہی نہیں متعدد غیر ملکی سیاح بھی تاج عریبیا کمپلیکس دیکھنے آتے ہیں اور کیوں نہ ہو، بھارت کے شہر آگرہ جانا تو شائد آسانی سے ممکن نہ ہو، کہتے ہیں کہ اس کی تعمیر پر ایک ارب ڈالر کی لاگت آئی ہے۔

## دبئی کا اہرام مصر اور پیرس کا ایفل ٹاور

یوں تو گریٹ دبئی وہیل سے پورے شہر کا نظارہ کیا جا سکے گا لیکن فالکن سٹی میں تاج محل کے علاوہ مصر کا اہرام مصر اور پیرس کا ایفل ٹاور بھی ایک ہی شاہراہ پر چند قدم کے فاصلے پر نظر آتے ہیں۔ پورے دبئی میں ایئر کنڈیشنڈ ٹیکسیوں اور ٹرینوں کا جال بچھا ہے۔ پولیس مقامی اور غیر مقامی کسی بھی شخص کو خلاف قانون کام کرتے ہوئے جرمانہ عائد کر سکتی ہے۔ یہاں زبان اور ابلاغ کا قطعی کوئی مسئلہ نہیں۔ زبان کے لحاظ سے دبئی تو دوسرا کراچی ہے۔ آپ مقامی لوگوں سے انگریزی میں کچھ پوچھیں تو وہ آپ کے لباس کو دیکھتے ہی اردو میں جواب دیتے ہیں۔

## دبئی لینڈ

اس کے 6 زونز ہیں ان میں Warner's Brothers Lego Land Dubai میں مختلف تھیم پارکس ہیں مثلاً ٹائیگر ووڈز دبئی لینڈ، ایوی ایشن ورلڈ، یونیورسل اسٹوڈیوز، اسلامک کلچر لینڈ، سائنس ورلڈ، صحارا کنگڈم دیکھنے سے تعلق رکھنے والی جگہیں ہیں۔



آج کا دبئی جدید اور خوبصورت ملک ہے اور یہاں مشرق و مغرب کا سنگم ہوتا ہے، آپ کو ایک جگہ اسلامی روایات اور ثقافت کی جھلک نظر آئے گی تو چند قدم کے فاصلے پر یورپین کلچر مدغم ہوتا نظر آئے گا۔ دنیا کے نادر مقامات کو ایک سرزمین پر اکٹھے کر لینا اور تفریحی مراکز کا مجموعہ یا گلدستہ تیار کر لینا ہرگز آسان نہیں تھا۔ تاہم عوام اور سیاحوں کے لئے یہ محفوظ معاشرہ ہے۔ آپ ہر جگہ قانون کی پاسداری ہوتے دیکھیں گے۔



## دنیا کی بلند ترین عمارت برج خلیفہ

دبئی کی بے مثال ترقی کی علامت کے طور پر جانے والی عمارتوں میں برج خلیفہ اب تک دنیا کی بلند ترین عمارت ہے۔ اسے خلیفہ ٹاور بھی کہتے ہیں اور افتتاح سے پہلے اس کا نام برج دبئی رکھا گیا تھا۔ اس کی تعمیر 6 جنوری 2004ء کو شروع ہوئی اور یہ یکم اکتوبر 2009ء کو مکمل ہوئی۔ تاہم اسے باقاعدہ طور پر 4 جنوری 2010ء کو کھولا گیا۔ یہ دبئی کے مرکزی کاروباری علاقے یعنی شیخ زید روڈ پر واقع ہے۔

اس کی آرکیٹیکچرل انجینئرنگ شکاگو امریکہ کی کمپنی Skidmore Owings And Merrill نے کی۔ اس کی تعمیر کا مقصد دبئی اور اس کے مرکزی کاروباری علاقے کی بین الاقوامی شہرت میں اضافہ کرنا، سیاحت کو فروغ دینا اور دنیا بھر کی توجہ دبئی کی جانب مبذول کرانا بھی شامل تھا۔ ابوظہبی کے حکمران اور متحدہ عرب امارات کے صدر خلیفہ بن زید النہیان کے نام پر اس کا نام برج خلیفہ رکھا گیا۔ اس کی اونچائی 829.8 میٹر ہے اور اس میں 163 منزلیں ہیں۔ اس سے پہلے دنیا میں سب سے زیادہ فلورز ورلڈ ٹریڈ سینٹر میں تھے جن کی تعداد 110 تھی۔ یہ دنیا کی واحد ایسی بلند ترین عمارت ہے جس میں 77 ویں فلور سے 108 ویں فلور تک رہائشی اپارٹمنٹس بھی موجود ہیں۔

دنیا کی بلند ترین منزل پر یعنی 144 ویں فلور پر نائٹ کلب اور 122 ویں فلور پر ریسٹورنٹ بھی ہے۔ نئے سال کی آمد پر دنیا میں جہاں جہاں بھی آتش بازی کا مظاہرہ ہوتا ہے اس کے اعتبار سے یہ دنیا کا بلند ترین مقام ہے۔

برج کے اردگرد 27 ایکڑ کا پارک ہے جسے دنیا کے متعدد ایوارڈ مل چکے ہیں۔



WWW.PAKSOCIETY.COM

READING Section

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more





# قسمت والی

امرتا پریتم/حمزہ حسن شیخ

بہت ہی پیاری تندوری روٹی تھی اور وہ بھی سبزی کی تری سے چھوئی ہوئی لیکن پھر بھی منہ سے نہیں لگائی جاتی تھی۔

''اتنی مرچیں... میں اور میرے دونوں بچے سی سی کر اٹھے''۔

''یہاں بی بی دیہاتوں کا راستہ بہت ہے''۔

کوشلیا ندی دیکھنے کا خبط مجھے اس دن ہوا جب چندی گڑھ سے گھومتے ہوئے وہ گاؤں لے گیا تھا۔

تندور اچھی طرح لیپ کیا ہوا اور اندر سے کھلا تھا اور اندر کی جانب ایک طرف چھ سات خالی بوریاں تان کے پردہ بنایا گیا تھا اور اس کے پیچھے ٹوٹی ہوئی چارپائیوں کے پائے نظر آتے تھے کہ تندور والے کے بچے وہاں پر رہتے تھے۔ میں نے سوچا کہ یہاں کوئی ایسا بھی خطرہ نہیں، یہاں پر رہائش بھی اچھی ہے اور وہ بھی باعزت۔

کسی عورت کے ہاتھ نے ٹاٹ کا کونہ اٹھایا، باہر کی طرف جھانکا، ایک بار پھر جھانکا اور پھر باہر نکل کر میرے پاس ٹھہر گئی۔

''بی بی آپ نے مجھے پہچانا نہیں''۔

''نہیں تو''۔

وہ ایک سادہ سی اور جوان سی لڑکی تھی۔ میں اس کے منہ کو تکتی رہی مگر بات بھی دماغ میں نہ آئی۔

''میں نے آپ کو پہچان لیا ہے بی بی''۔

''پچھلے سال یا اس سے پچھلے سال تو یہاں پہ آئی تھی''۔

''ہاں جی آئی تھی''۔

''سامنے میدان میں ایک برات ٹھہری تھی''۔

''ہاں۔ یہ تو مجھے بھی یاد ہے''۔

''وہاں پر تم نے مجھے ڈولی میں ایک روپیہ دیا تھا''۔

بات یاد آ گئی۔ دو سال ہوئے میں چندی گڑھ گئی تھی۔ وہاں پر نیا ریڈیو کھلا تھا اور مجھے اپنے دہلی کے دفتر والوں نے وہاں پر ایک نظم پڑھنے کے لئے بھیجا تھا۔ موہن سنگھ اور ہندی کے کچھ شاعر جالندھر اسٹیشن سے آئے تھے۔ مشاعرہ جلد ختم ہو گیا تھا اور ہم تین چار لکھاری کوشلیا ندی دیکھنے کے لئے چندی گڑھ سے اس گاؤں آ گئے تھے۔

ندی کوئی میل ڈیڑھ کی اترائی میں تھی اور واپسی پر چڑھائی چڑھتے ہوئے ہم ایک گرم چائے کے پیالے کے لئے ترس گئے تھے۔ سب سے صاف ستھری اور کھلی دکان یہی تھی۔ یہاں پر ہم نے چائے کا ایک ایک گرم پیالہ پیا تھا۔ اس دن اس دکان پر گوشت اور تندوری روٹیوں کے ساتھ ساتھ مٹھائی کا بھی خاصا رش تھا۔ تندور والا کہہ رہا تھا'' آج یہاں سے ایک برات کا گزر ہوا ہے اس لئے میری اچھی خاصی روزی ہو گئی''۔

پھر سامنے میدان میں ایک برات ٹھہر گئی جو پچھلے کسی گاؤں سے آئی تھی۔ اسے آگے جانا تھا مگر راستے میں اسے ماموں نے شاید دعوت دی تھی۔

''شادی بھی عجیب چیز ہے۔ آتی کس رنگ میں ہے اور جاتی...''۔ ہم میں سے کسی نے کہا تھا اور چائے کے گھونٹوں کے ساتھ رنگ کی فلاسفی بھی گرم ہو گئی تھی۔

''ٹھہرو میں نئی دلہن کا منہ دیکھ آؤں... بھلا اس کے منہ پر آج کیا رنگ ہے...'' مجھے یاد ہے میں نے کہا تھا اور میرے ساتھیوں نے مجھے جواب دیا تھا ''ہمیں تو کسی نے ڈولی کے قریب نہیں جانے دینا۔ آپ دیکھ آئیں۔ مگر خالی ہاتھ مت دیکھنا''۔

میں ہنستی ہنستی ڈولی کے پاس چلی گئی تھی۔ ڈولی کا پردہ ایک طرف اٹھا ہوا تھا۔ میں نے پاس بیٹھی نائن سے پوچھا تھا'' میں دلہن کا منہ دیکھ لوں''۔

''بی بی صدقے جاؤں... دیکھ لیں۔ ہماری دلہن دیکھنے سے میلی تھوڑی ہوتی ہے''۔ اور سچ مچ دلہن کا سنگھار، نتھ، بجے مسکراتے چہرے کے ساتھ موتی کی طرح چمک رہا تھا۔ اس کا رنگ تروتازہ تھا۔

میں نے ایک روپیہ اس کی مٹھی پر رکھ دیا اور جب مڑی تو میرے ساتھی کہنے لگے'' کچھ دیر پہلے جب تم نے نظم پڑھی تھی تو کالج کی لڑکیاں ایک روپے کے نوٹ پر تم سے آٹوگراف لے رہی تھیں۔ لیکن اس بیچاری کو تو معلوم ہی نہیں کہ یہ روپیہ اس کو کس نے دیا ہے۔ اگر یہ بھی جانتی تو دستخط کروا لیتی''۔

یہ تو پچھلے سال کی ہی بات ہے اور پھر مجھے سب کچھ یاد آ گیا۔

''تم... وہ ڈولی والی دلہن؟''

''ہاں بی بی''۔

معلوم نہیں کن حادثوں نے اتنے کم عرصہ میں اسے دلہن سے ایسا بنا دیا تھا۔ حادثے کے اثرات اس کے چہرے پر واضح تھے۔ لیکن مجھے کچھ سجھائی نہیں دے رہا تھا کہ میں اس سے کس طرح پوچھوں۔

''بی بی، میں نے آپ کی تصویر اخبار میں دیکھی تھی۔ ایک بار نہیں بلکہ دو بار۔ یہاں پر کئی لوگ آتے ہیں جن کے پاس اخبار ہوتی ہے۔ کچھ اس پر روٹی کھاتے ہیں اور اخبار یہیں چھوڑ جاتے ہیں''۔

''سچی تم نے مجھے پہچان لیا تھا''۔

''ہاں میں نے فوراً پہچان لیا تھا۔ مگر بی بی وہ آپ کی تصویر کیوں چھاپتے ہیں؟''

میں جلدی جلدی جواب نہ دے سکی۔ اس طرح کا سوال پہلے بھی کسی نے نہیں کیا تھا۔ کچھ سوچ کے میں نے کہا'' میں نظمیں اور کہانیاں لکھتی



WWW.PAKSOCIETY.COM
READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more


ہوں ناں''۔

''کہانیاں؟ بھلا بی بی وہ کہانیاں سچی ہوتی ہیں کہ جھوٹی؟''

''کہانیاں تو سچی ہوتی ہیں لیکن نام سارے جھوٹے ہوتے ہیں تاکہ کوئی پہچان نہ سکے''۔

''تم میری کہانی بھی لکھ سکتی ہو بی بی؟''

''اگر تم کہو تو ضرور لکھ دوں گی''۔

''میرا نام کرماں والی ہے۔ میرا نام خیر ہے تم جھوٹا مت بھی لکھو۔ میں کوئی جھوٹ تھوڑی ہی بولتی ہوں۔ میں نے سچ بات کہنی ہے۔ لیکن میری بات کوئی نہیں سنتا۔ کوئی بھی نہیں...''

وہ میرا ہاتھ پکڑ کر مجھے ٹاٹ کے پیچھے ٹوٹی ہوئی چارپائی پر لے گئی۔

''جب دو عورتیں میرا ناپ لینے کے لئے آئیں تو ان میں سے ایک لڑکی میری نند تھی۔ بالکل میری ہم عمر۔ وہ دور نزدیک کے رشتوں میں میری نندیں لگتی تھیں۔ وہ میرا ناپ لے کر کہنے لگی ''بالکل میرا ہی ناپ ہے۔ بھابی تم فکر مت کرو جو کپڑے میں سیوں گی تمہیں پورے آئیں گے''۔

اور سچ مچ جہیز کے جتنے بھی کپڑے تھے وہ سب کے سب مجھ پر پورے اترے تھے۔ وہی نند کئی مہینے میرے پاس رہی۔ بعد میں بھی میرے جتنے کپڑے بنتے تھے وہی پہنتی تھی۔ وہ میرے ساتھ لاڈ بھی خوب کرتی تھی۔ وہ کہتی تھی ''بھابھی چاہے میں دو مہینے نہ آؤں یا کہ چھ مہینے پر تم نے کسی اور سے کپڑے نہیں سلوانے...''۔

مجھے وہ بہت اچھی لگتی تھی، صرف ایک ہی بات مجھے بری لگتی تھی وہ میرا جو بھی سوٹ لیتی تھی پہلے وہ خود پہن کے دیکھتی تھی، کہتی تھی ''تمہارا میرا ایک ہی ناپ ہے۔ دیکھوں مجھے کتنا پورا آیا ہے، تمہیں بھی پورا آئے گا''۔ وہ سارے ہی کپڑے پہننے لگی اور میرے دل میں ہر وقت یہ بات رہتی تھی۔

''کپڑے چاہے نئے ہیں مگر ہیں تو اس کا پہناواں'' رسی پر لٹکے ہوئے ٹاٹ کا پردہ تھا، بان کی ڈھیلی ڈھلی چارپائی تھی اور سامان بھی پرانا تھا۔ لڑکی نوجوان اور ان پڑھ تھی مگر اس کا خیال انتہائی نازک اور اچھوتا...''

میں حیران رہ گئی۔

''پر بی بی میں نے اپنے من کی بات اسے کبھی نہ کہی، کہیں بیچاری برا نہ مان لے''۔

''پھر مجھے کچھ عرصہ پہلے پتا چلا، کسی نے ویسے ہی بتا دیا۔ اس کا اور میرے گھر والے کا آپس میں چکر تھا۔

یہ اس کا دادے پال بھائی لگتا تھا۔ لیکن اس کے سگے بھائیوں کو اس بات پر شدید غصہ آتا تھا۔ انہوں نے ایک دفعہ اپنی بہن کو پیٹا بھی تھا۔

کسی نے مجھے یہ بھی بتایا کہ گھوڑی کی رسم کے وقت جب وہ لگام کو بل دینے لگی تو بے ہوش ہوگئی۔

ٹوٹے ہوئے سانسوں والی قسمت والی نے میرا ہاتھ پکڑ لیا ''بی بی! تم میری بات سمجھ لو۔ میں کسی کا اتارا نہیں پہن سکتی۔ میری گوٹے کناری والی شلواریں، میرے تاروں والے دوپٹے اور میرے سلما ستاروں والے کپڑے۔ سارے اس کا پہناوا تھا اور میرے کپڑوں کی طرح میرا گھر والا بھی...

**میں نے پاس بیٹھی نائن سے پوچھا تھا ''میں دلہن کا منہ دیکھ لوں''۔ ''بی بی صدقے جاؤں... دیکھ لیں۔ ہماری دلہن دیکھنے سے میلی تھوڑی ہوتی ہے''۔ اور سچ مچ دلہن کا سنگھار، نتھ، سجے مسکراتے چہرے کے ساتھ موتی کی طرح چمک رہا تھا۔ اس کا رنگ تروتازہ تھا**

قسمت والی کے بول کے آگے میری قلم رک گئی۔ کون سا لکھاری ایسا فقرہ لکھ سکتا ہے...

''اب بی بی میں وہ سارے کپڑے اتار آئی ہوں اور اپنا خاوند بھی۔ میں یہاں ماموں جمالی کے پاس آ گئی ہوں۔ ان کا گھر صاف ستھرا کرتی ہوں۔ میز دھوتی ہوں اور میں نے ایک مشین بھی رکھی ہوئی ہے۔ چار پیسے کماتی ہوں اور روٹی کھا لیتی ہوں۔

چاہے وہ کھدر کے جوڑے ہوں یا چاہے لٹھے کے، میں کسی کا پہناوا نہیں پہنتی۔ میرا ماموں میری صلح کرانا چاہتا ہے مگر وہ میری دل کی بات نہیں سمجھتا۔ میں جس طرح جی رہی ہوں اسی طرح جیوں گی۔ میں اور کچھ نہیں چاہتی تم صرف میری کہانی لکھ دو...''

قسمت والی نے جس طرح سے کہانی کو پرکھا تھا، اسے میں نے ایک بار اپنی باہنوں میں بھیجا۔

وہاں وہ قسمت والی کتنی بہادری کے ساتھ زندگی گزار رہی ہے''۔

باہر سڑک پر شملے سے آنے والی گاڑیاں گزرتی ہیں اور جس کی سواریاں ریشمی کپڑوں میں لپٹی ہوتی ہیں۔ کئی بار وہ پل پر کسی دکان پر چائے کے پیالے کے لئے ٹھہر جاتی ہیں۔ پان سگریٹ کی ڈبیا لیتی ہیں یا تندوری گرم روٹی، ان کے گلے کے ریشمی کپڑے نجانے کس کس کا پہناوا ہوتے ہیں اور قسمت والی جس کے گلے میں کھدری قمیص ہوتی ہے اور جو اپنے گاؤں کے کسی شخص کا اتارا نہیں پہن سکتی۔

''بی بی، میں نے تمہارا اور روپیہ سنبھال لیا تھا''۔

''سچ مچ ابھی تک...''

''ہاں بی بی! وہ روپیہ میں نے اس وقت اپنی نائن کو پکڑا دیا تھا۔ پھر جب میں نے اخبار میں تمہاری تصویر دیکھی تھی تو میں نے نائن سے وہ روپیہ سنبھال لیا تھا۔ بی بی، تم مجھے اس روپے پر اپنا نام و پتہ لکھ دو۔ پھر جب تم میری کہانی لکھو گی، مجھے ضرور بھیجنا۔ میں گرمکھی اچھی طرح سمجھ لیتی ہوں۔ تم گرمکھی میں لکھنا بی بی''۔

قسمت والی نے اٹھ کر چارپائی کے نیچے رکھا ہوا ٹرنک کھولا۔ اس میں ایک صندوقچی تھی۔ اس نے ایک روپے کا تہہ کیا نوٹ کھول لیا۔

''میں اپنا نام لکھ دیتی ہوں کرماں والی۔

معلوم نہیں اب تک میں نے کتنی ہی لڑکیوں کے نوٹوں پر اپنا نام لکھا ہوگا۔ لیکن آج میرا دل کرتا ہے تم میرے ایک نوٹ پر اپنا نام لکھ دو۔ کہانی لکھنے والا بڑا نہیں ہوتا۔ بڑا وہ ہوتا ہے جس نے کہانی اپنے اوپر جھیلی ہے''۔

مجھے اچھی طرح لکھنا نہیں آتا''۔

قسمت والی خاموش ہوگئی اور پھر کہنے لگی ''تم نے میرا نام کہانی میں ضرور لکھنا ہے''۔

''وہاں! میں تمہارے ہاتھ سے لکھے ہوئے نوٹ والے نام پر اپنی کہانی کا نام رکھوں گی''۔ میں نے پرس سے نوٹ اور قلم دونوں نکال لئے۔

''قسمت والی آج میں تمہاری کہانی لکھ رہی ہوں۔ اس روپے کے نوٹ پر لکھا ہوا تمہارا نام۔ آج اس کہانی کے ماتھے پر سجی ہوئی بندیا کی طرح ہے''۔

اس کہانی سے تمہارا کچھ نہیں مگر یہ بھروسہ رکھنا۔ وہ دل بھی تیری اس بندیا کو سلام کرتا ہے جنہوں نے اپنے خون دا رنگ اس تیری بندیاں کے رنگ میں رنگ دیا ہے۔ اور وہ ماتھے شرمندگی کے ساتھ اس کے آگے جھکتے ہیں جنہوں نے اپنے گلے میں نجانے کس کس کا پہناوا پہنا ہوا ہے۔


WWW.PAKSOCIETY.COM
READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more



# غزل اس نے چھیڑی

## انور شعور

نہ جانتے ہوئے بھی گزاری ہے زندگی
ہم زندگی کے ہیں نہ ہماری ہے زندگی
دریافت ہو رہے ہیں ستارے نئے نئے
شاید کسی ستارہ شماری ہے زندگی
ہم کوئی زندگی کے لئے ناگزیر ہیں؟
یہ بات بھی بہت ہے کہ جاری ہے زندگی
رکتی نہیں بڑے سے بڑے انقلاب پر
وقتی تاثرات سے عاری ہے زندگی
بہتی ہوئی ندی پہ کسے اختیار ہے
میری ہے زندگی نہ تمہاری ہے زندگی
علم و ہنر کی قدر بھی ہوتی تو ہے شعور
پیسہ نہ ہو تو ذلت و خواری ہے زندگی

## پروین شاکر

اک ہنر تھا، کمال تھا، کیا تھا
مجھ میں تیرا جمال تھا، کیا تھا
تیرے جانے پہ اب کے کچھ نہ کہا
دل میں ڈر تھا، ملال تھا، کیا تھا
برق نے مجھ کو کردیا روشن
تیرا عکس جمال تھا، کیا تھا
ہم تک آیا تو بہر لطف و کرم
تیرا وقت زوال تھا، کیا تھا
جس نے تہہ سے مجھے اچھال دیا
ڈوبنے کا خیال تھا، کیا تھا
جس پہ دل سارے عہد بھول گیا
بھولنے کا سوال تھا، کیا تھا
تتلیاں تھے ہم اور قضا کے پاس
سرخ پھولوں کا جال تھا، کیا تھا

## محبوب خزاں

جی چاہتا ہے، کس نے کہا، مت خریدیے
دولت سے حسن، حسن سے دولت خریدیے
کچھ لوگ جی رہے ہیں شرافت کو بیچ کر
تھوڑی بہت انہی سے شرافت خریدیے
پھیلا ہے کاروبار مروت، سو آپ بھی
سب کی طرح کسی کی ضرورت خریدیے
گہرائیوں کی فکر میں کیوں مبتلا ہیں آپ
کہیے غزل عوام پہ شہرت خریدیے
کہتے ہیں جس کو شعر، دعا کا مقام ہے
رسوائیاں کمایئے، عبرت خریدیے
یہ رنگ ہے حکایت خون جگر خزاں
خون جگر سے رنگ کی قیمت خریدیے

WWW.PAKSOCIETY.COM



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more


The Incredible
HEALING POWER
You Can Always Trust

ہومیو پیتھک طریقہ علاج کی مقبولیت اور منفرد مقام کی وجہ اسکی ادویات کا مریض کی جسمانی ضرورت کے مطابق اعصاب پر فوری اثر انداز ہونا اور مریض کو شفا سے ہمکنار کرنا ہے۔ ہومیو پیتھک ادویات میں موجود حیاتیاتی (Organic) اور قدرتی اجزاء مریض کے مزاج کے قریب تر ہونے کی وجہ سے دیرپا، بے ضرر اور مکمل شفایابی سے ہمکنار کرتے ہیں۔

کمال لیبارٹریز کی تیار کردہ ہومیو پیتھک سنگل ریمیڈیز، بایوکیمک ادویات اور مرکبات 48 سال سے زیادہ عرصہ کی تحقیق اور تجربہ کا نچوڑ ہیں اوران کا معیار عالمی سطح پر تسلیم کیا جاتا ہے۔

جلد صحتیابی کیلئے

Kamal
Laboratories
ISO 9001-2008 Certified




U.A.N. 92.51.111.00.1967, E-mail: kamallab@comsats.net.pk,
Web: www.kamal.pk, Kamal Laboratories


READING Section

WWW.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more



# سماجی تقریبات اور نئے تصورات کا حال احوال




## فوڈ ٹرک کمپنی لاہور جی آیاں نوں

یوں تو باقاعدہ فوڈ ٹرک کمپنی اپنے موبائل کھانوں کا افتتاح جون 2015 میں کر چکے تھے۔ مگر انہیں اندازہ نہیں تھا کہ لاہور کے پوش علاقوں میں یہ کھانا فروخت کرنے کے نئے آئیڈیے کو اتنی عوامی مقبولیت مل سکے گی۔

کراچی کے علاقے کلفٹن میں ایک بزرگ خاتون اپنی وین میں ساؤتھ انڈین کھانے پیش کیا کرتی تھیں۔ پتا نہیں وہ ان دنوں کہاں ہیں اور یہ تصور کیوں عوام الناس میں مقبول نہ ہو سکا لیکن فوڈ ٹرک کمپنی کو لاہوریوں نے ہا نہیں واکر کے جی آیاں نوں کہا ہے۔ ٹرک پر مشاق پکانے والے نہ تو برگر بنانے میں دیر کرتے ہیں اور نہ ہی مرغ چھوٹے پیش کرتے ہوئے مقدار میں ڈنڈی مارتے ہیں اور تو اور اب کمپنی فش اینڈ چپس بھی پیش کر رہی ہے اس مینیو کو بچوں اور بڑوں دونوں ہی نے بہت پسند کیا ہے اور اچھی بات یہ ہے کہ اجزا آپ کے سامنے استعمال کیے جاتے ہیں جو تازہ اور صاف ستھرے ہوتے ہیں اور آپ براہ راست پکتے ہوئے کھانوں کو دیکھ کر اطمینان بھی محسوس کرتے ہیں۔



## اور اب گلابی رکشے خواتین ہی ڈرائیور اور خواتین ہی مسافر

خواتین کے عالمی دن سے جاری کوششوں کا ثمر اب دیکھنے کو مل رہا ہے۔ لاہور کی شاہراہوں پر اسپیشل رکشے چلتے پھرتے نظر آ رہے ہیں جنہیں خواتین چلا رہی ہیں اور ان میں سوار بھی عورتیں اور بچے ہی ہیں۔ دوسروں کا دست نگر نہ رہنے، اپنی مدد آپ کرنے اور مالیاتی تحفظ کے لئے ان رکشوں کو اعلیٰ متوسط اور متوسط طبقوں میں پذیرائی مل رہی ہے۔ یہ گلابی رکشے دہرے دروازوں کے ساتھ اندر سے لاک ہو سکتے ہیں اور خواتین محتاط ڈرائیونگ کے ساتھ اپنی منزل کے لئے رواں دواں ہوتی ہیں۔ کمال کی بات یہی تو ہے کہ Environment Protection Foundation کی جانب سے ان کی بروقت سروس، پرزوں کی دیکھ بھال اور دھوئیں وغیرہ سے بچاؤ کے لئے مکمل مہارتوں کا استعمال کیا گیا ہے۔

## منشیات کو کریں رد، کریم خان آفریدی ویلفیئر فاؤنڈیشن کا سیمینار

کرسٹینا آفریدی کو پورا پاکستان نہیں جانتا مگر جتنے بھی لوگ جانتے ہیں وہ انہیں انقلابی خاتون کہتے ہیں۔ انہوں نے اپنے 19 سالہ خوبصورت اور جواں سال بیٹے کی رحلت کے بعد سماجی بہبود کا بیڑا اٹھایا ہے۔ کریم خان آفریدی ویلفیئر فاؤنڈیشن ایک غیر منفعت بخش ادارہ ہے جو نئی نسل میں منشیات کے استعمال سے بڑھنے والے مسائل کو حل کرنے کی مہم جاری رکھے ہوئے ہے۔ حال ہی میں ادارے کے زیر اہتمام منعقدہ سیمینار میں بچوں اور نوجوانوں کے ساتھ زیادتی اور منشیات کے استعمال کے خلاف آواز اٹھائی گئی۔ یہ اور ایسی دوسری سماجی تنظیموں کو بھی بڑھتے ہوئے جرائم کے سدباب کے لئے شعور ابھارنا چاہیے۔




## سارک بزنس ایسوی ایشن، خواتین دستکاروں کی حوصلہ افزائی مہم

تعلیم سے بے بہرہ مگر دستکاری کے ہنر میں لاجواب کام کرنے والی خواتین کی کمی نہیں۔ خدا نے ایسی عمدہ دستکاری کی صلاحیتیں بھی کسی کسی کو ودیعت کی ہیں۔ حال ہی میں SABAH ایک غیر منفعت بخش سماجی تنظیم جو SAARC ممالک کی خواتین کی ترقی و بہبود کے لئے ان کے فن پاروں کو مختلف ممالک کی ثقافتی تقریبات میں نمائش کرتی ہے۔ حال ہی میں پاکستانی دستکار خواتین کی بنائی ہوئی تصاویر، بلاک پرنٹس، ظروف اور زیورات پیش کیے گئے جنہیں اس موقع پر بے حد پذیرائی ملی۔ ضرورت مند اور ہنر کار خواتین کے لئے ایسی حوصلہ افزائی مہم کا جاری رہنا بہت اہمیت رکھتا ہے۔






WWW.PAKSOCIETY.COM
READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more




WWW.PAKSOCIETY.COM
READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more



# ریویوز

## Books




### The Bargain From The Bazar

مصنف: ہارون اللہ
صفحات: 256

ہارون۔کے۔اللہ پاکستانی نژاد امریکن اسکالر ہیں۔آپ گذشتہ کئی برس سے جنوبی ایشیا اور مشرق وسطٰی کی بدلتی ہوئی سیاسی وسماجی صورتحال پر تحقیق کررہے ہیں۔یہ تصنیف بھی ان کے گذشتہ آٹھ برسوں کے مطالعے،مشاہدے اور تجزیوں پر مشتمل ہے۔جن میں انہوں نے سیاسی تغیرات اور بین الاقوامی تبدیلیوں کو موضوع بنایا ہے۔اس دوران مطالعہ جہاں جہاں پاکستان کا تذکرہ ہوتا ہے ہارون زیریں اور متوسط طبقے کے معاشرتی مسائل اور شدت پسندی کے رجحانوں پر قارئین کو پاکستان کی اصل تصویر دکھا رہے ہیں۔انتہا پسندوں کی شرانگیز حرکات سے ملک کی تباہ ہونے والی معیشت کے بارے میں جتنی ہمدردی اور عرق ریزی سے لکھا گیا ہے وہ قابل ستائش ہے۔ہارون نے شہروں میں موجود جہادی کیمپوں کے پس منظر میں طبقاتی منافرت اور انتشار کا سبب قرار دیا۔شہروں میں بڑھتی ہوئی آبادی،مافیا گروہوں کا پھیلاؤ اور شہری انتظامیہ کی آبادی سے متعلق لاعلمی انارکی کا سبب بن رہی ہے۔ان سیاسی تجزیوں کو 47 سے ہجرت کرکے پاکستان آنے والوں کی کثیر تعداد جن مسائل سے دوچار ہے اس کا نقشہ بھی بخوبی کھینچا گیا ہے۔ایک ہی خاندان میں قانون دان اور جہادی ساتھ رہنے والوں کی یہ کہانی بڑی دلچسپ ہے۔انگریزی زبان میں لکھی جانے والی اس اچھی کتاب کو یقیناً آپ کی شیلف میں ہونا چاہئے۔




### یہ میرا دیوانہ پن ہے

کاسٹ: صائمہ،جاوید شیخ،جنید خان،ارسا غزل،انیتا کیفر
تحریر: زنجبیل عاصم شاہ
ڈائریکٹر: شہزاد رفیق
پروڈیوسر: سعدیہ جبار

ڈرامہ سیریل یہ میرا دیوانہ پن ہے،ایک بہت خوبصورت اور دلچسپ رومانوی کہانی ہے جس میں ایک نوجوان لڑکے کو اپنی دگنی عمر کی عورت سے عشق ہوجاتا ہے۔آپ سب اب یہ سوچ رہے ہوں گے کہ یہ کیسا ڈرامہ ہے؟ تو جناب عشق کی کوئی عمر ہوتی ہے اور نہ ہی کوئی حد! محبت اور عشق ایک جنون ہے جو سوچ سمجھ کر نہیں کیا جاتا،یہ سب ہوجاتا ہے جیسے مجنوں کو لیلیٰ سے اور ہیر کو رانجھا سے ہوا تھا اور ٹھیک اسی طرح اس کہانی میں جہانگیر کو مہتاب اچھی لگتی ہے اور وہ بھی دیوانگی کی حد تک۔لیکن اس دیوانگی کو جہانگیر کے ماں باپ کسی صورت قبول نہیں کرتے اور اس کی سخت مخالفت کرتے ہیں۔اس طرح کی دیگر معاشرتی رکاوٹیں بھی اس کہانی میں واضح طور پر بیان کی گئی ہیں۔دیکھئے کیا ہوگا جہانگیر کے دیوانے پن کا،ہر ہفتہ اور اتوار رات 8 بجے صرف A-Plus پر۔

## Movies




### ماہ میر

کاسٹ: ایمان علی،فہد مصطفیٰ،صنم سعید،غناں کنول،علی خان
ڈائریکٹر: انجم شہزاد

جن جن ناظرین نے اس فلم کا پرومو دیکھا ہے وہ انگلیوں پر دن گن رہے ہیں کہ یہ فلم آخر کب ریلیز ہوگی۔پاکستان میں تخلیقی سوچ رکھنے والے ہنرکار اور فنکاروں نے کمرشل فلمیں بنانے کا بیڑا اٹھالیا ہے۔چند برس سے دو سے چار پانچ فلمیں ڈھنگ کی بنی ہیں اور توقع ہوچلی ہے کہ آئندہ مین اسٹریم سینما اور سرمایہ کار دونوں ہی فلم بینوں کے تقاضوں کو سمجھنے میں کامیاب رہیں گے۔
سرمد نے سینما کو میڈیا کی طرح سمجھا اور اس میڈیم کے اسرار ورموز سے اپنے فلم بینوں کو متعارف کرادیا ہے۔اس فلم کے ڈائیلاگ،کرداروں کی اٹھان اور موسیقی کے استعمال کو فارمولا نہیں کہا جاسکتا۔خاص کر سینماٹوگرافی کمال کی ہے یقیناً جب آپ ادب،آرٹ اور فلم کے کرداروں کی شخصیتوں کو سمجھیں گے تو ہدایت کار انجم شہزاد سے قلبی لگاؤ بھی محسوس کریں گے۔دراصل یہی تو ہے وہ کامیابی کا راز کہ کہانی،فارم،رفتار اور فلمسازی کا آرٹ بیک وقت کئی فلم بینوں سے گہرا تعلق ثابت کردے۔اگر اس پاکستانی فلم کو دیکھ کر آپ کو ستیہ جیت رے اور شیام بینگل یاد آجائیں تو مان لیجئے کہ سرمد بھی ذہنی طور پر اسی مکتبہ فکر سے تعلق رکھتے ہیں؟ فلم کے پردے پر انسان کی حسیت کو فلم کے میڈیم سے ظاہر کرتے ہیں۔



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more



# ریویوز




## کراچی راج (ناول)

ناول نگار: انیس شیوانی
صفحات: 412

یہ کراچی کی شہری زندگی کی تصویری کہانی ہے اس سے قبل Rohinton Mistry کا ایک ناول کراچی کی پسماندہ بستیوں کے منظر ناموں سے متعلق تھا۔ انیس شیوانی نے متوسط طبقے کی صبحوں، شاموں اور راتوں کا حوالہ دے کر عام آدمی کی ذہنی و سماجی حالتوں کی نشاندہی کی ہے۔ انیس کا انداز تحریر پر تاثر، جامع اور خوبصورت ہے۔ وہ مختلف جگہوں پر حس مزاح کا خوش کن تجربہ بھی کرتے ہیں۔ زندگی کے خوبصورت رنگوں میں انسان کو پہچاننے کی کوشش کرنا اور اپنی شناخت قائم کرنا آسان نہیں خاص کر بڑے صنعتی شہر میں جہاں روزانہ کی بنیاد پر معاشی بقا ایک مشکل سوال کی طرح غالب رہتا ہے۔ بہر حال اسی شہر میں اہل فن، علم و ادب، تجارت، معیشت، سیاست کے شعبوں میں کئی ہستیاں عروج پا چکی ہیں۔ ناول کا اسلوب نہایت عمدہ ہے۔ واقعی یہ ناول پڑھنے سے تعلق رکھتا ہے۔

Drama

## تمہارے سوا




کاسٹ: احسن خان، عائشہ خان، منشا پاشا
پیشکش: مومل شنید

معروف شاعر اور میزبان وصی شاہ کی تحریر "تمہارے سوا" یقیناً نوجوانوں میں پسند کی جائے گی۔ مومل انٹرٹینمنٹ کے زیر اہتمام اسے کاشف نثار نے تیار کیا ہے۔ یہ کہانی دو ہمرازوں کی جذباتی اور ذاتی زندگی سے متعلق ہے۔ یہ جوڑے زندگی کے پیچ و خم سے گزرتے ہیں۔ ایسے ہی ایک عام سے دن میں ایک جوڑے کو خاص خبر ملتی ہے اور وہ یہ کہ ایک ساتھی کو مہلک مرض نے آن گھیرا ہے۔ کبھی ہمت تو کبھی افسردگی یہ تمام کردار زندگی سے مقابلہ کرتے ہیں کیونکہ یہ جانتے ہیں کہ اگر مقابلہ نہ کیا تو زندگی انہیں اپنا شکار بنا لے گی۔ وصی شاہ کی شاعری تو نوجوانوں میں بے حد پسند کی جاتی ہے۔ ان کے ڈرامہ سیریلز میں بھی ایسی ہی جاذبیت ہے یا نہیں یہ دیکھنے کے لئے ہم ٹی وی کا یہ سیریل ضرور دیکھنا چاہئے۔




## Victor Frakenstein

کاسٹ: جیمز میکووے، ڈینئل ریڈکلف
ڈائریکٹر: پال میک گائیگان

ہالی وڈ کے صف اول کی اداکار جیمز میکووے اور ڈینئل ریڈکلف کے ڈرامے اور سنسنی خیز واقعات سے بھرپور اس نئی ہارر فلم وکٹر فرینکنسٹائن کا پہلا ٹریلر دیکھنے سے اندازہ ہوا ہے کہ پال میک گائیگان نے اسکرپٹ سے لے کر ایڈیٹنگ تک ہر مرحلے پر محنت کی ہے۔ یہ کہانی وکٹر فرینکنسٹائن اور آئیگو اسٹراس مین نامی دو ایسے سائنسدانوں کے گرد گھوم رہی ہے جو مردہ جسم پر تجربے کرتے ہیں اور اسے از سر نو زندہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ انسان کتنا ہی بڑا سائنسدان ہو قدرت کے پوشیدہ راز نہیں سمجھ سکتا۔ یہ دونوں بھی چند مشکلات کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اب انہیں اس مشکل سے کون نکالے گا۔ کیا ان کے اردگرد موجود لوگوں کی جان بھی خطرے میں پڑ جائے گی؟ خوفناک اور ڈرامے سے بھرپور مناظر پر مبنی 20th سنچری فاکس کے تحت ریلیز ہونے والی یہ فلم یقیناً دیکھنے والوں کو بھائے گی۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY